اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرتے ہیں، وہی لوگ ہیں جن پر اللہ رحم کرے گا، بیشک اللہ غالب

حَكِيْمٌ ۝٧١ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

حَكِيْمٌ	وَعَدَ	اللّٰهُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
حکمت والا	وعدہ دیا	اللہ	مومن مرد (جمع)	اور مومن عورتیں	جنتیں	جاری ہیں	ان کے نیچے	نہریں

حکمت والا ہے۔ اللہ نے مومن مردوں اور مومن عورتوں سے جنتوں کا وعدہ کیا ہے، جن کے نیچے نہریں جاری ہیں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	وَمَسٰكِنَ	طَيِّبَةً	فِيْ	جَنّٰتِ عَدْنٍ	وَرِضْوَانٌ	مِّنَ	اللّٰهِ	اَكْبَرُ
ہمیشہ رہیں گے	ان میں	اور مکانات	پاکیزہ	میں	رہنے کے باغات	اور خوشنودی	سے	اللہ	سب سے بڑی

ان میں ہمیشہ رہیں گے، اور پاکیزہ مکانات رہنے کے باغات میں، اور اللہ کی خوشنودی سب سے بڑی بات ہے،

ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٧٢﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ 9 ع ٧ 15

ذٰلِكَ	هُوَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ	يٰٓاَيُّهَا	النَّبِيُّ	جَاهِدِ	الْكُفَّارَ	وَالْمُنٰفِقِيْنَ
یہ	وہ	کامیابی	بڑی	اے	نبی	جہاد کریں	کافر (جمع)	اور منافقین

یہ بڑی کامیابی ہے۔ اے نبی! کافروں اور منافقوں سے جہاد کریں۔

وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۭ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿٧٣﴾ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ

وَ	اغْلُظْ	عَلَيْهِمْ	وَمَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ	وَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ	يَحْلِفُوْنَ	بِاللّٰهِ
اور	سختی کریں	اُن پر	اور ان کا ٹھکانہ	جہنم	اور بُری	پلٹنے کی جگہ	وہ قسمیں کھاتے ہیں	اللہ کی

اور اُن پر سختی کریں، اور ان کا ٹھکانہ جہنم ہے، اور وہ پلٹنے کی بُری جگہ ہے۔ وہ اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں

مَا قَالُوْا ۭ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا

مَا قَالُوْا	وَلَقَدْ قَالُوْا	كَلِمَةَ الْكُفْرِ	وَكَفَرُوْا	بَعْدَ	اِسْلَامِهِمْ	وَهَمُّوْا
نہیں انہوں نے کہا	حالانکہ ضرور انہوں نے کہا	کفر کا کلمہ	اور اُنہوں نے کفر کیا	بعد	ان کا (اپنا اسلام)	اور قصد کیا انہوں نے

کہ اُنہوں نے نہیں کہا، حالانکہ انہوں نے ضرور کفر کا کلمہ کہا، اور اپنے اسلام (لانے کے) بعد انہوں نے کفر کیا، اور اُنہوں نے (اس چیز کا) قصد کیا

بِمَا لَمْ يَنَالُوْا ۚ وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ

بِمَا	لَمْ يَنَالُوْا	وَ	مَا نَقَمُوْٓا	اِلَّآ	اَنْ	اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ	وَرَسُوْلُهٗ	مِنْ	فَضْلِهٖ
اس کا جو	انہیں نہ ملی	اور	انہوں نے بدلہ نہ دیا	مگر	یہ کہ	اُنہیں غنی کر دیا اللہ	اور اس کا رسول	سے	اپنا فضل

جو انہیں نہ ملی، اور انہوں نے بدلہ نہ دیا مگر (صرف اس بات کا) کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے انہیں اپنے فضل سے غنی کر دیا،

فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا

فَاِنْ	يَّتُوْبُوْا	يَكُ	خَيْرًا	لَّهُمْ	وَاِنْ	يَّتَوَلَّوْا	يُعَذِّبْهُمُ	اللّٰهُ	عَذَابًا	اَلِيْمًا
سو اگر	وہ توبہ کر لیں	ہوگا	بہتر	انکے لئے	اور اگر	وہ پھر جائیں	عذاب دے گا انہیں	اللہ	عذاب	دردناک

سو اگر وہ توبہ کر لیں تو ان کے لئے بہتر ہوگا، اور اگر وہ پھر جائیں تو اللہ انہیں دردناک عذاب دے گا،

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِي الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۷۴﴾

فِي الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	وَمَا	لَهُمْ	فِي الْاَرْضِ	مِنْ	وَّلِيٍّ	وَّلَا	نَصِيْرٍ
میں دنیا	اور آخرت	اور نہیں	ان کے لئے	زمین میں	کوئی	حمایتی	اور نہ	کوئی مددگار

دنیا میں اور آخرت میں، اور ان کے لئے نہ ہوگا زمین میں کوئی حمایتی، اور نہ مددگار۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ

وَمِنْهُمْ	مَّنْ	عٰهَدَ اللّٰهَ	لَئِنْ	اٰتٰنَا	مِنْ	فَضْلِهٖ	لَنَصَّدَّقَنَّ	وَلَنَكُوْنَنَّ
اور اُن سے	جو	عہد کیا اللہ سے	البتہ، اگر	ہمیں دے	سے	اپنا فضل	ضرور صدقہ دیں ہم	اور ہم ضرور، ہو جائیں گے

اور اُن میں سے (بعض وہ ہیں) جنہوں نے اللہ سے عہد کیا کہ اگر وہ ہمیں اپنے فضل سے دے تو ہم ضرور صدقہ دینگے اور ہم ضرور ہو جائیں گے

مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ

مِنَ	الصّٰلِحِيْنَ	فَلَمَّآ	اٰتٰىهُمْ	مِّنْ	فَضْلِهٖ	بَخِلُوْا	بِهٖ	وَتَوَلَّوْا	وَّهُمْ
سے	صالح (جمع)	پھر جب	اس نے دیا انہیں	سے	اپنا فضل	انہوں نے بخل کیا	اس میں	اور پھر گئے	اور وہ

صالحین (نیکوکاروں) میں سے۔ پھر جب اس نے انہیں اپنے فضل سے دیا تو انہوں نے اس میں بخل کیا اور وہ پھر گئے

مُّعْرِضُوْنَ ﴿۷۶﴾ فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَآ

مُّعْرِضُوْنَ	فَاَعْقَبَهُمْ	نِفَاقًا	فِيْ	قُلُوْبِهِمْ	اِلٰى	يَوْمِ	يَلْقَوْنَهٗ	بِمَآ
رُوگردانی کرنے والے ہیں	تو اس نے ان کا انجام کار کیا	نفاق	میں	ان کے دل	تک	اس روز	وہ اس سے ملیں گے	کیونکہ

وہ رُوگردانی کرنے والے ہیں۔ تو (اللہ نے) اس کا انجام کار ان کے دلوں میں نفاق رکھ دیا روزِ (قیامت) تک کہ وہ اس سے ملیں گے، کیونکہ

اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ﴿۷۷﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ

اَخْلَفُوا	اللّٰهَ	مَا	وَعَدُوْهُ	وَبِمَا	كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ	اَلَمْ	يَعْلَمُوْٓا	اَنَّ
انہوں نے خلاف کیا	اللہ	جو	اس سے انہوں نے وعدہ کیا	اور کیونکہ	وہ جھوٹ بولتے تھے	کیا نہیں	وہ جانتے	کہ

انہوں نے جو اللہ سے وعدہ کیا تھا اس کے خلاف کیا، اور کیونکہ وہ جھوٹ بولتے تھے۔ کیا وہ نہیں جانتے؟ کہ

اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۷۸﴾ ۚ

اللّٰهَ	يَعْلَمُ	سِرَّهُمْ	وَنَجْوٰىهُمْ	وَ	اَنَّ	اللّٰهَ	عَلَّامُ	الْغُيُوْبِ
اللہ	جانتا ہے	ان کے بھید	اور اُن کی سرگوشی	اور	یہ کہ	اللہ	خوب جاننے والا	غیب کی باتیں

اللہ ان کے بھید اور ان کی سرگوشیوں کو جانتا ہے۔ اور یہ کہ اللہ غیب کی باتوں کو خوب جاننے والا ہے۔

اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ وَ

اَلَّذِيْنَ	يَلْمِزُوْنَ	الْمُطَّوِّعِيْنَ	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	فِي	الصَّدَقٰتِ	وَ
وہ لوگ جو	عیب لگاتے ہیں	خوشی سے کرتے ہیں	سے (جو)	مومن (جمع)	میں	صدقہ (جمع) خیرات	اور

وہ لوگ جو اُن مومنوں پر عیب لگاتے ہیں، جو خوشی سے خیرات کرتے ہیں، اور

الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ؕ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ ۫

الَّذِيْنَ	لَا يَجِدُوْنَ	اِلَّا	جُهْدَهُمْ	فَيَسْخَرُوْنَ	مِنْهُمْ	سَخِرَ	اللّٰهُ	مِنْهُمْ
وہ لوگ جو	جو وہ نہیں پاتے	مگر	اپنی محنت	وہ مذاق کرتے ہیں	ان سے	مذاق (کا جواب دیا)	اللہ	اُن سے

اور وہ لوگ جو نہیں پاتے مگر اپنی محنت (کا صلہ) وہ (منافق) ان سے مذاق کرتے ہیں، اللہ نے ان کے مذاق (کا جواب) دیا۔

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۹﴾ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ اِنْ

وَلَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	اِسْتَغْفِرْ	لَهُمْ	اَوْ	لَا تَسْتَغْفِرْ	لَهُمْ	اِنْ
اور ان کے لئے	عذاب	دردناک	تو بخشش مانگ	ان کے لئے	یا	بخشش نہ مانگ	ان کے لئے	اگر

اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ آپ اُن کے لئے بخشش مانگیں یا ان کے لئے بخشش نہ مانگیں (برابر ہے) اگر

تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ

تَسْتَغْفِرْ	لَهُمْ	سَبْعِيْنَ	مَرَّةً	فَلَنْ يَّغْفِرَ	اللّٰهُ	لَهُمْ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ
تو بخشش مانگے	ان کے لئے	ستر (۷۰)	بار	تو ہرگز نہ بخشے گا	اللہ	ان کو	یہ	کیونکہ وہ

تم اُن کے لئے ستّر بار (بھی) بخشش مانگو گے، اللہ انہیں ہرگز نہ بخشے گا، یہ اس لئے ہے کہ انہوں نے ۱۰

كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۸۰﴾ ع ۸ ۱۶

كَفَرُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَ	اللّٰهُ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ	الْفٰسِقِيْنَ
انہوں نے کفر کیا	اللہ سے	اور اس کا رسول	اور	اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ	نافرمان (جمع)

اللہ اور اس کے رسولؐ سے کفر کیا، اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْا اَنْ يُّجَاهِدُوْا

فَرِحَ	الْمُخَلَّفُوْنَ	بِمَقْعَدِهِمْ	خِلٰفَ	رَسُوْلِ	اللّٰهِ	وَكَرِهُوْا	اَنْ	يُّجَاهِدُوْا
خوش ہوئے	پیچھے رہنے والے	اپنے بیٹھ رہنے سے	خلاف (پیچھے)	رسول	اللہ	اور انہوں نے ناپسند کیا	کہ	وہ جہاد کریں

پیچھے رہ جانے والے رسولؐ کے پیچھے اپنے بیٹھ رہنے سے خوش ہوئے اور انہوں نے ناپسند کیا کہ وہ جہاد کریں

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِى الْحَرِّ ؕ قُلْ

بِاَمْوَالِهِمْ	وَاَنْفُسِهِمْ	فِىْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَقَالُوْا	لَا تَنْفِرُوْا	فِى الْحَرِّ	قُلْ
اپنے مالوں سے	اور اپنی جانیں	میں	اللہ کی راہ	اور انہوں نے کہا	نہ کوچ کرو	گرمی میں	آپ کہدیں

اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے اللہ کی راہ میں، اور انہوں نے کہا گرمی میں کوچ نہ کرو، آپ کہہ دیں

نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ؕ لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ﴿٨١﴾ فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّ

نَارُ جَهَنَّمَ	اَشَدُّ	حَرًّا	لَوْ	كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ	فَلْيَضْحَكُوْا	قَلِيْلًا	وَّ
جہنم کی آگ	سب سے زیادہ	گرمی میں	کاش	وہ سمجھ رکھتے	چاہیئے وہ ہنسیں	تھوڑا	اور

جہنم کی آگ گرمی میں سب سے زیادہ ہے، کاش وہ سمجھ سکتے۔ چاہیئے کہ وہ ہنسیں تھوڑا اور

لْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٨٢﴾ فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَآئِفَةٍ

لْيَبْكُوْا	كَثِيْرًا	جَزَآءًۢ	بِمَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	فَاِنْ	رَّجَعَكَ	اللّٰهُ	اِلٰى	طَآئِفَةٍ
روئیں	زیادہ	بدلہ	اس کا جو	وہ کماتے تھے	پھر اگر	وہ آپکو واپس لے جائے	اللہ	طرف	کسی گروہ

روئیں زیادہ، یہ اس کا بدلہ ہے جو وہ کماتے تھے۔ پھر اگر اللہ آپ کو کسی گروہ کی طرف واپس لے جائے

مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِىَ اَبَدًا وَّلَنْ تُقَاتِلُوْا

مِّنْهُمْ	فَاسْتَاْذَنُوْكَ	لِلْخُرُوْجِ	فَقُلْ	لَّنْ تَخْرُجُوْا	مَعِىَ	اَبَدًا	وَّ	لَنْ تُقَاتِلُوْا
ان سے	پھر وہ آپ سے اجازت مانگیں	نکلنے کے لئے	تو آپ کہدیں	تم ہرگز نہ نکلو گے	میرے ساتھ	کبھی بھی	اور	ہرگز نہ لڑو گے

ان میں سے، پھر وہ آپ سے (جہاد کے لئے) نکلنے کی اجازت مانگیں تو آپ کہدیں تم میرے ساتھ کبھی بھی ہرگز نہ نکلو گے، اور ہرگز نہ لڑو گے

مَعِىَ عَدُوًّا ؕ اِنَّكُمْ رَضِيْتُمْ بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِيْنَ ﴿٨٣﴾

مَعِىَ	عَدُوًّا	اِنَّكُمْ	رَضِيْتُمْ	بِالْقُعُوْدِ	اَوَّلَ	مَرَّةٍ	فَاقْعُدُوْا	مَعَ	الْخٰلِفِيْنَ
میرے ساتھ	دشمن	بیشک تم	تم نے پسند کیا	بیٹھ رہنے کو	پہلی	بار	سو تم بیٹھو	ساتھ	پیچھے رہ جانے والے

دشمن سے میرے ساتھ (مل کر)، بیشک تم نے پہلی بار بیٹھ رہنے کو پسند کیا، سو تم پیچھے رہ جانے والوں کے ساتھ بیٹھو۔

وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ ؕ اِنَّهُمْ

وَلَا تُصَلِّ	عَلٰٓى	اَحَدٍ	مِّنْهُمْ	مَّاتَ	اَبَدًا	وَّلَا تَقُمْ	عَلٰى	قَبْرِهٖ	اِنَّهُمْ
اور نہ پڑھنا نماز	پر	کوئی	ان سے	مر گیا	کبھی	اور نہ کھڑے ہونا	پر	اس کی قبر	بیشک وہ

ان میں سے کوئی مر جائے تو کبھی اس پر نمازِ (جنازہ) نہ پڑھنا، اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہونا، بے شک

كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَلَا تُعْجِبْكَ

كَفَرُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَمَاتُوْا	وَهُمْ	فٰسِقُوْنَ	وَلَا تُعْجِبْكَ
انہوں نے کفر کیا	اللہ سے	اور اس کا رسول	اور وہ مرے	جبکہ وہ	نافرمان	اور آپ کو تعجب میں نہ ڈالیں

انہوں نے اللہ اور اس کے رسول ؐ سے کفر کیا، اور وہ (اس حال میں) مرے جبکہ وہ نافرمان تھے - اور آپ ؐ کو تعجب میں نہ ڈالیں

اَمْوَالُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ ۭ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الدُّنْيَا

اَمْوَالُهُمْ	وَاَوْلَادُهُمْ	اِنَّمَا	يُرِيْدُ	اللّٰهُ	اَنْ	يُّعَذِّبَهُمْ	بِهَا	فِي الدُّنْيَا
ان کے مال	اور ان کی اولاد	صرف	چاہتا ہے	اللہ	کہ	انہیں عذاب دے	اس سے	دنیا میں

ان کے مال اور ان کی اولاد، اللہ تو صرف یہ چاہتا ہے کہ اُنہیں اس سے دنیا میں عذاب دے،

وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ

وَتَزْهَقَ	اَنْفُسُهُمْ	وَهُمْ	كٰفِرُوْنَ	وَاِذَآ	اُنْزِلَتْ	سُوْرَةٌ	اَنْ	اٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ
اور نکلیں	ان کی جانیں	جبکہ وہ	کافر ہوں	اور جب	نازل کی جاتی ہے	کوئی سورت	کہ	ایمان لاؤ	اللہ پر

اور (اس حال میں) اُن کی جانیں نکلیں جبکہ وہ کافر ہوں - اور جب کوئی سورت نازل کی جاتی ہے کہ اللہ پر ایمان لاؤ

وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا ذَرْنَا

وَجَاهِدُوْا	مَعَ	رَسُوْلِهٖ	اسْتَاْذَنَكَ	اُولُوا الطَّوْلِ	مِنْهُمْ	وَقَالُوْا	ذَرْنَا
اور جہاد کرو	ساتھ	اس کا رسول	آپ سے اجازت چاہتے ہیں	مقدور والے	ان سے	اور کہتے ہیں	چھوڑ دے ہمیں

اور اس کے رسول ؐ کے ساتھ (مل کر) جہاد کرو تو ان میں سے مقدور والے آپ سے اجازت چاہتے ہیں، اور کہتے ہیں، ہمیں چھوڑ دے

نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿۸۶﴾ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى

نَكُنْ	مَّعَ	الْقٰعِدِيْنَ	رَضُوْا	بِاَنْ	يَّكُوْنُوْا	مَعَ	الْخَوَالِفِ	وَطُبِعَ	عَلٰى
ہم ہو جائیں	ساتھ	بیٹھ رہ جانے والے	وہ راضی ہوئے	کہ وہ	ہو جائیں	ساتھ	پیچھے رہ جانیوالی عورتیں	اور مہر لگ گئی	پر

کہ ہم بیٹھ رہ جانے والوں کے ساتھ ہو جائیں - وہ راضی ہوئے کہ پیچھے رہ جانیوالی عورتوں کے ساتھ ہو جائیں، اور مہر لگ گئی

قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿۸۷﴾ لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

قُلُوْبِهِمْ	فَهُمْ	لَا يَفْقَهُوْنَ	لٰكِنِ	الرَّسُوْلُ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ
ان کے دل	سو وہ	سمجھتے نہیں	لیکن	رسول	اور وہ لوگ جو	ایمان لائے	اس کے ساتھ

ان کے دلوں پر، سو وہ سمجھتے نہیں - لیکن رسول ؐ اور وہ لوگ جو ان کے ساتھ ایمان لائے

جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ؗ وَاُولٰٓئِكَ

جٰهَدُوْا	بِاَمْوَالِهِمْ	وَاَنْفُسِهِمْ	وَاُولٰٓئِكَ	لَهُمُ	الْخَيْرٰتُ	وَاُولٰٓئِكَ
انہوں نے جہاد کیا	اپنے مالوں سے	اور اپنی جانیں	اور وہی لوگ	ان کے لئے	بھلائیاں	اور یہی لوگ

انہوں نے اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے جہاد کیا، اور انہی لوگوں کے لئے بھلائیاں ہیں، اور یہی لوگ

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿٨٨﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ	اَعَدَّ	اللّٰهُ	لَهُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
وہ	فلاح پانے والے	تیار کیا	اللہ	ان کے لئے	باغات	جاری ہیں	ان کے نیچے	نہریں

فلاح (دو جہان کی کامیابی) پانے والے ہیں۔ اللہ نے ان کے لئے باغات تیار کئے ہیں، ان کے نیچے نہریں جاری ہیں

١١ ع٩ ١٧ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٨٩﴾ وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	ذٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ	وَجَآءَ	الْمُعَذِّرُوْنَ	مِنَ	الْاَعْرَابِ
ہمیشہ رہیں گے	ان میں	یہ	کامیابی	بڑی	اور آئے	بہانہ بنانے والے	سے	دیہاتی (جمع)

وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، یہ بڑی کامیابی ہے۔ اور دیہاتیوں میں سے بہانہ بنانے والے آئے

لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِيْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ

لِيُؤْذَنَ	لَهُمْ	وَقَعَدَ	الَّذِيْنَ	كَذَبُوا	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	سَيُصِيْبُ	الَّذِيْنَ
کہ رخصت دی جائے	ان کو	بیٹھ رہے	وہ لوگ جو	جھوٹ بولا	اللہ	اور اس کا رسول	عنقریب پہنچے گا	وہ لوگ جو

کہ ان کو رخصت دی جائے، اور وہ لوگ بیٹھ رہے جنہوں نے اللہ اور اس کے رسولؐ سے جھوٹ بولا، عنقریب پہنچے گا

كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٩٠﴾ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى

كَفَرُوْا	مِنْهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	لَيْسَ	عَلَى	الضُّعَفَآءِ	وَلَا	عَلَى	الْمَرْضٰى
انہوں نے کفر کیا	ان سے	عذاب	دردناک	نہیں	پر	ضعیف (جمع)	اور نہ	پر	مریض (جمع)

اُن لوگوں کو دردناک عذاب جنہوں نے کفر کیا۔ نہیں ضعیفوں پر، اور نہ مریضوں پر،

وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَ

وَلَا	عَلَى	الَّذِيْنَ	لَا يَجِدُوْنَ	مَا	يُنْفِقُوْنَ	حَرَجٌ	اِذَا	نَصَحُوْا	لِلّٰهِ	وَ
اور نہ	پر	وہ لوگ جو	نہیں پاتے	جو	وہ خرچ کریں	کوئی حرج	جب	وہ خیرخواہ ہوں	اللہ کیلئے	اور

اور نہ ان لوگوں پر جو نہیں پاتے کہ وہ خرچ کریں کوئی حرج، جبکہ وہ خیر خواہ ہوں اللہ کے لئے اور

رَسُوْلِهٖ ؕ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۙ﴿٩١﴾

رَسُوْلِهٖ	مَا	عَلَى	الْمُحْسِنِيْنَ	مِنْ سَبِيْلٍ	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
اس کا رسول	نہیں	پر	نیکی کرنے والے	کوئی راہ (الزام)	اور اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان

اس کے رسول کے، نیکی کرنے والوں پر کوئی الزام نہیں ، اور اللہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔

وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَاۤ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَاۤ اَجِدُ مَاۤ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ۪

وَّلَا	عَلَى	الَّذِيْنَ	اِذَا	مَاۤ اَتَوْكَ	لِتَحْمِلَهُمْ	قُلْتَ	لَاۤ اَجِدُ	مَاۤ اَحْمِلُكُمْ	عَلَيْهِ
اور نہ	پر	وہ لوگ جو	جب	آپکے پاس آئے	تاکہ آپ انہیں سواری دیں	آپ نے کہا	میں نہیں پاتا	تمہیں سوار کروں	اس پر

اور نہ ان لوگوں پر (کوئی حرج ہے) کہ جب آپ کے پاس آئے کہ آپ انہیں سواری دیں تو آپ نے کہا کہ (کوئی سواری) نہیں کہ اس پر تمہیں سوار کروں،

تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ؕ﴿٩٢﴾

تَوَلَّوْا	وَّ	اَعْيُنُهُمْ	تَفِيْضُ	مِنَ	الدَّمْعِ	حَزَنًا	اَلَّا يَجِدُوْا	مَا	يُنْفِقُوْنَ
وہ لوٹے	اور	ان کی آنکھیں	بہہ رہی ہیں	سے	آنسو (جمع)	غم سے	کہ وہ نہیں پاتے	جو	وہ خرچ کریں

تو وہ (اس حال میں) لوٹے اور غم سے ان کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے ، کہ وہ کچھ نہیں پاتے جو وہ خرچ کر سکیں۔

اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَهُمْ اَغْنِيَآءُ ۚ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا

اِنَّمَا	السَّبِيْلُ	عَلَى	الَّذِيْنَ	يَسْتَاْذِنُوْنَكَ	وَهُمْ	اَغْنِيَآءُ	رَضُوْا	بِاَنْ	يَّكُوْنُوْا
اسکے سوا نہیں (صرف)	راستہ (الزام)	پر	وہ لوگ جو	آپ سے اجازت چاہتے ہیں	اور وہ	غنی (جمع)	وہ خوش ہوگئے	کہ	وہ ہو جائیں

الزام صرف ان لوگوں پر ہے جو آپ سے اجازت چاہتے ہیں اور وہ غنی (مالدار) ہیں، وہ اس سے خوش ہوئے کہ وہ رہ جائیں

مَعَ الْخَوَالِفِ ۙ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٩٣﴾

مَعَ	الْخَوَالِفِ	وَطَبَعَ	اللّٰهُ	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	فَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ
ساتھ	پیچھے رہ جانیوالی عورتیں	اور مُہر لگا دی	اللہ	پر	ان کے دل	سو وہ	نہیں جانتے

پیچھے رہ جانے والی عورتوں کے ساتھ، اور اللہ نے ان کے دلوں پر مُہر لگا دی، سو وہ کچھ نہیں جانتے۔

يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ اِلَيْهِمْ ۭ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ

يَعْتَذِرُوْنَ	اِلَيْكُمْ	اِذَا	رَجَعْتُمْ	اِلَيْهِمْ	قُلْ	لَا تَعْتَذِرُوْا	لَنْ نُّؤْمِنَ
عذر لائیں گے	تمہارے پاس	جب	تم لوٹ کر جاؤ گے	ان کی طرف	آپ کہہ دیں	عُذر نہ کرو	ہرگز ہم یقین نہ کریں گے

جب تم اُن کی طرف لوٹ کر جاؤ گے تو وہ تمہارے پاس عُذر لائیں گے۔ آپ کہہ دیں عُذر نہ کرو، ہم ہرگز یقین نہ کریں گے

لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ ۭ وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ

لَكُمْ	قَدْ نَبَّاَنَا	اللّٰهُ	مِنْ	اَخْبَارِكُمْ	وَ	سَيَرَى	اللّٰهُ	عَمَلَكُمْ	وَرَسُوْلُهٗ	ثُمَّ
تمہارا	ہمیں بتا چکا ہے	اللہ	تمہاری سب خبریں (حالات)		اور	ابھی دیکھے گا	اللہ	تمہارے کام	اور اس کا رسول	پھر

تمہارا، اللہ ہمیں تمہاری سب خبریں بتا چکا ہے، اور ابھی اللہ اور اس کا رسولؐ تمہارے کام دیکھے گا، پھر

تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۴﴾

تُرَدُّوْنَ	اِلٰى	عٰلِمِ	الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ	فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
تم لوٹائے جاؤ گے	طرف	جاننے والا	پوشیدہ	اور ظاہر	پھر وہ تمہیں جتا دے گا	وہ جو	تم کرتے تھے

تم پوشیدہ اور ظاہر جاننے والے (اللہ) کی طرف لوٹائے جاؤ گے، تم جو کرتے تھے پھر وہ تمہیں جتا دے گا۔

سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ۭ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ۭ

سَيَحْلِفُوْنَ	بِاللّٰهِ	لَكُمْ	اِذَا	انْقَلَبْتُمْ	اِلَيْهِمْ	لِتُعْرِضُوْا	عَنْهُمْ	فَاَعْرِضُوْا	عَنْهُمْ
اب قسمیں کھائیں گے	اللہ کی	تمہارے آگے	جب	واپس جاؤ گے تم	ان کی طرف	تاکہ تم درگزر کرو	ان سے	سو خیال نہ کرو	ان کا

جب تم ان کی طرف واپس جاؤ گے اب تمہارے آگے اللہ کی قسمیں کھائیں گے تاکہ تم ان سے درگزر کرو، سو اُن کا خیال نہ کرو

اِنَّهُمْ رِجْسٌ ۡ وَّمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۵﴾ يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ

اِنَّهُمْ	رِجْسٌ	وَّمَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ	جَزَاۗءًۢ	بِمَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	يَحْلِفُوْنَ	لَكُمْ
بیشک وہ	پلید	اور ان کا ٹھکانہ	جہنم	بدلہ	اس کا جو	وہ کماتے تھے	وہ قسمیں کھاتے ہیں	تمہارے آگے

بیشک وہ پلید ہیں، اور ان کا ٹھکانہ جہنم ہے، اس کا بدلہ جو وہ کماتے تھے۔ وہ تمہارے آگے قسمیں کھاتے ہیں

لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ

لِتَرْضَوْا	عَنْهُمْ	فَاِنْ	تَرْضَوْا	عَنْهُمْ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	لَا يَرْضٰى	عَنِ	الْقَوْمِ
تاکہ تم راضی ہو جاؤ	ان سے	سو اگر	تم راضی ہو جاؤ	ان سے	تو بیشک	اللہ	راضی نہیں ہوتا	سے	لوگ

تاکہ تم ان سے راضی ہو جاؤ، سو اگر تم اُن سے راضی (بھی) ہو جاؤ تو بے شک اللہ راضی نہیں ہوتا

الْفٰسِقِيْنَ ﴿٩٦﴾ اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ

الْفٰسِقِيْنَ	اَلْاَعْرَابُ	اَشَدُّ	كُفْرًا	وَنِفَاقًا	وَاَجْدَرُ	اَلَّا يَعْلَمُوْا	حُدُوْدَ
نافرمان	دیہاتی	بہت سخت	کفر میں	اور نفاق میں	اور زیادہ لائق	کہ وہ نہ جانیں	احکام

نافرمان لوگوں سے ۔ دیہاتی کفر اور نفاق میں بہت سخت ہیں ، اور زیادہ لائق ہیں کہ وہ نہ جانیں جو احکام

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٩٧﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ

مَا	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	عَلٰى	رَسُوْلِهٖ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	وَ مِنَ	الْاَعْرَابِ	مَنْ
جو	نازل کئے	اللہ	پر	اپنا رسول	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	اور سے (بعض)	دیہاتی	جو

اللہ نے اپنے رسولؐ پر نازل کئے ، اور اللہ جاننے والا ، حکمت والا ہے ۔ اور بعض دیہاتی ہیں جو

يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَاۗىِٕرَ ۭ عَلَيْهِمْ دَاۗىِٕرَةُ السَّوْءِ

يَتَّخِذُ	مَا يُنْفِقُ	مَغْرَمًا	وَيَتَرَبَّصُ	بِكُمُ	الدَّوَاۗىِٕرَ	عَلَيْهِمْ	دَاۗىِٕرَةُ	السَّوْءِ
لیتے ہیں (سمجھتے ہیں)	جو وہ خرچ کرتے ہیں	تاوان	اور انتظار کرتے ہیں	تمہارے لئے	گردشیں	ان پر	گردش	بری

(اللہ کی راہ میں) جو خرچ کرتے ہیں اُسے تاوان سمجھتے ہیں اور تمہارے لئے گردشوں کا انتظار کرتے ہیں ، اُنہی پر ہے بُری گردش ،

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٩٨﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

وَاللّٰهُ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	وَ مِنَ	الْاَعْرَابِ	مَنْ	يُّؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
اور اللہ	سننے والا	جاننے والا	اور سے (بعض)	دیہاتی	جو	ایمان رکھتے ہیں	اللہ پر	اور آخرت کا دن

اور اللہ سننے والا ، جاننے والا ہے ۔ اور بعض دیہاتی ہیں جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں

وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ۭ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ

وَيَتَّخِذُ	مَا يُنْفِقُ	قُرُبٰتٍ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَ	صَلَوٰتِ	الرَّسُوْلِ	اَلَآ	اِنَّهَا	قُرْبَةٌ
اور سمجھتے ہیں	جو وہ خرچ کریں	نزدیکیاں	اللہ سے	اور	دعائیں	رسول	ہاں ہاں	یقیناً وہ	نزدیکی

اور جو وہ خرچ کرتے ہیں اسے اللہ سے نزدیکیوں اور رسولؐ کی دعائیں (لینے کا ذریعہ) سمجھتے ہیں ، ہاں ہاں ! یقیناً وہ نزدیکی (کا ذریعہ) ہے

١٢ ع ١٠ ١ لَّهُمْ ۭ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩٩﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ

لَهُمْ	سَيُدْخِلُهُمُ	اللّٰهُ	فِيْ	رَحْمَتِهٖ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَالسّٰبِقُوْنَ	الْاَوَّلُوْنَ
ان کے لئے	جلد داخل کریگا انہیں	اللہ	میں	اپنی رحمت	بیشک	اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور سبقت کرنے والے	سب سے پہلے

ان کے لئے ، اللہ جلد انہیں اپنی رحمت میں داخل کرے گا ، بیشک اللہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے ۔ اور سب سے پہلے (ایمان و اسلام میں) سبقت کرنے والے

مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ

مِنَ	الْمُهٰجِرِيْنَ	وَالْاَنْصَارِ	وَالَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْهُمْ	بِاِحْسَانٍ	رَّضِيَ اللّٰهُ	عَنْهُمْ	وَ
سے	مہاجرین	اور انصار	اور جن لوگوں	انہوں نے پیری کی	نیکی کے ساتھ	راضی ہوا اللہ	اُن سے	اور

مہاجرین اور انصار میں سے، اور جنہوں نے نیکی کے ساتھ پیروی کی، اللہ ان سے راضی ہوا، اور

رَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا

رَضُوْا	عَنْهُ	وَاَعَدَّ	لَهُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	تَحْتَهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا
وہ راضی ہوئے	اس سے	اور تیار کیا اس نے	انکے لئے	باغات	بہتی ہیں	انکے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے	ان میں	ہمیشہ

وہ اس سے راضی ہوئے، اور اس نے ان کے لئے باغات تیار کئے ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١٠٠﴾ وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛ وَ

ذٰلِكَ	الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ	وَ	مِمَّنْ	حَوْلَكُمْ	مِّنَ	الْاَعْرَابِ	مُنٰفِقُوْنَ	وَ
یہ	کامیابی بڑی	اور	ان میں جو	تمہارے اردگرد	سے بعض	دیہاتی	منافق (جمع)	اور

یہ بڑی کامیابی ہے۔ اور جو دیہاتی تمہارے اردگرد ہیں ان میں سے بعض منافق ہیں، اور

مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ ۣ لَا تَعْلَمُهُمْ ۭ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ۭ

مِنْ	اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ	مَرَدُوْا	عَلَى	النِّفَاقِ	لَا تَعْلَمُهُمْ	نَحْنُ	نَعْلَمُهُمْ
سے بعض	مدینہ والے	اَڑے ہوئے ہیں	پر	نفاق	تم نہیں جانتے ان کو	ہم	جانتے ہیں انہیں

مدینہ والوں میں سے بعض نفاق پر اَڑے ہوئے ہیں، تم انہیں نہیں جانتے، ہم انہیں جانتے ہیں

سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ﴿١٠١﴾ وَاٰخَرُوْنَ

سَنُعَذِّبُهُمْ	مَّرَّتَيْنِ	ثُمَّ	يُرَدُّوْنَ	اِلٰى	عَذَابٍ	عَظِيْمٍ	وَاٰخَرُوْنَ
جلد ہم انہیں عذاب دینگے	دو بار	پھر	وہ لوٹائے جائیں گے	طرف	عذاب	عظیم	اور کچھ اور

اور ہم جلد انہیں دو بار عذاب دیں گے، پھر وہ عذاب عظیم کی طرف لوٹائے جائیں گے۔ اور کچھ اور ہیں

اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ

اعْتَرَفُوْا	بِذُنُوْبِهِمْ	خَلَطُوْا	عَمَلًا صَالِحًا	وَّاٰخَرَ	سَيِّئًا	عَسَى	اللّٰهُ	اَنْ
انہوں نے اعتراف کیا	اپنے گناہوں کا	اُنہوں نے ملایا	ایک عمل اچھا	اور دوسرا	بُرا	قریب ہے	اللہ	کہ

جنہوں نے اپنے گناہوں کا اعتراف کیا، اُنہوں نے ایک اچھا اور دوسرا بُرا عمل ملا لیا، قریب ہے کہ اللہ

يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۰۲﴾ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُ

يَّتُوْبَ + عَلَيْهِمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	خُذْ	مِنْ	اَمْوَالِهِمْ	صَدَقَةً	تُطَهِّرُ
معاف کردے انہیں	بیشک	اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	لے لیں آپ	سے	ان کے مال (جمع)	زکوٰۃ	تم پاک کردو

انہیں معاف کردے، بیشک اللہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ آپؐ ان کے مالوں میں سے زکوٰۃ لے لیں، آپؐ انہیں پاک

هُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ

هُمْ	وَتُزَكِّيْهِمْ	بِهَا	وَصَلِّ	عَلَيْهِمْ	اِنَّ	صَلٰوتَكَ	سَكَنٌ	لَّهُمْ	وَاللّٰهُ
انہیں	اور صاف کردو	اس سے	اور دعا کرو	ان پر	بیشک	آپؐ کی دعا	سکون	ان کے لئے	اور اللہ

اور صاف کردیں اس سے، اور ان پر دُعا کیجئے (خیر) کریں، بیشک آپؐ کی دُعا ان کے لئے (باعث) سکون ہے اور اللہ

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۳﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ

سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	يَقْبَلُ	التَّوْبَةَ	عَنْ	عِبَادِهٖ	وَيَاْخُذُ
سُننے والا	جاننے والا	کیا انہیں علم نہیں	کہ	اللہ	وہ	قبول کرتا ہے	توبہ	سے۔ کی	اپنے بندے	اور قبول کرتا ہے

سُننے والا، جاننے والا ہے۔ کیا انہیں علم نہیں کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے، اور قبول کرتا ہے

الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ

الصَّدَقٰتِ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	التَّوَّابُ	الرَّحِيْمُ	وَقُلِ	اعْمَلُوْا	فَسَيَرَى	اللّٰهُ
صدقات	اور یہ کہ	اللہ	وہ	توبہ قبول کرنے والا	نہایت مہربان	اور کہدیں آپ	تم کئے جاؤ عمل	پس اب دیکھے گا	اللہ

صدقات، اور یہ کہ اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔ اور آپ کہدیں تم عمل کئے جاؤ، پس اب دیکھے گا اللہ

عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

عَمَلَكُمْ	وَرَسُوْلُهٗ	وَ	الْمُؤْمِنُوْنَ	وَسَتُرَدُّوْنَ	اِلٰى	عٰلِمِ الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ
تمہارے عمل	اور اس کا رسول	اور	مومن (جمع)	اور جلد لوٹائے جاؤگے	طرف	جاننے والا پوشیدہ	اور ظاہر

اور اس کا رسولؐ اور مومن تمہارے عمل، اور تم جلد پوشیدہ اور ظاہر جاننے والے (اللہ) کی طرف لوٹائے جاؤ گے،

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ

فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	وَاٰخَرُوْنَ	مُرْجَوْنَ	لِاَمْرِ اللّٰهِ	اِمَّا	يُعَذِّبُهُمْ
سو وہ تمہیں جتادے گا	وہ جو	تم کرتے تھے	اور کچھ اور	موقوف رکھے گئے	اللہ کے حکم پر	خواہ	وہ انہیں عذاب دے

سو وہ تمہیں جتادے گا جو تم کرتے تھے۔ اور کچھ اور ہیں وہ اللہ کے حکم پر موقوف رکھے گئے ہیں، خواہ وہ انہیں عذاب دے

وَ اِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۗ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١٠٦﴾ وَ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا

وَ اِمَّا	يَتُوْبُ + عَلَيْهِمْ	وَ اللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	وَ الَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا	مَسْجِدًا	ضِرَارًا
اور خواہ	توبہ قبول کرلے ان کی	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	اور وہ لوگ جو	انہوں نے بنائی	مسجد	نقصان پہنچانے کو

اور خواہ اُن کی توبہ قبول کرلے، اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور وہ لوگ جنہوں نے مسجد ضرار (نقصان پہنچانے کے لئے) بنائی

وَّ كُفْرًا وَّ تَفْرِيْقًا بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ

وَّ كُفْرًا	وَّ تَفْرِيْقًا	بَيْنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَ اِرْصَادًا	لِّمَنْ	حَارَبَ	اللّٰهَ	وَ رَسُوْلَهٗ
اور کفر کے لئے	اور پھوٹ ڈالنے کو	درمیان	مومن (جمع)	اور گھات کی جگہ بنانے کے لئے	اس کے واسطے جو	اس نے جنگ کی	اللہ	اور اس کا رسول

اور کفر کرنے کے لئے، اور مومنوں کے درمیان پھوٹ ڈالنے کے لئے اور اُس کے واسطے گھات کی جگہ بنانے کے لئے جس نے اللہ اور اسکے رسول سے جنگ کی

مِنْ قَبْلُ ۗ وَ لَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَا اِلَّا الْحُسْنٰى ۗ وَ اللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ

مِنْ	قَبْلُ	وَ لَيَحْلِفُنَّ	اِنْ	اَرَدْنَا	اِلَّا	الْحُسْنٰى	وَ اللّٰهُ	يَشْهَدُ	اِنَّهُمْ
سے	پہلے	اور البتہ قسمیں کھائیں گے	نہیں	ہم نے چاہا	مگر (صرف)	بھلائی	اور اللہ	گواہی دیتا ہے	وہ یقیناً

اس سے پہلے، اور وہ البتہ قسمیں کھائیں گے کہ ہم نے صرف بھلائی چاہی، اور اللہ گواہی دیتا ہے وہ یقیناً

لَكٰذِبُوْنَ ﴿١٠٧﴾ لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ۗ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ

لَكٰذِبُوْنَ	لَا تَقُمْ	فِيْهِ	اَبَدًا	لَمَسْجِدٌ	اُسِّسَ	عَلَى	التَّقْوٰى	مِنْ	اَوَّلِ
جھوٹے ہیں	آپ نہ کھڑے ہونا	اس میں	کبھی	بیشک وہ مسجد	بنیاد رکھی گئی	پر	تقویٰ	سے	پہلے

جھوٹے ہیں۔ آپ اس میں کبھی کھڑے نہ ہونا، بیشک وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے دن سے تقوے پر رکھی گئی ہے

يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ۗ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ۗ وَ اللّٰهُ يُحِبُّ

يَوْمٍ	اَحَقُّ	اَنْ	تَقُوْمَ	فِيْهِ	فِيْهِ	رِجَالٌ	يُّحِبُّوْنَ	اَنْ	يَّتَطَهَّرُوْا	وَ اللّٰهُ	يُحِبُّ
دن	زیادہ لائق	کہ	آپ کھڑے ہوں	اس میں	اس میں	ایسے لوگ	وہ چاہتے ہیں	کہ	وہ پاک رہیں	اور اللہ	محبوب رکھتا ہے

زیادہ لائق ہے کہ آپ اس میں کھڑے ہوں، اس میں ایسے لوگ ہیں جو چاہتے ہیں کہ وہ پاک رہیں، اور اللہ محبوب رکھتا ہے

الْمُطَّهِّرِيْنَ ﴿١٠٨﴾ اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانٍ خَيْرٌ

الْمُطَّهِّرِيْنَ	اَفَمَنْ	اَسَّسَ	بُنْيَانَهٗ	عَلٰى	تَقْوٰى	مِنَ اللّٰهِ	وَ رِضْوَانٍ	خَيْرٌ
پاک رہنے والے	سو کیا وہ جو	بنیاد رکھی	اپنی عمارت	پر	خوف	اللہ سے	اور خوشنودی	بہتر

پاک رہنے والوں کو۔ سو کیا وہ جس نے اپنی عمارت کی بنیاد اللہ کے خوف اور (اس کی) خوشنودی پر رکھی، وہ بہتر ہے؟

أَمْ مَّنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلَىٰ شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ ط

أَمْ	مَنْ	أَسَّسَ	بُنْيَانَهُ	عَلَىٰ	شَفَا	جُرُفٍ	هَارٍ	فَانْهَارَ	بِهِ	فِي	نَارِ جَهَنَّمَ
یا	جو جس	بنیاد رکھی	اپنی عمارت	پر	کنارہ	کھائی	گرنے والا	سو گر پڑی	اسکو لے کر	میں	دوزخ کی آگ

یا وہ جس نے اپنی عمارت کی بنیاد رکھی گرنے والی کھائی (گڑھے) کے کنارہ پر رکھی، سو وہ اسکو لے کر دوزخ کی آگ میں گر پڑی،

وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿۱۰۹﴾ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِي بَنَوْا رِيبَةً

وَاللَّهُ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ	الظَّالِمِينَ	لَا يَزَالُ	بُنْيَانُهُمُ	الَّذِي	بَنَوْا	رِيبَةً
اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ	ظالم (جمع)	ہمیشہ رہے گی	ان کی عمارت	جو کہ	بنیاد رکھی	شک

اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ۔ وہ عمارت جس کی انہوں نے بنیاد رکھی ہے ہمیشہ شک ڈالتی رہے گی

۱۳ ع ۱۱ ۲ فِي قُلُوبِهِمْ إِلَّا أَنْ تَقَطَّعَ قُلُوبُهُمْ ط وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿۱۱۰﴾ إِنَّ اللَّهَ اشْتَرَىٰ

فِي	قُلُوبِهِمْ	إِلَّا	أَنْ تَقَطَّعَ	قُلُوبُهُمْ	وَاللَّهُ	عَلِيمٌ	حَكِيمٌ	إِنَّ	اللَّهَ	اشْتَرَىٰ
میں	ان کے دل	مگر	یہ کہ ٹکڑے ہوجائیں	ان کے دل	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	بیشک	اللہ	خرید لئے

ان کے دلوں میں، مگر یہ کہ ان کے دل ٹکڑے ٹکڑے ہوجائیں، اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔ بیشک اللہ نے خرید لیں

مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنْفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ط يُقَاتِلُونَ فِي

مِنَ	الْمُؤْمِنِينَ	أَنْفُسَهُمْ	وَأَمْوَالَهُمْ	بِأَنَّ	لَهُمُ	الْجَنَّةَ	يُقَاتِلُونَ	فِي
سے	مومن (جمع)	ان کی جانیں	اور ان کے مال	اس کے بدلے	ان کے لئے	جنت	وہ لڑتے ہیں	میں

مومنوں سے ان کی جانیں اور ان کے مال، اس کے بدلے کہ ان کے لئے جنت ہے، وہ لڑتے ہیں

سَبِيلِ اللَّهِ فَيَقْتُلُونَ وَيُقْتَلُونَ قف وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ

سَبِيلِ اللَّهِ	فَيَقْتُلُونَ	وَيُقْتَلُونَ	وَعْدًا	عَلَيْهِ	حَقًّا	فِي التَّوْرَاةِ	وَالْإِنْجِيلِ
اللہ کی راہ	سو وہ مارتے ہیں	اور مارے جاتے ہیں	وعدہ	اس پر	سچا	توریت میں	اور انجیل

اللہ کی راہ میں، سو وہ مارتے ہیں اور مارے (بھی) جاتے ہیں اس پر سچا وعدہ ہے توریت میں، اور انجیل

وَالْقُرْآنِ ط وَمَنْ أَوْفَىٰ بِعَهْدِهِ مِنَ اللَّهِ فَاسْتَبْشِرُوا بِبَيْعِكُمُ الَّذِي

وَالْقُرْآنِ	وَمَنْ	أَوْفَىٰ	بِعَهْدِهِ	مِنَ اللَّهِ	فَاسْتَبْشِرُوا	بِبَيْعِكُمُ	الَّذِي
اور قرآن	اور کون	زیادہ پورا کرنیوالا	اپنا وعدہ	اللہ سے	پس خوشیاں مناؤ	اپنے سودے پر	جو کہ

اور قرآن میں، اور اللہ سے زیادہ کون اپنا وعدہ پورا کرنے والا ہے؟ پس اپنے اس سودے پر خوشیاں مناؤ جو

بَايَعْتُمْ بِهٖ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۱۱﴾ اَلتَّآىِٕبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ

بَايَعْتُمْ	بِهٖ	وَذٰلِكَ	هُوَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ	اَلتَّآىِٕبُوْنَ	الْعٰبِدُوْنَ	الْحٰمِدُوْنَ
تم نے سودا کیا	اس سے	اور یہ	وہ	کامیابی	عظیم	توبہ کرنے والے	عبادت کرنے والے	حمد وثنا کرنے والے

تم نے اس سے سودا کیا ہے، اور یہ عظیم کامیابی ہے ۔ توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے، حمد وثنا کرنے والے،

السَّآىِٕحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

السَّآىِٕحُوْنَ	الرّٰكِعُوْنَ	السّٰجِدُوْنَ	الْاٰمِرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَالنَّاهُوْنَ	عَنِ	الْمُنْكَرِ
سفر کرنے والے	رکوع کرنے والے	سجدہ کرنے والے	حکم دینے والے	نیکی	اور روکنے والے	سے	برائی

(راہِ خدا میں) سفر کرنے والے، رکوع کرنے والے، سجدہ کرنے والے، نیکی کا حکم دینے والے اور برائی سے روکنے والے،

وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

وَالْحٰفِظُوْنَ	لِحُدُوْدِ اللّٰهِ	وَبَشِّرِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	مَا كَانَ	لِلنَّبِيِّ	وَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا
اور حفاظت کرنے والے	اللہ کی حدود	اور خوشخبری دو	مومن (جمع)	نہیں ہے	نبی کے لئے	اور	جو لوگ ایمان لائے (مومن)

اور اللہ کی (تمام کردہ) حدود کی حفاظت کرنے والے، اور مومنوں کو خوشخبری دو۔ نبیؐ کے لئے اور مومنوں کے لئے (شایاں) نہیں

اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ

اَنْ	يَّسْتَغْفِرُوْا	لِلْمُشْرِكِيْنَ	وَلَوْ	كَانُوْٓا	اُولِيْ قُرْبٰى	مِنْۢ بَعْدِ	مَا تَبَيَّنَ	لَهُمْ
کہ	وہ بخشش چاہیں	مشرکوں کے لئے	خواہ	وہ ہوں	قرابت دار	اس کے بعد	جب ظاہر ہوگیا	ان پر

کہ وہ مشرکوں کے لئے بخشش چاہیں، خواہ وہ ان کے قرابت دار ہوں، اس کے بعد جبکہ ان پر ظاہر ہو گیا

اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۳﴾ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ

اَنَّهُمْ	اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ	وَمَا كَانَ	اسْتِغْفَارُ	اِبْرٰهِيْمَ	لِاَبِيْهِ	اِلَّا	عَنْ مَّوْعِدَةٍ
کہ وہ	دوزخ والے	اور نہ تھا	بخشش چاہنا	ابراہیمؑ	اپنے باپ کے لئے	مگر	ایک وعدہ کے سبب

کہ وہ دوزخ والے ہیں ۔ اور ابراہیمؑ کا اپنے باپ کے لئے بخشش چاہنا نہ تھا مگر ایک وعدہ کے سبب

وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ۭ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ

وَّعَدَهَا	اِيَّاهُ	فَلَمَّا	تَبَيَّنَ	لَهٗ	اَنَّهٗ	عَدُوٌّ لِّلّٰهِ	تَبَرَّاَ	مِنْهُ	اِنَّ	اِبْرٰهِيْمَ	لَاَوَّاهٌ
جو اس نے وعدہ کیا	اس سے	پھر جب	ظاہر ہوگیا	اس پر	کہ وہ	اللہ کا دشمن	وہ بیزار ہوگیا	اس سے	بیشک	ابراہیمؑ	نرم دل

جو وہ اس سے کر چکے تھے، پھر جب ان پر ظاہر ہوگیا کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو وہ اس سے بیزار ہو گئے، بیشک ابراہیمؑ نرم دل

حَلِيْمٌ ﴿١١٤﴾ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا

حَلِيْمٌ	وَمَا كَانَ	اللّٰهُ	لِيُضِلَّ	قَوْمًا	بَعْدَ	اِذْ هَدٰىهُمْ	حَتّٰى	يُبَيِّنَ	لَهُمْ	مَّا
بُردبار	اورنہیں ہے	اللہ	کہ وہ گمراہ کرے	کوئی قوم	بعد	جب انہیں ہدایت دیدی	جب تک	واضح کردے	ان پر	جس

بُردبار تھے۔ اور اللہ ایسا نہیں ہے کہ کسی کو اس کے بعد گمراہ کرے جبکہ انہیں ہدایت دیدی جب تک ان پر واضح نہ کردے جس سے

يَتَّقُوْنَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١١٥﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

يَتَّقُوْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	بِكُلِّ	شَيْءٍ	عَلِيْمٌ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
وہ پرہیز کریں	بیشک	اللہ	ہر	شے	جاننے والا	بیشک	اللہ	اسکے لئے	بادشاہت	آسمانوں	اور زمین

وہ پرہیز کریں، بیشک اللہ ہر شے کا جاننے والا ہے۔ بیشک اللہ ہی کے لئے ہے بادشاہت آسمانوں کی اور زمین کی،

يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿١١٦﴾ لَقَدْ تَّابَ

يُحْيٖ	وَيُمِيْتُ	وَمَا لَكُمْ	مِّنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	مِنْ	وَّلِيٍّ	وَّلَا نَصِيْرٍ	لَقَدْ تَّابَ
وہ زندگی دیتا ہے	اور وہ مارتا ہے	اور تمہارے لئے نہیں	کوئی	اللہ کے سوا	سے	کوئی حمایتی	اور نہ مددگار	البتہ توجہ فرمائی

وہ زندگی دیتا ہے اور (وہی) مارتا ہے، اور تمہارے لئے اللہ کے سوا کوئی حمایتی ہے اور نہ مددگار۔ البتہ توجہ فرمائی

اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ

اللّٰهُ	عَلَى	النَّبِيِّ	وَالْمُهٰجِرِيْنَ	وَالْاَنْصَارِ	الَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْهُ	فِيْ	سَاعَةِ	الْعُسْرَةِ
اللہ	پر	نبی	اور مہاجرین	اور انصار	وہ جنہوں نے	اسکی پیروی کی	میں	گھڑی	تنگی

اللہ نے نبی ﷺ پر، اور مہاجرین و انصار پر، جنہوں نے تنگی کی گھڑی میں اس کی پیروی کی،

مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّهٗ بِهِمْ

مِنْۢ بَعْدِ	مَا كَادَ	يَزِيْغُ	قُلُوْبُ	فَرِيْقٍ	مِّنْهُمْ	ثُمَّ	تَابَ	عَلَيْهِمْ	اِنَّهٗ	بِهِمْ
اس کے بعد	جب قریب تھا	پھر جائیں	دل (جمع)	ایک فریق	ان سے	پھر	وہ متوجہ ہوا	ان پر	بیشک وہ	اُن پر

اس کے بعد جبکہ قریب تھا کہ ان میں سے ایک فریق کے دل پھر جائیں، پھر وہ ان پر متوجہ ہوا، بیشک وہ اُن پر

رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿١١٧﴾ وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ۭ حَتّٰٓى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ

رَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ	وَ	عَلَى	الثَّلٰثَةِ	الَّذِيْنَ	خُلِّفُوْا	حَتّٰى	اِذَا	ضَاقَتْ	عَلَيْهِمُ
مہربان	نہایت رحم کرنے والا	اور	پر	وہ تین	وہ جو	پیچھے رکھا گیا	یہانتک	جب	تنگ ہوگئی	ان پر

مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔ اور ان تین پر (جن کا معاملہ) پیچھے رکھا گیا تھا، یہاں تک کہ ان پر تنگ ہوگئی

الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ

الْاَرْضُ	بِمَا رَحُبَتْ	وَضَاقَتْ	عَلَيْهِمْ	اَنْفُسُهُمْ	وَظَنُّوْٓا	اَنْ	لَّا مَلْجَاَ	مِنَ	اللّٰهِ
زمین	باوجود کشادگی	اور وہ تنگ ہوگئی	ان پر	ان کی جانیں	اور انہوں نے جان لیا	کہ	نہیں پناہ	سے	اللہ

زمین اپنی کشادگی کے باوجود اور ان پر اُن کی جانیں تنگ ہوگئیں (اپنی جانوں سے تنگ آگئے) اور انہوں نے جان لیا کہ اللہ سے کوئی پناہ نہیں ۱۴

اِلَّآ اِلَيْهِ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۱۸﴾ يٰٓاَيُّهَا ع ۸

اِلَّآ	اِلَيْهِ	ثُمَّ	تَابَ عَلَيْهِمْ	لِيَتُوْبُوْا	اِنَّ اللّٰهَ	هُوَ	التَّوَّابُ	الرَّحِيْمُ	يٰٓاَيُّهَا
مگر	اسکی طرف	پھر	وہ متوجہ ہوا ان پر	تاکہ وہ توبہ کریں	بیشک اللہ	وہ	توبہ قبول کرنیوالا	نہایت مہربان	اے

۳

مگر اسی کی طرف ہے، پھر وہ ان پر (اپنی رحمت سے) متوجہ ہوا تاکہ وہ توبہ کریں، بیشک اللہ توبہ قبول کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اتَّقُوا اللّٰهَ	وَكُوْنُوْا	مَعَ	الصّٰدِقِيْنَ	مَا كَانَ	لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ
جو لوگ ایمان لائے (مومن)	ڈرو اللہ سے	اور ہوجاؤ	ساتھ	سچے لوگ	نہ تھا	مدینہ والوں کو

ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچے لوگوں کے ساتھ ہوجاؤ ۔ (لائق) نہ تھا مدینہ والوں کو (اور انہیں)

وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا

وَ	مَنْ	حَوْلَهُمْ	مِّنَ الْاَعْرَابِ	اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا	عَنْ	رَّسُوْلِ	اللّٰهِ	وَلَا يَرْغَبُوْا
اور	جو	ان کے ارد گرد	دیہاتیوں میں سے	کہ وہ پیچھے رہ جاتے	سے	رسولؐ	اللہ	اور یہ کہ زیادہ چاہیں

جو اُن کے اردگرد دیہاتی ہیں کہ وہ اللہ کے رسولؐ سے پیچھے رہ جائیں ، اور یہ کہ زیادہ چاہیں

بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا

بِاَنْفُسِهِمْ	عَنْ	نَّفْسِهٖ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	لَا يُصِيْبُهُمْ	ظَمَاٌ	وَلَا نَصَبٌ	وَلَا
اپنی جانوں کو	سے	ان کی جان	یہ	اس لیے کہ وہ	نہیں پہنچی ان کو	کوئی پیاس	اور نہ کوئی مشقت	اور نہ

اپنی جانوں کو اُنؐ کی جان سے ، یہ اس لیے کہ ان کو نہیں پہنچتی کوئی پیاس ، اور نہ کوئی مشقت ، اور نہ

مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ

مَخْمَصَةٌ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَلَا يَطَـُٔوْنَ	مَوْطِئًا	يَّغِيْظُ	الْكُفَّارَ	وَلَا يَنَالُوْنَ
کوئی بھوک	میں	اللہ کی راہ	اور نہ وہ قدم رکھتے ہیں	ایسا قدم	غصے ہوں	کافر (جمع)	اور نہ وہ چھینتے ہیں

کوئی بھوک اللہ کی راہ میں، اور نہ وہ ایسا قدم رکھتے ہوں کہ کافر غصے ہوں ، اور نہ وہ چھینتے ہیں

مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ

مِنْ	عَدُوٍّ	نَّيْلًا	اِلَّا	كُتِبَ لَهُمْ	بِهٖ	عَمَلٌ صَالِحٌ	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يُضِيْعُ	اَجْرَ
سے	دشمن	کوئی چیز	مگر	لکھا جاتا ہے ان کیلئے	اس سے	عمل نیک	بیشک اللہ	ضائع نہیں کرتا	اجر

دشمن سے کوئی چیز، مگر اس سے (اس کے بدلے) ان کے لئے نیک عمل لکھا جاتا ہے، بیشک اللہ اجر ضائع نہیں کرتا

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٢٠﴾ وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ

الْمُحْسِنِيْنَ	وَ	لَا	يُنْفِقُوْنَ	نَفَقَةً	صَغِيْرَةً	وَلَا كَبِيْرَةً	وَلَا يَقْطَعُوْنَ
نیکوکار (جمع)	اور	نہ	وہ خرچ کرتے ہیں	خرچ	چھوٹا	اور نہ بڑا	اور نہ طے کرتے ہیں

نیکوکاروں کا۔ اور وہ کوئی چھوٹا یا بڑا (کم یا زیادہ) خرچ نہیں کرتے اور نہ وہ طے کرتے ہیں

وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٢١﴾ وَمَا كَانَ

وَادِيًا	اِلَّا	كُتِبَ لَهُمْ	لِيَجْزِيَهُمُ	اللّٰهُ	اَحْسَنَ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَمَا كَانَ
کوئی وادی (میدان)	مگر	لکھا جاتا ہے ان کیلئے	تاکہ جزا دے انہیں	اللہ	بہترین	جو	وہ کرتے تھے (ان کے اعمال)	اور نہیں ہے

کوئی میدان، مگر ان کے لیے لکھ دیا جاتا ہے، تاکہ اللہ ان کے اعمال کی انہیں بہترین جزا دے۔ اور (ایسے تو) نہیں

الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً ؕ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا

الْمُؤْمِنُوْنَ	لِيَنْفِرُوْا	كَآفَّةً	فَلَوْ	لَا نَفَرَ	مِنْ	كُلِّ فِرْقَةٍ	مِّنْهُمْ	طَآئِفَةٌ	لِّيَتَفَقَّهُوْا
مومن (جمع)	کہ وہ کوچ کریں	سب کے سب	بس کیوں	نہ کوچ کرے	سے	ہر گروہ	ان سے۔ انکی	ایک جماعت	تاکہ وہ سمجھ حاصل کریں

کہ مومن سب کے سب کوچ کریں۔ پس کیوں نہ ان کے ہر گروہ میں سے ایک جماعت کوچ کرے تاکہ وہ سمجھ حاصل کریں

١٥ ع ٤ ٤ فِى الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴿١٢٢﴾

فِى الدِّيْنِ	وَلِيُنْذِرُوْا	قَوْمَهُمْ	اِذَا	رَجَعُوْٓا	اِلَيْهِمْ	لَعَلَّهُمْ	يَحْذَرُوْنَ
دین میں	اور تاکہ وہ ڈر سنائیں	اپنی قوم	جب	وہ لوٹیں	ان کی طرف	تاکہ وہ (عجب نہیں)	بچتے رہیں

دین میں، اور تاکہ وہ اپنی قوم کو ڈر سنائیں جب ان کی طرف لوٹیں، عجب نہیں کہ وہ بچتے رہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	قَاتِلُوا	الَّذِيْنَ	يَلُوْنَكُمْ	مِّنَ الْكُفَّارِ	وَلْيَجِدُوْا	فِيْكُمْ
اے	وہ جو ایمان لائے (مومن)	لڑو	وہ جو	نزدیک تمہارے	کفار سے (کافر)	اور چاہیئے کہ وہ پائیں	تمہارے اندر

اے مومنو! اپنے نزدیک کے کافروں سے لڑو، اور چاہیئے کہ وہ تمہارے اندر پائیں

غِلْظَةً ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ

غِلْظَةً	وَ اعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	مَعَ الْمُتَّقِيْنَ	وَاِذَا مَا	اُنْزِلَتْ	سُوْرَةٌ	فَمِنْهُمْ
سختی	اور جان لو	کہ	اللہ	پرہیزگاروں کے ساتھ	اور جب	نازل کی جاتی ہے	کوئی سورۃ	تو ان میں سے

سختی، اور جان لو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔ اور جب کوئی سورت نازل کی جاتی ہے تو ان میں سے

مَنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ

مَنْ	يَّقُوْلُ	اَيُّكُمْ	زَادَتْهُ	هٰذِهٖٓ	اِيْمَانًا	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	فَزَادَتْهُمْ
بعض	کہتے ہیں	تم میں سے کسی	زیادہ کردیا اس کا	اس نے	ایمان	سو جو	وہ لوگ جو	وہ ایمان لائے	اس نے زیادہ کردیا ان کا

بعض کہتے ہیں اس نے تم میں سے کس کا ایمان زیادہ کردیا؟ سو جو لوگ ایمان لائے ہیں، اس نے زیادہ کردیا ہے ان کا

اِيْمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ

اِيْمَانًا	وَّهُمْ	يَسْتَبْشِرُوْنَ	وَاَمَّا	الَّذِيْنَ	فِيْ	قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	فَزَادَتْهُمْ
ایمان	اور وہ	خوشیاں مناتے ہیں	اور جو	وہ لوگ جو	میں	ان کے دل (جمع)	بیماری	اس نے زیادہ کردیا ان کا

ایمان، اور وہ خوشیاں مناتے ہیں۔ اور وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے، اس نے زیادہ کردی اُن کی

رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ فِيْ كُلِّ عَامٍ

رِجْسًا	اِلٰى	رِجْسِهِمْ	وَمَاتُوْا	وَهُمْ	كٰفِرُوْنَ	اَوَ	لَا يَرَوْنَ	اَنَّهُمْ	يُفْتَنُوْنَ	فِيْ كُلِّ عَامٍ
گندگی	طرف (پر)	ان کی گندگی	اور وہ مرے	اور وہ	کافر (جمع)	کیا	وہ نہیں دیکھتے	کہ وہ	آزمائے جاتے ہیں	ہر سال میں

گندگی پر گندگی، اور وہ مرنے تک کافر ہی رہے۔ کیا وہ نہیں دیکھتے کہ وہ ہر سال آزمائے جاتے ہیں؟

مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ

مَرَّةً	اَوْ	مَرَّتَيْنِ	ثُمَّ	لَا يَتُوْبُوْنَ	وَلَا	هُمْ	يَذَّكَّرُوْنَ	وَاِذَا مَآ	اُنْزِلَتْ
ایک بار	یا	دو بار	پھر	نہ وہ توبہ کرتے ہیں	اور نہ	وہ	نصیحت پکڑتے ہیں	اور جب	اتاری جاتی ہے

ایک بار یا دو بار، پھر نہ وہ توبہ کرتے ہیں اور نہ نصیحت پکڑتے ہیں۔ اور جب اُتاری جاتی ہے

سُوْرَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ ۭ هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ انْصَرَفُوْا ۭ

سُوْرَةٌ	نَظَرَ	بَعْضُهُمْ	اِلٰى	بَعْضٍ	هَلْ	يَرٰىكُمْ	مِّنْ اَحَدٍ	ثُمَّ	انْصَرَفُوْا
کوئی سورۃ	دیکھتا ہے	ان میں سے کوئی ایک	کو	بعض (دوسرے)	کیا	دیکھتا ہے تمہیں	کوئی	پھر	وہ پھر جاتے ہیں

کوئی سورۃ تو ان میں سے ایک دوسرے کو دیکھنے لگتا ہے، کیا تمہیں کوئی (مسلمان) دیکھتا ہے؟ پھر وہ پھر جاتے ہیں

صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿١٢٧﴾ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ

صَرَفَ	اللّٰهُ	قُلُوْبَهُمْ	بِاَنَّهُمْ	قَوْمٌ	لَّا يَفْقَهُوْنَ	لَقَدْ جَآءَكُمْ	رَسُوْلٌ
پھیر دیئے	اللہ	ان کے دل	کیونکہ وہ	لوگ	سمجھ نہیں رکھتے	البتہ تمہارے پاس آیا	ایک رسول

اللہ نے ان کے دل پھیر دیئے، کیونکہ وہ لوگ سمجھ نہیں رکھتے - البتہ تمہارے پاس آیا ایک رسول

مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

مِّنْ	اَنْفُسِكُمْ	عَزِيْزٌ	عَلَيْهِ	مَا	عَنِتُّمْ	حَرِيْصٌ	عَلَيْكُمْ	بِالْمُؤْمِنِيْنَ
سے	تمہاری جانیں (تم)	گراں	اس پر	جو	تمہیں تکلیف پہنچے	حریص (بہت خواہشمند)	تم پر	مومنوں پر

تم میں سے، جو تمہیں تکلیف پہنچے اس پر گراں ہے، تمہاری (بھلائی کا) بہت خواہشمند ہے، مومنوں پر

رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٢٨﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ

رَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ	فَاِنْ تَوَلَّوْا	فَقُلْ	حَسْبِيَ	اللّٰهُ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ
شفیق	نہایت مہربان	پھر اگر وہ منہ موڑیں	تو کہہ دیں	مجھے کافی ہے	اللہ	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا

١٦ شفیق، نہایت مہربان ہے۔ پھر اگر وہ منہ موڑیں تو کہہ دیں مجھے کافی ہے اللہ، اس کے سوا کوئی معبود نہیں،

ع ٧ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿١٢٩﴾

٥

عَلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ	وَهُوَ	رَبُّ	الْعَرْشِ	الْعَظِيْمِ
اس پر	میں نے بھروسہ کیا	اور وہ	مالک	عرش	عظیم

میں نے اُسی پر بھروسہ کیا، اور وہ عرشِ عظیم کا مالک ہے۔

اٰيَاتُهَا ١٠٩ — ١٠ : سُوْرَةُ يُوْنُسَ مَكِّيَّةٌ : ٥١ — رُكُوْعَاتُهَا ١١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ﴿١﴾ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ

الٓرٰ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ	الْحَكِيْمِ	اَكَانَ	لِلنَّاسِ	عَجَبًا	اَنْ	اَوْحَيْنَآ	اِلٰى	رَجُلٍ
الٓرٰ	یہ	آیتیں	کتاب	حکمت والی	کیا ہوا	لوگوں کو	تعجب	کہ	ہم نے وحی بھیجی	طرف، پر	ایک آدمی

الٓرٰ - یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں۔ کیا لوگوں کو تعجب ہوا؟ کہ ہم نے وحی بھیجی ایک آدمی پر

مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ

مِّنْهُمْ	اَنْ	اَنْذِرِ	النَّاسَ	وَبَشِّرِ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اَنَّ	لَهُمْ	قَدَمَ	صِدْقٍ	عِنْدَ
ان سے	کہ	وہ ڈراتے	لوگ	اور خوشخبری دے	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	کہ	ان کے لئے	پایہ	سچا	پاس

ان میں سے کہ وہ لوگوں کو ڈرائے، اور ایمان والوں کو خوشخبری دے کہ ان کے لئے سچا پایہ (مقام) ہے

رَبِّهِمْ ؔ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٢﴾ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ

رَبِّهِمْ	قَالَ	الْكٰفِرُوْنَ	اِنَّ	هٰذَا	لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ	اِنَّ	رَبَّكُمُ	اللّٰهُ	الَّذِيْ	خَلَقَ
ان کا رب	بولے	کافر (جمع)	بیشک	یہ	کھلا جادوگر	بیشک	تمہارا رب	اللہ	وہ جس نے	پیدا کیا

ان کے رب کے پاس ۔ کافر بولے بیشک یہ تو کھلا جادوگر ہے ۔ بیشک تمہارا رب اللہ ہے ، جس نے پیدا کیا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ

السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	فِيْ	سِتَّةِ	اَيَّامٍ	ثُمَّ	اسْتَوٰى	عَلَى الْعَرْشِ	يُدَبِّرُ	الْاَمْرَ
آسمانوں	اور زمین	میں	چھ	دن	پھر	قائم ہوا	عرش پر	تدبیر کرتا ہے	کام

چھ دنوں میں آسمانوں کو اور زمین کو ، پھر وہ عرش پر قائم ہوا ، کام کی تدبیر کرتا ہے ،

مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ

مَا	مِنْ	شَفِيْعٍ	اِلَّا	مِنْۢ بَعْدِ	اِذْنِهٖ	ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	فَاعْبُدُوْهُ
نہیں	کوئی	سفارشی	مگر	بعد	اس کی اجازت	وہ ہے	اللہ	تمہارا رب	پس اس کی بندگی کرو

کوئی سفارش کرنے والا نہیں مگر اس کی اجازت کے بعد، وہ اللہ ہے تمہارا رب ، پس اس کی بندگی کرو ،

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٣﴾ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ	اِلَيْهِ	مَرْجِعُكُمْ	جَمِيْعًا	وَعْدَ	اللّٰهِ	حَقًّا	اِنَّهٗ	يَبْدَؤُا الْخَلْقَ
سو کیا تم دھیان نہیں کرتے	اسی کی طرف	تمہارا لوٹ کر جانا	سب	وعدہ	اللہ	سچا	بیشک وہی	پہلی بار پیدا کرتا ہے

سو کیا تم دھیان نہیں دیتے ؟ اسی کی طرف تم سب کو لوٹ کر جانا ہے، اللہ کا وعدہ سچا ہے ، بیشک وہی پہلی بار پیدا کرتا ہے

ثُمَّ يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

ثُمَّ	يُعِيْدُهٗ	لِيَجْزِيَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوْا	الصّٰلِحٰتِ	بِالْقِسْطِ	وَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
پھر	دوبارہ پیدا کریگا	تاکہ جزا دے	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک (جمع)	انصاف کے ساتھ	اور وہ لوگ جو	کفر کیا

پھر اس کو دوبارہ پیدا کرے گا ، تاکہ ان لوگوں کو انصاف کے ساتھ جزا دے ، جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ، اور جن لوگوں نے کفر کیا

لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿٤﴾ هُوَ الَّذِيْ

لَهُمْ	شَرَابٌ	مِّنْ	حَمِيْمٍ	وَّعَذَابٌ	اَلِيْمٌ	بِمَا	كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ	هُوَ	الَّذِيْ
اُن کے لئے	پینا ہے (پانی)	سے	کھولتا ہوا	اور عذاب	دردناک	کیونکہ	وہ کفر کرتے تھے	وہ	جس نے

ان کے لئے کھولتا ہوا پانی ہے، اور دردناک عذاب بھی، کیونکہ وہ کفر کرتے تھے۔ وہی ہے جس نے

جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ

جَعَلَ	الشَّمْسَ	ضِيَآءً	وَّالْقَمَرَ	نُوْرًا	وَّقَدَّرَهٗ	مَنَازِلَ	لِتَعْلَمُوْا	عَدَدَ	السِّنِيْنَ
بنایا	سورج	جگمگاتا	اور چاند	نور (چمکتا)	اور مقرر کر دیں اس کی	منزلیں	تاکہ تم جان لو	گنتی	برس (جمع)

سورج کو جگمگاتا اور چاند کو چمکتا بنایا، اور اس کی منزلیں مقرر کر دیں تاکہ تم برسوں کی گنتی جان لو

وَالْحِسَابَ ؕ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿٥﴾

وَالْحِسَابَ	مَا خَلَقَ	اللّٰهُ	ذٰلِكَ	اِلَّا	بِالْحَقِّ	يُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ
اور حساب	نہیں پیدا کیا	اللہ	یہ	مگر	ٹھیک درست تدبیر سے	وہ کھول کر بیان کرتا ہے	نشانیاں	علم والوں کے لئے

اور حساب، اللہ نے یہ نہیں پیدا کیا مگر درست تدبیر سے، وہ علم والوں کے لئے نشانیاں کھول کر بیان کرتا ہے۔

اِنَّ فِي اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ

اِنَّ	فِيْ	اخْتِلَافِ	الَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	وَمَا	خَلَقَ اللّٰهُ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	لَاٰيٰتٍ
بیشک	میں	بدلنا	رات	اور دن	اور جو	اللہ نے پیدا کیا	آسمانوں میں	اور زمین	نشانیاں ہیں

بیشک رات اور دن کے بدلنے میں، اور جو اللہ نے آسمانوں میں اور زمین میں پیدا کیا (اس میں) نشانیاں ہیں

لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ﴿٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

لِقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	لَا يَرْجُوْنَ	لِقَآءَنَا	وَ	رَضُوْا	بِالْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا
پرہیزگاروں کے لئے	بیشک	وہ لوگ جو	امید نہیں رکھتے	ہمارا ملنا	اور	وہ راضی ہو گئے	زندگی پر	دنیا

پرہیزگاروں کے لئے۔ بیشک جو لوگ ہمارے ملنے کی امید نہیں رکھتے، اور وہ دنیا کی زندگی پر راضی ہو گئے

وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ﴿٧﴾ اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ

وَاطْمَاَنُّوْا	بِهَا	وَالَّذِيْنَ	هُمْ	عَنْ	اٰيٰتِنَا	غٰفِلُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	مَاْوٰىهُمُ	النَّارُ
اور وہ مطمئن ہو گئے	اس پر	اور جو لوگ	وہ	سے	ہماری آیات	غافل (جمع)	یہی لوگ	ان کا ٹھکانہ	جہنم

اور اس پر مطمئن ہو گئے، اور جو لوگ ہماری آیتوں سے غافل ہیں، یہی لوگ ہیں جن کا ٹھکانہ جہنم ہے،

بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝٨ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ يَهْدِيهِمْ رَبُّهُمْ

بِمَا	كَانُوا يَكْسِبُونَ	إِنَّ	الَّذِينَ آمَنُوا	وَعَمِلُوا	الصَّالِحَاتِ	يَهْدِيهِمْ	رَبُّهُمْ
اس کا بدلہ جو	وہ کماتے تھے	بیشک	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک	انہیں راہ دکھائے گا	ان کا رب

اس کا بدلہ جو وہ کماتے تھے۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، ان کا رب انہیں راہ دکھائے گا

بِإِيمَانِهِمْ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ ۝٩ دَعْوَاهُمْ فِيهَا


عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿١١١﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً

عَمِلَتْ	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُوْنَ	وَ	ضَرَبَ اللّٰهُ	مَثَلًا	قَرْيَةً
اس نے کیا	اور وہ	ظلم نہ کئے جائیں گے	اور	بیان کی اللہ نے	ایک مثال	ایک بستی

اس نے کیا اور اُن پر ظلم نہ کیا جائے گا ۔ اور اللہ نے ایک بستی کی مثال بیان کی،

كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ

كَانَتْ	اٰمِنَةً	مُّطْمَئِنَّةً	يَّاْتِيْهَا	رِزْقُهَا	رَغَدًا	مِّنْ	كُلِّ مَكَانٍ	فَكَفَرَتْ
وہ تھی	بے خوف	مطمئن	اسکے پاس آتا تھا	اس کا رزق	بافراغت	سے	ہر جگہ	پھر اس نے ناشکری کی

وہ مطمئن بے خوف تھی، ہر جگہ سے اس کے پاس رزق بافراغت آ جاتا تھا، پھر اس نے ناشکری کی،

بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿١١٢﴾

بِاَنْعُمِ	اللّٰهِ	فَاَذَاقَهَا	اللّٰهُ	لِبَاسَ	الْجُوْعِ	وَالْخَوْفِ	بِمَا	كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ
نعمتوں سے	اللہ	تو چکھایا اس کو	اللہ	لباس	بھوک	اور خوف	اسکے بدلے جو	وہ کرتے تھے

اللہ کی نعمتوں کی، تو اللہ نے اس کے بدلے جو وہ کرتے تھے اس کو بھوک اور خوف کے لباس کا مزہ چکھایا (بھوک اور خوف اُن کا لبادہ بن گیا)

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ

وَ	لَقَدْ جَآءَهُمْ	رَسُوْلٌ	مِّنْهُمْ	فَكَذَّبُوْهُ	فَاَخَذَهُمُ	الْعَذَابُ	وَهُمْ
اور	بیشک ان کے پاس آیا	ایک رسول	ان میں سے	سو انہوں نے اسے جھٹلایا	تو انہیں آ پکڑا	عذاب	اور وہ

اور بیشک ان کے پاس ان ہی میں سے ایک رسول آیا، سو انہوں نے اسے جھٹلایا تو عذاب نے اُنہیں آ پکڑا اور وہ

ظٰلِمُوْنَ ﴿١١٣﴾ فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪ وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

ظٰلِمُوْنَ	فَكُلُوْا	مِمَّا	رَزَقَكُمُ اللّٰهُ	حَلٰلًا	طَيِّبًا	وَاشْكُرُوْا	نِعْمَتَ	اللّٰهِ
ظالم (جمع)	پس تم کھاؤ	اس سے جو	تمہیں دیا اللہ نے	حلال	پاک	اور شکر کرو	نعمت	اللہ

ظالم تھے۔ پس جو اللہ نے تمہیں دیا ہے اس میں سے حلال اور پاک کھاؤ، اور اللہ کی نعمت کا شکر کرو،

اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿١١٤﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَ

اِنْ	كُنْتُمْ	اِيَّاهُ	تَعْبُدُوْنَ	اِنَّمَا	حَرَّمَ	عَلَيْكُمُ	الْمَيْتَةَ	وَالدَّمَ	وَ
اگر	تم ہو	اس کی	تم عبادت کرتے ہو	اس کے سوا نہیں	حرام کیا	تم پر	مردار	اور خون	اور

اگر تم اس کی عبادت کرتے ہو۔ اس کے سوا نہیں کہ اللہ نے تم پر حرام کیا ہے مردار، اور خون، اور

لَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ

لَحْمَ	الْخِنْزِيْرِ	مَا	اُهِلَّ	لِغَيْرِ اللّٰهِ	بِهٖ	فَمَنِ	اضْطُرَّ	غَيْرَ بَاغٍ	وَ	لَا عَادٍ
گوشت	خنزیر	اور جو	پکارا جائے	اللہ کے علاوہ	اس پر	پس جو	لاچار ہوا	نہ سرکشی کرنیوالا	اور	نہ حد سے بڑھنے والا

خنزیر کا گوشت اور جس پر اللہ کے علاوہ (کسی اور) کا نام پکارا جائے، پس جو لاچار ہو جائے نہ سرکشی کرنے والا ہو، اور نہ حد سے بڑھنے والا

فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ

فَاِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَ	لَا تَقُوْلُوْا	لِمَا	تَصِفُ	اَلْسِنَتُكُمُ	الْكَذِبَ
تو بے شک اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور	تم نہ کہو	وہ جو	بیان کرتی ہیں	تمہاری زبانیں	جھوٹ

تو بے شک اللہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور نہ کہو تم وہ جو تمہاری زبانیں جھوٹ بیان کرتی ہیں

هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ

هٰذَا	حَلٰلٌ	وَ	هٰذَا	حَرَامٌ	لِّتَفْتَرُوْا	عَلَى	اللّٰهِ	الْكَذِبَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ
یہ	حلال	اور	یہ	حرام	کہ بہتان باندھو	پر	اللہ	جھوٹ	بیشک	وہ لوگ جو

کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام، کہ تم اللہ پر جھوٹ، بہتان باندھو، بے شک جو لوگ

يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۠ وَّلَهُمْ عَذَابٌ

يَفْتَرُوْنَ	عَلَى	اللّٰهِ	الْكَذِبَ	لَا يُفْلِحُوْنَ	مَتَاعٌ	قَلِيْلٌ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ
بہتان باندھتے ہیں	پر	اللہ	جھوٹ	فلاح نہ پائیں گے	فائدہ	تھوڑا	اور ان کے لئے	عذاب

اللہ پر جھوٹ، بہتان باندھتے ہیں وہ فلاح (دو جہان میں کامیابی) نہ پائیں گے۔ (ان کے لئے) فائدہ تھوڑا ہے، اور ان کے لئے عذاب

اَلِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ

اَلِيْمٌ	وَ	عَلَى	الَّذِيْنَ هَادُوْا	حَرَّمْنَا	مَا قَصَصْنَا	عَلَيْكَ	مِنْ قَبْلُ
دردناک	اور	پر	جو لوگ یہودی ہوئے (یہودی)	ہم نے حرام کیا	جو ہم نے بیان کیا	تم پر (سے)	اس سے قبل

دردناک ہے۔ اور یہودیوں پر ہم نے حرام کیا تھا جو اس سے قبل ہم نے تم سے بیان کیا ہے،

وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ

وَ	مَا ظَلَمْنٰهُمْ	وَلٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	ثُمَّ	اِنَّ	رَبَّكَ	لِلَّذِيْنَ
اور	نہیں ہم نے ظلم کیا ان پر	بلکہ	وہ تھے	اپنے اوپر	ظلم کرتے	پھر	بیشک	تمہارا رب	ان لوگوں کے لئے جو

اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا، بلکہ وہ اپنے اوپر ظلم کرتے تھے۔ پھر بے شک تمہارا رب ان لوگوں کے لئے جنہوں نے

عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا اِنَّ رَبَّكَ

عَمِلُوا	السُّوْٓءَ	بِجَهَالَةٍ	ثُمَّ	تَابُوْا	مِنْۢ بَعْدِ	ذٰلِكَ	وَاَصْلَحُوْٓا	اِنَّ	رَبَّكَ
عمل کئے	بُرے	نادانی سے	پھر	انہوں نے توبہ کی	اس کے بعد	اس	اور انہوں نے اصلاح کی	بیشک	تمہارا رب

نادانی سے بُرے عمل کئے ، پھر اس کے بعد انہوں نے توبہ کی اور اصلاح کر لی ، بیشک تمہارا رب

مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١١٩﴾ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ؕ ١٥ ع ٩ ٢١

مِنْۢ بَعْدِهَا	لَغَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	اِنَّ	اِبْرٰهِيْمَ	كَانَ	اُمَّةً	قَانِتًا	لِّلّٰهِ	حَنِيْفًا
اس کے بعد	بخشنے والا	نہایت مہربان	بیشک	ابراہیم	تھے	ایک جماعت (امام)	فرمانبردار	اللہ کے	یک رُخ

اس کے بعد بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ بیشک ابراہیمؑ امام تھے اللہ کے فرمانبردار، یک رُخ (سب کو چھوڑ کر ایک اللہ کے ہو رہنے والے)

وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٢٠﴾ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ؕ اِجْتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ

وَ	لَمْ يَكُ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	شَاكِرًا	لِّاَنْعُمِهٖ	اِجْتَبٰىهُ	وَهَدٰىهُ
اور	نہ تھے	سے	مشرک (جمع)	شکر گزار	اسکی نعمتوں کے لئے	اُس نے اُسے چُن لیا	اور اس کی رہنمائی کی

اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھے ۔ اس کی نعمتوں کے شکر گزار، (اللہ نے) انہیں چُن لیا، اور اُن کی رہنمائی کی

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿١٢١﴾ وَاٰتَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ

اِلٰى	صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ	وَاٰتَيْنٰهُ	فِى الدُّنْيَا	حَسَنَةً	وَاِنَّهٗ	فِى الْاٰخِرَةِ
طرف	سیدھی راہ	اور اس کو دی ہم نے	دنیا میں	بھلائی	اور بیشک وہ	آخرت میں

سیدھی راہ کی طرف ۔ اور ہم نے انہیں دنیا میں بھلائی دی ، اور بیشک وہ آخرت میں

لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٢٢﴾ ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ

لَمِنَ	الصّٰلِحِيْنَ	ثُمَّ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	اَنِ	اتَّبِعْ	مِلَّةَ	اِبْرٰهِيْمَ	حَنِيْفًا
سے	نیکوکار (جمع)	پھر	وحی بھیجی ہم نے	تمہاری طرف	کہ	پیروی کرو	دین	ابراہیم	یک رُخ

نیکوکاروں میں سے ہیں ۔ پھر ہم نے تمہاری طرف وحی بھیجی کہ ہر ایک سے جدا ہو رہنے والے (یک رُخ) ابراہیمؑ کی پیروی کرو

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٢٣﴾ اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِيْنَ

وَمَا كَانَ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	اِنَّمَا	جُعِلَ	السَّبْتُ	عَلَى	الَّذِيْنَ
اور نہ تھے وہ	سے	مشرک (جمع)	اس کے سوا نہیں	مقرر کیا گیا	ہفتہ کا دن	پر	وہ لوگ جو

اور وہ مشرکوں سے نہ تھے ۔ اس کے سوا نہیں کہ ہفتہ (عظمت کا دن) ان لوگوں پر مقرر کیا گیا جنہوں نے

اخْتَلَفُوا فِيهِ ۚ وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا

اخْتَلَفُوا	فِيهِ	وَإِنَّ	رَبَّكَ	لَيَحْكُمُ	بَيْنَهُمْ	يَوْمَ الْقِيَامَةِ	فِيمَا	كَانُوا
انہوں نے اختلاف کیا	اس میں	اور بیشک	تمہارا رب	البتہ فیصلہ کریگا	ان کے درمیان	روزِ قیامت	اس میں جو	وہ تھے

اس میں اختلاف کیا تھا، اور بیشک تمہارا رب البتہ قیامت کے دن اُن کے درمیان اس (بات) میں فیصلہ کر دے گا

فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿١٢٤﴾ ادْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ

فِيهِ	يَخْتَلِفُونَ	ادْعُ	إِلَىٰ	سَبِيلِ	رَبِّكَ	بِالْحِكْمَةِ	وَالْمَوْعِظَةِ
اس میں	اختلاف کرتے	بلاؤ	طرف	راستہ	اپنا رب	حکمت (دانائی) سے	اور نصیحت

جس میں وہ اختلاف کرتے تھے۔ اپنے رب کے راستہ کی طرف بُلاؤ دانائی سے' اور اچھی نصیحت سے'

الْحَسَنَةِ ۖ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ ۚ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ

الْحَسَنَةِ	وَجَادِلْهُمْ	بِالَّتِي	هِيَ	أَحْسَنُ	إِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	أَعْلَمُ
اچھی	اور بحث کرو ان سے	ایسے جو	وہ	سب سے بہتر	بیشک	تمہارا رب	وہ	خوب جاننے والا

اور ان سے ایسے بحث کرو جو سب سے بہتر ہو، بیشک تمہارا رب اس کو خوب جاننے والا ہے

بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيلِهِ ۖ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ﴿١٢٥﴾ وَإِنْ

بِمَنْ	ضَلَّ	عَنْ	سَبِيلِهِ	وَهُوَ	أَعْلَمُ	بِالْمُهْتَدِينَ	وَإِنْ
اس کو جو	گمراہ ہوا	سے	اس کا راستہ	اور وہ	خوب جاننے والا	راہ پانے والوں کو	اور اگر

جو اللہ کے راستہ سے گمراہ ہوا، اور وہ راہ پانے والوں کو خوب جاننے والا ہے۔ اور اگر

عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوا بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُمْ بِهِ ۖ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ

عَاقَبْتُمْ	فَعَاقِبُوا	بِمِثْلِ	مَا عُوقِبْتُمْ	بِهِ	وَلَئِنْ	صَبَرْتُمْ
تم تکلیف دو	تو انہیں تکلیف دو	ایسی	جو تمہیں تکلیف دی گئی	اس سے	اور اگر	تم صبر کرو

تم تکلیف دو تو ایسی ہی تکلیف دو ، جیسی تمہیں تکلیف دی گئی تھی، اور اگر تم صبر کرو

لَهُوَ خَيْرٌ لِلصَّابِرِينَ ﴿١٢٦﴾ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللَّهِ ۚ وَلَا تَحْزَنْ

لَهُوَ	خَيْرٌ	لِلصَّابِرِينَ	وَاصْبِرْ	وَمَا	صَبْرُكَ	إِلَّا	بِاللَّهِ	وَلَا تَحْزَنْ
تو وہ	بہتر	صبر کرنے والوں کے لئے	اور صبر کرو	اور نہیں	تمہارا صبر	مگر	اللہ کی مدد سے	اور غم نہ کھاؤ

تو یہ صبر کرنے والوں کے لئے بہتر ہے۔ اور صبر کرو اور تمہارا صبر اللہ ہی کی مدد سے ہے۔ اور غم نہ کھاؤ

عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿١٢٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	مَعَ	اللّٰهَ	اِنَّ	يَمْكُرُوْنَ	مِّمَّا	ضَيْقٍ	فِيْ	وَلَا تَكُ	عَلَيْهِمْ
وہ لوگ جو	ساتھ	اللہ	بیشک	وہ فریب کرتے ہیں	اس سے جو	تنگی	میں	اور نہ ہو	اُن پر

اُن پر، اور وہ جو فریب کرتے ہیں اس سے تنگی میں (دل تنگ)، نہ ہو ۔ بے شک اللہ ان لوگوں کے ساتھ ہے جنہوں نے ١٦ ع ٩ ٢٢

اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿١٢٨﴾

مُّحْسِنُوْنَ	هُمْ	وَالَّذِيْنَ	اتَّقَوْا
نیکوکار (جمع)	وہ	اور وہ لوگ جو	انہوں نے پرہیزگاری کی

پرہیزگاری کی، اور وہ لوگ جو نیکوکار ہیں۔

۱۷ : سُوْرَۃُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مَکِّیَّۃٌ : ۵۰

آیاتها ۱۱۱ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | رکوعاتها ۱۲

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ

سُبْحٰنَ	الَّذِیْٓ	اَسْرٰی	بِعَبْدِہٖ	لَیْلًا	مِّنَ	الْمَسْجِدِ
پاک	وہ جو	لے گیا	اپنے بندہ کو	راتوں رات	سے	مسجد

پاک ہے وہ، جو اپنے بندے کو راتوں رات مسجد

الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنْ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ

الْحَرَامِ	اِلَى	الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا	الَّذِیْ	بٰرَكْنَا	حَوْلَهٗ	لِنُرِیَهٗ	مِنْ	اٰیٰتِنَا	اِنَّهٗ
حرام	تک	مسجد اقصا	وہ جو	برکت دی ہم نے	اس کے اردگرد	تاکہ دکھائیں ہم اس کو	سے	اپنی نشانیاں	بیشک وہ

حرام (خانہ کعبہ) سے مسجد اقصیٰ (بیت المقدس) تک لے گیا، جس کے اردگرد (اطراف) کو ہم نے برکت دی ہے، تاکہ ہم اسے اپنی نشانیاں دکھا دیں، بیشک

هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ① وَاٰتَیْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ

هُوَ	السَّمِیْعُ	الْبَصِیْرُ	وَ	اٰتَیْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	وَجَعَلْنٰهُ	هُدًى	لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ
وہ	سننے والا	دیکھنے والا	اور	ہم نے دی	موسیٰ	کتاب	اور ہم نے بنایا اسے	ہدایت	بنی اسرائیل کے لئے

وہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ اور ہم نے موسیٰؑ کو کتاب دی، اور اسے بنی اسرائیل کے لئے ہدایت بنایا

اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِیْ وَكِیْلًا ② ذُرِّیَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

اَلَّا تَتَّخِذُوْا	مِنْ دُوْنِیْ	وَكِیْلًا	ذُرِّیَّةَ	مَنْ	حَمَلْنَا	مَعَ نُوْحٍ	اِنَّهٗ	كَانَ
کہ نہ ٹھہراؤ	میرے سوا	کارساز	اولاد	جو جس	ہم نے سوار کیا	نوحؑ کے ساتھ	بیشک وہ	تھا

کہ میرے سوا (کسی کو) کارساز نہ ٹھہراؤ۔ اے (ان لوگوں کی) اولاد! جن کو ہم نے نوحؑ کے ساتھ سوار کیا، بیشک وہ

عَبْدًا شَكُوْرًا ③ وَقَضَیْنَآ اِلٰى بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ فِی الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ

عَبْدًا	شَكُوْرًا	وَ قَضَیْنَآ	اِلٰى	بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ	فِی الْكِتٰبِ	لَتُفْسِدُنَّ
بندہ	شکرگزار	اور صاف کہہ دیا ہم نے	طرف کو	بنی اسرائیل	کتاب	البتہ تم فساد کرو گے

شکر گزار بندہ تھا۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب میں صاف کہہ سنایا، البتہ تم فساد کرو گے

فِي الْأَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيرًا ۝٤ فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ أُولٰىهُمَا

فِي	الْأَرْضِ	مَرَّتَيْنِ	وَلَتَعْلُنَّ	عُلُوًّا كَبِيرًا	فَإِذَا	جَاءَ	وَعْدُ	أُولٰىهُمَا
میں	زمین	دو مرتبہ	اور تم ضرور زور پکڑو گے	بڑا زور	پس جب	آیا	وعدہ	دو میں سے پہلا

زمین میں دو مرتبہ اور تم ضرور زور پکڑو گے (سرکشی کرو گے)۔ پس جب دونوں میں سے پہلے وعدہ (کا وقت) آیا

بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَا أُولِي بَأْسٍ شَدِيدٍ فَجَاسُوا خِلٰلَ الدِّيَارِ ۚ وَكَانَ وَعْدًا

بَعَثْنَا	عَلَيْكُمْ	عِبَادًا لَّنَا	أُولِي بَأْسٍ	شَدِيدٍ	فَجَاسُوا	خِلٰلَ الدِّيَارِ	وَكَانَ	وَعْدًا
ہم نے بھیجے	تم پر	اپنے بندے	لڑائی والے	سخت	تو وہ گھس پڑے	شہروں کے اندر	اور تھا	ایک وعدہ

تو ہم نے تم پر اپنے سخت لڑائی والے بندے بھیجے، وہ شہروں کے اندر گھس گئے (پھیل گئے)، اور یہ ایک وعدہ تھا

مَّفْعُولًا ۝٥ ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَأَمْدَدْنٰكُم بِأَمْوَالٍ وَّبَنِينَ

مَّفْعُولًا	ثُمَّ	رَدَدْنَا	لَكُمُ	الْكَرَّةَ	عَلَيْهِمْ	وَأَمْدَدْنٰكُم	بِأَمْوَالٍ	وَّبَنِينَ
پورا ہونے والا	پھر	ہم نے پھیر دی	تمہارے لئے	باری	ان پر	اور ہم نے تمہیں مدد دی	مالوں سے	اور بیٹے

پورا ہو کر رہنے والا۔ پھر ہم نے ان پر تمہاری باری پھیر دی (تمہیں غلبہ دیدیا) اور مالوں سے اور بیٹوں سے ہم نے تمہیں مدد دی

وَجَعَلْنٰكُمْ أَكْثَرَ نَفِيرًا ۝٦ إِنْ أَحْسَنتُمْ أَحْسَنتُمْ لِأَنفُسِكُمْ ۖ وَإِنْ أَسَأْتُمْ

وَجَعَلْنٰكُمْ	أَكْثَرَ	نَفِيرًا	إِنْ	أَحْسَنتُمْ	أَحْسَنتُمْ	لِأَنفُسِكُمْ	وَإِنْ	أَسَأْتُمْ
اور ہم نے تمہیں کر دیا	زیادہ	جتھا (لشکر)	اگر	تم نے بھلائی کی	تم نے بھلائی کی	اپنی جانوں کے لئے	اور اگر	تم نے برائی کی

اور ہم نے تمہیں بڑا جتھا (لشکر) کر دیا۔ اگر تم نے بھلائی کی تو اپنی جانوں کے لئے، اور اگر تم نے برائی کی

فَلَهَا ۚ فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ الْآخِرَةِ لِيَسُوءُوا وُجُوهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا

فَلَهَا	فَإِذَا	جَاءَ	وَعْدُ الْآخِرَةِ	لِيَسُوءُوا	وُجُوهَكُمْ	وَلِيَدْخُلُوا	الْمَسْجِدَ	كَمَا
تو ان کے لئے	پھر جب	آیا	دوسرا وعدہ	کہ وہ بگاڑ دیں	تمہارے چہرے	اور وہ گھس جائیں	مسجد	جیسے

تو ان (اپنی جانوں) کے لئے پھر (یاد کرو) جب دوسرے وعدے (کا وقت) آیا کہ وہ (دشمن) تمہارے چہرے بگاڑ دیں اور وہ مسجد (اقصیٰ) میں گھس جائیں جیسے

دَخَلُوهُ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوا مَا عَلَوْا تَتْبِيرًا ۝٧ عَسٰى رَبُّكُمْ أَن يَرْحَمَكُمْ ۚ

دَخَلُوهُ	أَوَّلَ مَرَّةٍ	وَّلِيُتَبِّرُوا	مَا عَلَوْا	تَتْبِيرًا	عَسٰى	رَبُّكُمْ	أَن	يَرْحَمَكُمْ
وہ گھسے	پہلی بار	اور برباد کر ڈالیں	جہاں غلبہ پائیں	پوری طرح برباد	امید ہے	تمہارا رب	کہ	وہ تم پر رحم کرے

وہ پہلی بار گھسے تھے اور یہ کہ جہاں غلبہ پائیں، پوری طرح برباد کر ڈالیں۔ امید ہے (بعید نہیں) کہ تمہارا رب تم پر رحم کرے

وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ﴿٨﴾ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ

وَاِنْ	عُدْتُّمْ	عُدْنَا	وَ	جَعَلْنَا	جَهَنَّمَ	لِلْكٰفِرِيْنَ	حَصِيْرًا	اِنَّ	هٰذَا الْقُرْاٰنَ
اور اگر	تم پھر (وہی) کرو گے	ہم (بھی) کریں گے	اور ہم نے بنایا		جہنم	کافروں کے لئے	قید خانہ	بیشک	یہ قرآن

اور اگر تم پھر وہی کرو گے تو ہم (بھی) وہی کریں گے اور ہم نے جہنم کافروں کے لئے قید خانہ بنایا ہے۔ بیشک یہ قرآن

يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ

يَهْدِيْ	لِلَّتِيْ	هِيَ	اَقْوَمُ	وَيُبَشِّرُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	الَّذِيْنَ	يَعْمَلُوْنَ	الصّٰلِحٰتِ	اَنَّ
رہنمائی کرتا ہے	اس کے لئے جو	وہ	سب سے سیدھی	اور بشارت دیتا ہے	مومن (جمع)	وہ لوگ	عمل کرتے ہیں	اچھے	کہ

اس راہ کی رہنمائی کرتا ہے جو سب سے سیدھی ہے، اور ان مومنوں کو بشارت دیتا ہے جو اچھے عمل کرتے ہیں کہ

لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ﴿٩﴾ وَّاَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا

لَهُمْ	اَجْرًا كَبِيْرًا	وَاَنَّ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	اَعْتَدْنَا	لَهُمْ	عَذَابًا
ان کے لئے	بڑا اجر	اور یہ کہ	جو لوگ	ایمان نہیں لاتے	آخرت پر	ہم نے تیار کیا	ان کے لئے	عذاب

ان کے لئے بڑا اجر ہے۔ اور یہ کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے، ہم نے ان کے لئے تیار کیا ہے عذاب

١ ع ١٠ ١

اَلِيْمًا ﴿١٠﴾ وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ﴿١١﴾

اَلِيْمًا	وَيَدْعُ	الْاِنْسَانُ	بِالشَّرِّ	دُعَآءَهٗ	بِالْخَيْرِ	وَكَانَ	الْاِنْسَانُ	عَجُوْلًا
دردناک	اور دعا کرتا ہے	انسان	برائی کی	اس کی دعا	بھلائی کی	اور ہے	انسان	جلد باز

دردناک۔ اور انسان برائی کی دعا کرتا ہے، جیسے وہ بھلائی کی دعا کرتا ہے، اور انسان جلد باز ہے۔

وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً

وَجَعَلْنَا	الَّيْلَ	وَالنَّهَارَ	اٰيَتَيْنِ	فَمَحَوْنَا	اٰيَةَ الَّيْلِ	وَجَعَلْنَا	اٰيَةَ النَّهَارِ	مُبْصِرَةً
اور ہم نے بنایا	رات	اور دن	دو نشانیاں	پھر ہم نے مٹا دیا	رات کی نشانی	اور ہم نے بنایا	دن کی نشانی	دکھانے والی

اور ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں بنایا، پھر ہم نے رات کی نشانی کو مٹا دیا (ماند کردیا) اور ہم نے دن کی نشانی کو دکھانے والی بنایا

لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ

لِتَبْتَغُوْا	فَضْلًا	مِنْ رَّبِّكُمْ	وَلِتَعْلَمُوْا	عَدَدَ	السِّنِيْنَ	وَالْحِسَابَ	وَ	كُلَّ شَيْءٍ
تاکہ تم تلاش کرو	فضل	اپنے رب سے (کا)	اور تاکہ تم معلوم کرو	گنتی	برس (جمع)	اور حساب	اور	ہر چیز

تاکہ تم اپنے رب کا فضل (روزی) تلاش کرو، اور تاکہ برسوں کی گنتی اور حساب معلوم کرو اور ہر چیز کو

فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ﴿۱۲﴾ وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ؕ وَنُخْرِجُ لَهٗ

فَصَّلْنٰهُ	تَفْصِيْلًا	وَ	كُلَّ اِنْسَانٍ	اَلْزَمْنٰهُ	طٰٓئِرَهٗ	فِيْ عُنُقِهٖ	وَنُخْرِجُ	لَهٗ
ہم نے بیان کیا ہے	تفصیل کے ساتھ	اور	ہر انسان	اسکو لگا دی (لٹکا دی)	اس کی قسمت	اسکی گردن سے	اور ہم نکالیں گے	اسکے لئے

ہم نے تفصیل کے ساتھ بیان کر دیا ہے، اور ہم نے ہر انسان کی قسمت اس کی گردن میں لٹکا دی، اور ہم اس کے لئے نکالیں گے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	كِتٰبًا	يَّلْقٰىهُ	مَنْشُوْرًا	اِقْرَاْ	كِتٰبَكَ	كَفٰى	بِنَفْسِكَ	الْيَوْمَ	عَلَيْكَ
روزِ قیامت	ایک نوشتہ	اور اسے پائے گا	کھلا ہوا	پڑھ لے	اپنی کتاب (نامۂ اعمال)	کافی ہے	تو خود	آج	اپنے اوپر

روزِ قیامت ایک نوشتہ وہ اسے کھلا ہوا پائے گا۔ اپنا نامۂ اعمال۔ پڑھ لے، آج تو خود اپنے اوپر کافی ہے

حَسِيْبًا ﴿۱۴﴾ مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ

حَسِيْبًا	مَنِ	اهْتَدٰى	فَاِنَّمَا	يَهْتَدِيْ	لِنَفْسِهٖ	وَمَنْ	ضَلَّ	فَاِنَّمَا	يَضِلُّ
حساب لینے والا	جس	ہدایت پائی	تو صرف	اس نے ہدایت پائی	اپنے لئے	اور جو	گمراہ ہوا	تو صرف	گمراہ ہوا

حساب لینے والا (محتسب)۔ جس نے ہدایت پائی اس نے صرف اپنے لئے ہدایت پائی، اور جو کوئی گمراہ ہوا تو وہ گمراہ ہوا صرف

عَلَيْهَا ۗ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾

عَلَيْهَا	وَلَا تَزِرُ	وَازِرَةٌ	وِّزْرَ اُخْرٰى	وَ	مَا كُنَّا	مُعَذِّبِيْنَ	حَتّٰى	نَبْعَثَ	رَسُوْلًا
اپنے اوپر (اپنے برے کو)	اور بوجھ نہیں اٹھاتا	کوئی اٹھانے والا	دوسرے کا بوجھ	اور	ہم نہیں	عذاب دینے والے	جب تک	ہم نہ بھیجیں	کوئی رسول

اپنے برے کو، اور کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھاتا، اور جب تک ہم کوئی رسول نہ بھیجیں ہم عذاب دینے والے نہیں۔

وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا

وَاِذَآ	اَرَدْنَآ	اَنْ نُّهْلِكَ	قَرْيَةً	اَمَرْنَا	مُتْرَفِيْهَا	فَفَسَقُوْا	فِيْهَا	فَحَقَّ	عَلَيْهَا
اور جب	ہم نے چاہا	کہ ہم ہلاک کریں	کوئی بستی	ہم نے حکم بھیجا	اس کے خوشحال لوگ	تو انہوں نے نافرمانی کی	اس میں	پھر پوری ہو گئی	ان پر

اور جب ہم نے کسی بستی کو ہلاک کرنا چاہا تو ہم نے اس کے خوشحال لوگوں کو حکم بھیجا تو انہوں نے اس میں نافرمانی کی پھر ان پر پوری ہو گئی

الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ

الْقَوْلُ	فَدَمَّرْنٰهَا	تَدْمِيْرًا	وَكَمْ	اَهْلَكْنَا	مِنَ	الْقُرُوْنِ	مِنْۢ بَعْدِ	نُوْحٍ
بات	پھر ہم نے انہیں ہلاک کیا	پوری طرح ہلاک	اور کتنی	ہم نے ہلاک کر دیں	سے	بستیاں	بعد	نوح

بات (حکم ثابت ہو گیا)، پھر ہم نے انہیں بری طرح ہلاک کر دیا۔ اور ہم نے نوح کے بعد کتنی ہی بستیاں ہلاک کر دیں

وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا (۱۷) مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ

وَكَفٰى	بِرَبِّكَ	بِذُنُوْبِ	عِبَادِهٖ	خَبِيْرًا	بَصِيْرًا	مَنْ	كَانَ يُرِيْدُ	الْعَاجِلَةَ
اور کافی	تیرا رب	گناہوں کو	اپنے بندے	خبر رکھنے والا	دیکھنے والا	جو کوئی	چاہتا ہے	جلدی

اور تیرا رب کافی ہے اپنے بندوں کے گناہوں کی خبر رکھنے والا دیکھنے والا ہے۔ جو کوئی جلدی (دنیا میں) چاہتا ہے،

عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا

عَجَّلْنَا	لَهٗ	فِيْهَا	مَا نَشَآءُ	لِمَنْ	نُّرِيْدُ	ثُمَّ	جَعَلْنَا	لَهٗ	جَهَنَّمَ	يَصْلٰىهَا	مَذْمُوْمًا
ہم جلد دیدیں گے	اس کو	اس (دنیا) میں	جتنا ہم چاہیں	جس کو	ہم چاہیں	پھر	ہم نے بنا دیا	اسکے لئے	جہنم	وہ داخل ہوگا اس میں	مذمت کیا ہوا

ہم اس کو جتنا چاہیں جلدی (دنیا میں) دیدیں گے، پھر ہم نے اس کے لئے جہنم بنا دیا ہے وہ اس میں داخل ہوگا مذمت کیا ہوا

مَّدْحُوْرًا (۱۸) وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ

مَّدْحُوْرًا	وَمَنْ	اَرَادَ	الْاٰخِرَةَ	وَسَعٰى	لَهَا	سَعْيَهَا	وَهُوَ	مُؤْمِنٌ	فَاُولٰٓئِكَ
دُور کیا ہوا (دھکیلا ہوا)	اور جو	چاہے	آخرت	اور کوشش کی اس نے	اسکے لئے	اس کی سی کوشش	اور (بشرطیکہ) وہ	مومن	پس یہی لوگ

دھکیلا ہوا۔ اور جو کوئی آخرت چاہے اور اس کے لئے اس کی سی کوشش کرے، بشرطیکہ وہ مومن ہو، پس یہی لوگ ہیں

كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا (۱۹) كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ۭ

كَانَ	سَعْيُهُمْ	مَّشْكُوْرًا	كُلًّا	نُّمِدُّ	هٰٓؤُلَآءِ	وَ	هٰٓؤُلَآءِ	مِنْ	عَطَآءِ	رَبِّكَ
ہے۔ ہوئی	ان کی کوشش	قدر کی ہوئی (مقبول)	ہر ایک	ہم دیتے ہیں	اِن کو بھی	اور	اُن کو بھی	سے	بخشش	تیرا رب

جن کی کوشش مقبول ہوئی۔ ہم تیرے رب کی بخشش سے اِن کو بھی اور اُن کو بھی ہر ایک کو دیتے ہیں

وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا (۲۰) اُنْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۭ

وَ	مَا كَانَ	عَطَآءُ	رَبِّكَ	مَحْظُوْرًا	اُنْظُرْ	كَيْفَ	فَضَّلْنَا	بَعْضَهُمْ	عَلٰى	بَعْضٍ
اور	نہیں ہے	بخشش	تیرا رب	روکی جانے والی	دیکھو	کس طرح	ہم نے فضیلت دی	انکے بعض (ایک)	پر	بعض (دوسرا)

اور تیرے رب کی بخشش (کسی پر) روکی جانے والی نہیں۔ دیکھو! ہم نے کس طرح اُن کے ایک کو دوسرے پر فضیلت دی

وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا (۲۱) لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ

وَلَلْاٰخِرَةُ	اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ	وَ	اَكْبَرُ	تَفْضِيْلًا	لَا تَجْعَلْ	مَعَ اللّٰهِ	اِلٰـهًا اٰخَرَ
اور البتہ آخرت	سب سے بڑے درجے	اور	سب سے برتر	فضیلت میں	نہ ٹھہرا	اللہ کے ساتھ	کوئی دوسرا معبود

اور البتہ آخرت کے درجے سب سے بڑے، اور فضیلت میں سب سے برتر ہیں۔ اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود نہ ٹھہرا

۲ ع۱۲ ۲

فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ﴿۲۲﴾ وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ

فَتَقْعُدَ	مَذْمُوْمًا	مَّخْذُوْلًا	وَقَضٰى	رَبُّكَ	اَلَّا تَعْبُدُوْٓا	اِلَّآ اِيَّاهُ	وَبِالْوَالِدَيْنِ
پس تو بیٹھ رہے گا	مذمت کیا ہوا	بے بس ہو کر	اور حکم فرما دیا	تیرا رب	کہ نہ عبادت کرو	اس کے سوا	اور ماں باپ سے

پس تو بیٹھ رہے گا مذمت کیا ہوا' بے بس ہو کر' اور تیرے رب نے حکم فرما دیا کہ اس کے سوا کسی اور کی عبادت نہ کرو' اور ماں باپ سے

اِحْسَانًا ؕ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ

اِحْسَانًا	اِمَّا يَبْلُغَنَّ	عِنْدَكَ	الْكِبَرَ	اَحَدُهُمَآ	اَوْ	كِلٰهُمَا	فَلَا تَقُلْ	لَّهُمَآ
حسن سلوک	اگر وہ پہنچ جائیں	تیرے سامنے	بڑھاپا	ان میں سے ایک	یا	وہ دونوں	تو نہ کہہ	انہیں

حسن سلوک کرو' اور ان میں سے ایک یا وہ دونوں تیرے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انہیں نہ کہو

اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ﴿۲۳﴾ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ

اُفٍّ	وَّلَا تَنْهَرْهُمَا	وَقُلْ	لَّهُمَا	قَوْلًا	كَرِيْمًا	وَاخْفِضْ	لَهُمَا	جَنَاحَ	الذُّلِّ
اُف	اور نہ جھڑکو انہیں	اور کہو	ان سے	بات	ادب کے ساتھ	اور جھکا دے	ان کے لئے	بازو	عاجزی

اُف (بھی) اور انہیں نہ جھڑکو' اور ان سے ادب کے ساتھ بات کہو (کرو)۔ اور ان کے لئے عاجزی کے (ساتھ) بازو جھکا دو

مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿۲۴﴾ؕ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا

مِنَ	الرَّحْمَةِ	وَقُلْ	رَّبِّ	ارْحَمْهُمَا	كَمَا	رَبَّيٰنِيْ	صَغِيْرًا	رَبُّكُمْ	اَعْلَمُ	بِمَا
سے	مہربانی	اور کہو	اے میرے رب	ان دونوں پر رحم فرما	جیسے	انہوں نے میری پرورش کی	بچپن	تمہارا رب	خوب جانتا ہے	جو

مہربانی سے' اور کہو اے میرے رب! ان دونوں پر رحم فرما جیسے انہوں نے بچپن میں میری پرورش کی۔ تمہارا رب خوب جانتا ہے جو

فِيْ نُفُوْسِكُمْ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿۲۵﴾ وَاٰتِ

فِيْ نُفُوْسِكُمْ	اِنْ	تَكُوْنُوْا	صٰلِحِيْنَ	فَاِنَّهٗ	كَانَ	لِلْاَوَّابِيْنَ	غَفُوْرًا	وَاٰتِ
تمہارے دلوں میں	اگر	تم ہوگے	نیک (جمع)	تو بیشک وہ	ہے	رجوع کرنے والوں کے لئے	بخشنے والا	اور دو

تمہارے دلوں میں ہے' اگر تم نیک ہوگے تو بیشک وہ رجوع کرنے والوں کو بخشنے والا ہے۔ اور دو

ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿۲۶﴾

ذَا الْقُرْبٰى	حَقَّهٗ	وَالْمِسْكِيْنَ	وَ	ابْنَ السَّبِيْلِ	وَ	لَا تُبَذِّرْ	تَبْذِيْرًا
قرابت دار	اس کا حق	اور مسکین	اور	مسافر	اور	نہ فضول خرچی کرو	اندھا دھند

قرابت دار کو اس کا حق' اور مسکین اور مسافر کو' اور اندھا دھند فضول خرچی نہ کرو۔

إِنَّ الْمُبَذِّرِينَ كَانُوا إِخْوَانَ الشَّيَاطِينِ ۖ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِرَبِّهِ كَفُورًا ﴿٢٧﴾

إِنَّ	الْمُبَذِّرِينَ	كَانُوا	إِخْوَانَ	الشَّيَاطِينِ	وَكَانَ	الشَّيْطَانُ	لِرَبِّهِ	كَفُورًا
بیشک	فضول خرچ (جمع)	ہیں	بھائی (جمع)	شیطان (جمع)	اور ہے	شیطان	اپنے رب کا	ناشکرا

بیشک فضول خرچ شیطانوں کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے رب کا ناشکرا ہے۔

وَإِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَاءَ رَحْمَةٍ مِّن رَّبِّكَ تَرْجُوهَا فَقُل لَّهُمْ

وَإِمَّا	تُعْرِضَنَّ	عَنْهُمُ	ابْتِغَاءَ	رَحْمَةٍ	مِّن	رَّبِّكَ	تَرْجُوهَا	فَقُل	لَّهُمْ
اور اگر	تو منہ پھیر لے	ان سے	انتظار میں	رحمت	سے	اپنا رب	تو اس کی امید رکھتا ہے	تو کہہ	ان سے

اور اگر تو اپنے رب کی رحمت (فراخ دستی) کے انتظار میں، جس کی تو امید رکھتا ہے، ان سے منہ پھیر لے تو ان سے کہہ دیا کر

قَوْلًا مَّيْسُورًا ﴿٢٨﴾ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُولَةً إِلَىٰ عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا

قَوْلًا مَّيْسُورًا	وَ	لَا تَجْعَلْ	يَدَكَ	مَغْلُولَةً	إِلَىٰ	عُنُقِكَ	وَ	لَا تَبْسُطْهَا
نرمی کی بات	اور	نہ رکھ	اپنا ہاتھ	بندھا ہوا	تک ۔ سے	اپنی گردن	اور	نہ اسے کھول

نرمی کی بات۔ اور اپنا ہاتھ اپنی گردن تک بندھا ہوا نہ رکھ (کنجوس نہ ہو جا) اور نہ اسے کھول

كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُومًا مَّحْسُورًا ﴿٢٩﴾ إِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ

كُلَّ الْبَسْطِ	فَتَقْعُدَ	مَلُومًا	مَّحْسُورًا	إِنَّ	رَبَّكَ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَن يَشَاءُ
پوری طرح کھولنا	پھر تو بیٹھا رہ جائے	ملامت زدہ	تھکا ہوا	بیشک	تیرا رب	فراخ کر دیتا ہے	روزی	جس کی وہ چاہتا ہے

پوری طرح (بالکل ہی)، کہ پھر تو ملامت زدہ تھکا ہارا بیٹھا رہ جائے۔ بیشک تیرا رب جس کی چاہتا ہے روزی فراخ کر دیتا ہے اور (جس کی چاہتا ہے)

وَيَقْدِرُ ۚ إِنَّهُ كَانَ بِعِبَادِهِ خَبِيرًا بَصِيرًا ﴿٣٠﴾ وَلَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ ۳ ع ۸ ۳

وَ يَقْدِرُ	إِنَّهُ	كَانَ	بِعِبَادِهِ	خَبِيرًا	بَصِيرًا	وَلَا تَقْتُلُوا	أَوْلَادَكُمْ	خَشْيَةَ	إِمْلَاقٍ
اور تنگ کر دیتا ہے	بیشک وہ	ہے	اپنے بندوں سے	خبر رکھنے والا	دیکھنے والا	اور نہ قتل کرو	اپنی اولاد	ڈر	مفلسی

تنگ کر دیتا ہے، بے شک وہ اپنے بندوں کی خبر رکھنے والا، دیکھنے والا ہے۔ اور اپنی اولاد کو مفلسی کے ڈر سے قتل نہ کرو

نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَإِيَّاكُمْ ۚ إِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْئًا كَبِيرًا ﴿٣١﴾ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنَىٰ

نَحْنُ	نَرْزُقُهُمْ	وَإِيَّاكُمْ	إِنَّ	قَتْلَهُمْ	كَانَ	خِطْئًا كَبِيرًا	وَلَا تَقْرَبُوا	الزِّنَىٰ
ہم	ہم رزق دیتے ہیں انہیں	اور تم کو	بیشک	ان کا قتل	ہے	گناہ بڑا	اور نہ قریب جا	زنا

ہم ہی انہیں رزق دیتے ہیں اور تم کو (بھی)۔ بیشک اُن کا قتل بڑا گناہ ہے۔ اور زنا کے قریب نہ جا،

إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً ۭ وَسَاءَ سَبِيلًا ﴿٣٢﴾ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ

إِنَّهُ	كَانَ	فَاحِشَةً	وَسَاءَ	سَبِيلًا	وَ	لَا تَقْتُلُوا	النَّفْسَ	الَّتِي	حَرَّمَ اللَّهُ
بیشک یہ	ہے	بے حیائی	اور بُرا	راستہ	اور	نہ قتل کرو	جان	وہ جوکہ	اللہ نے حرام کیا

بیشک یہ بے حیائی ہے اور بُرا راستہ۔ اور اس جان کو قتل نہ کرو جسے (قتل کرنا) اللہ نے حرام کیا ہے

إِلَّا بِالْحَقِّ ۭ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُومًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهِ سُلْطَانًا فَلَا يُسْرِفْ

إِلَّا	بِالْحَقِّ	وَمَنْ	قُتِلَ	مَظْلُومًا	فَقَدْ جَعَلْنَا	لِوَلِيِّهِ	سُلْطَانًا	فَلَا يُسْرِفْ
مگر	حق پر	اور جو	مارا گیا	مظلوم	تو تحقیق ہم نے کر دیا	اسکے وارث کیلئے	ایک اختیار	پس حد سے نہ بڑھے

مگر حق پر، اور جو مظلوم مارا گیا تو تحقیق ہم نے اس کے وارث کے لئے ایک اختیار (قصاص) دیا ہے، پس حد سے نہ بڑھو

فِّي الْقَتْلِ ۭ إِنَّهُ كَانَ مَنْصُورًا ﴿٣٣﴾ وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ

فِي الْقَتْلِ	إِنَّهُ	كَانَ	مَنْصُورًا	وَلَا تَقْرَبُوا	مَالَ الْيَتِيمِ	إِلَّا	بِالَّتِي	هِيَ
قتل میں	بیشک وہ	ہے	مدد دیا گیا	اور پاس نہ جاؤ	یتیم کا مال	مگر	اس طریقہ سے	وہ

قتل میں، بیشک وہ مدد دیا گیا ہے۔ اور یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ (تصرف نہ کرو) مگر اس طریقہ سے جو

أَحْسَنُ حَتَّى يَبْلُغَ أَشُدَّهُ ۖ وَأَوْفُوا بِالْعَهْدِ ۖ إِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُولًا ﴿٣٤﴾

أَحْسَنُ	حَتَّى	يَبْلُغَ	أَشُدَّهُ	وَأَوْفُوا	بِالْعَهْدِ	إِنَّ	الْعَهْدَ	كَانَ	مَسْئُولًا
سب سے بہتر	یہاں تک کہ	وہ پہنچ جائے	اپنی جوانی	اور پورا کرو	عہد کو	بیشک	عہد	ہے	پرسش کیا جانے والا

سب سے بہتر ہو، یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائے اور عہد کو پورا کرو، بیشک عہد ہے پرسش کیا جانے والا (ضرور پرسش ہوگی)

وَأَوْفُوا الْكَيْلَ إِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ

وَأَوْفُوا	الْكَيْلَ	إِذَا كِلْتُمْ	وَزِنُوا	بِالْقِسْطَاسِ	الْمُسْتَقِيمِ	ذَٰلِكَ	خَيْرٌ	وَأَحْسَنُ
اور پورا کرو	پیمانہ	جب تم ماپ کر دو	اور وزن کرو	ترازو کے ساتھ	سیدھی	یہ	بہتر	اور سب سے اچھا

اور جب تم ماپ کر دو تو پیمانہ پورا کرو، اور وزن کرو سیدھی ترازو کے ساتھ، یہ بہتر ہے اور سب سے اچھا ہے

تَأْوِيلًا ﴿٣٥﴾ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ ۚ إِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَ

تَأْوِيلًا	وَلَا تَقْفُ	مَا لَيْسَ	لَكَ	بِهِ	عِلْمٌ	إِنَّ	السَّمْعَ	وَالْبَصَرَ	وَ
انجام کے اعتبار سے	اور پیچھے نہ پڑ	جس کا نہیں	تیرے لئے۔ تجھے	اس کا	علم	بیشک	کان	اور آنکھ	اور

انجام کے اعتبار سے۔ اور اس کے پیچھے نہ پڑ جس کا تجھے علم نہیں، بیشک کان، اور آنکھ، اور

الْفُؤَادَ كُلُّ أُولَٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُولًا ﴿٣٦﴾ وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا ۚ

الْفُؤَادَ	كُلُّ	أُولَٰٓئِكَ	كَانَ	عَنْهُ	مَسْئُولًا	وَلَا تَمْشِ	فِي الْأَرْضِ	مَرَحًا
دل	ہر ایک	یہ	ہے	اس سے	پرسش کیا جانے والا	اور نہ چل	زمین میں	اکڑ اکڑ کر (اتراتا ہوا)

دل، ان میں سے ہر ایک پرسش کیا جانے والا ہے (ہر ایک کی پرسش ہوگی) اور زمین میں اتراتا ہوا نہ چل

إِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْأَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُولًا ﴿٣٧﴾ كُلُّ ذَٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهُ

إِنَّكَ	لَنْ تَخْرِقَ	الْأَرْضَ	وَلَنْ تَبْلُغَ	الْجِبَالَ	طُولًا	كُلُّ	ذَٰلِكَ	كَانَ	سَيِّئُهُ
بیشک تو	ہرگز نہ چیر ڈالے گا	زمین	اور ہرگز نہ پہنچے گا	پہاڑ	بلندی	تمام	یہ	ہے	اس کی برائی

بیشک تو زمین کو ہرگز نہ چیر ڈالے گا، اور نہ پہاڑ کی بلندی کو پہنچے گا - یہ تمام برائیاں

عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوهًا ﴿٣٨﴾ ذَٰلِكَ مِمَّآ أَوْحَىٰٓ إِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ۗ وَلَا

عِنْدَ	رَبِّكَ	مَكْرُوهًا	ذَٰلِكَ	مِمَّآ	أَوْحَىٰ	إِلَيْكَ	رَبُّكَ	مِنَ الْحِكْمَةِ	وَلَا
نزدیک	تیرا رب	ناپسندیدہ	یہ	اس سے جو	وحی کی	تیری طرف	تیرا رب	حکمت سے	اور نہ

تیرے رب کے نزدیک ناپسندیدہ ہیں - یہ حکمت کی (ان باتوں) میں سے ہے جو تیرے رب نے تیری طرف وحی کی ہے، اور نہ

تَجْعَلْ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ فَتُلْقَىٰ فِي جَهَنَّمَ مَلُومًا مَدْحُورًا ﴿٣٩﴾ أَفَأَصْفَاكُمْ

تَجْعَلْ	مَعَ اللَّهِ	إِلَٰهًا	آخَرَ	فَتُلْقَىٰ	فِي جَهَنَّمَ	مَلُومًا	مَدْحُورًا	أَفَأَصْفَاكُمْ
بنا	اللہ کے ساتھ	معبود	کوئی اور	پھر تو ڈالدیا جائے	جہنم میں	ملامت زدہ	دھکیلا ہوا	کیا تمہیں چُن لیا

بنا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود، کہ پھر تو جہنم میں ڈال دیا جائے ملامت زدہ، دھکیلا ہوا (راندۂ درگاہ) - کیا تمہیں چُن لیا

٤
ع ١٠
٤

رَبُّكُمْ بِالْبَنِينَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلَٰٓئِكَةِ إِنَاثًا ۚ إِنَّكُمْ لَتَقُولُونَ قَوْلًا عَظِيمًا ﴿٤٠﴾ ع

رَبُّكُمْ	بِالْبَنِينَ	وَاتَّخَذَ	مِنَ	الْمَلَٰٓئِكَةِ	إِنَاثًا	إِنَّكُمْ	لَتَقُولُونَ	قَوْلًا عَظِيمًا
تمہارا رب	بیٹوں کے لئے	اور بنا لیا	سے، کو	فرشتے	بیٹیاں	بیشک تم	البتہ کہتے ہو (بولتے ہو)	بڑا بول

تمہارے رب نے بیٹوں کے لئے؟ اور اپنے لئے فرشتوں کو بیٹیاں بنا لیا، بے شک تم بڑا بول بولتے ہو۔

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ لِيَذَّكَّرُوا ۖ وَمَا يَزِيدُهُمْ إِلَّا نُفُورًا ﴿٤١﴾

وَ	لَقَدْ صَرَّفْنَا	فِي	هَٰذَا الْقُرْآنِ	لِيَذَّكَّرُوا	وَمَا	يَزِيدُهُمْ	إِلَّا	نُفُورًا
اور	البتہ ہم نے طرح طرح سے بیان کیا	میں	اس قرآن	تاکہ وہ نصیحت پکڑیں	اور نہیں	بڑھتی ان کو	مگر	نفرت

اور ہم نے اس قرآن میں طرح طرح سے بیان کیا ہے تاکہ وہ نصیحت پکڑیں اور (اس سے) انھیں نہیں بڑھتی مگر نفرت۔

قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِى الْعَرْشِ

قُلْ	لَّوْ كَانَ	مَعَهٗ	اٰلِهَةٌ	كَمَا	يَقُوْلُوْنَ	اِذًا	لَّابْتَغَوْا	اِلٰى	ذِى الْعَرْشِ
کہدیں	اگر ہوتے	اسکے ساتھ	اور معبود	جیسے	وہ کہتے ہیں	اس صورت میں	وہ ضرور ڈھونڈتے	طرف	عرش کا مالک

کہدیں، اگر جیسے وہ کہتے ہیں اس کے ساتھ اور معبود ہوتے تو اس صورت میں وہ عرش کے مالک کی طرف ضرور ڈھونڈتے

سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ﴿۴۳﴾ تُسَبِّحُ لَهُ

سَبِيْلًا	سُبْحٰنَهٗ	وَتَعٰلٰى	عَمَّا	يَقُوْلُوْنَ	عُلُوًّا	كَبِيْرًا	تُسَبِّحُ	لَهُ
کوئی راستہ	وہ پاک ہے	اور برتر	اس سے جو	وہ کہتے ہیں	برتر	بہت بڑا (بے نہایت)	پاکیزگی بیان کرتے ہیں	اس کی

کوئی راستہ۔ وہ اس سے بے نہایت پاک ہے اور برتر جو وہ کہتے ہیں ۔ اس کی پاکیزگی بیان کرتے ہیں

السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ

السَّمٰوٰتُ	السَّبْعُ	وَالْاَرْضُ	وَمَنْ	فِيْهِنَّ	وَاِنْ	مِّنْ شَيْءٍ	اِلَّا	يُسَبِّحُ
آسمان (جمع)	سات	اور زمین	اور جو	ان میں	اور نہیں	کوئی چیز	مگر	پاکیزگی بیان کرتی ہے

ساتوں آسمان اور زمین، اور جو ان میں ہے، کوئی چیز نہیں مگر (ہر شے) پاکیزگی بیان کرتی ہے

بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۴﴾

بِحَمْدِهٖ	وَلٰكِنْ	لَّا تَفْقَهُوْنَ	تَسْبِيْحَهُمْ	اِنَّهٗ	كَانَ	حَلِيْمًا	غَفُوْرًا
اس کی حمد کے ساتھ	اور لیکن	تم نہیں سمجھتے	ان کی تسبیح	بیشک وہ	ہے	بُردبار	بخشنے والا

اس کی حمد کے ساتھ، لیکن تم ان کی تسبیح نہیں سمجھتے، بے شک وہ بُردبار، بخشنے والا ہے ۔

وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

وَاِذَا	قَرَاْتَ	الْقُرْاٰنَ	جَعَلْنَا	بَيْنَكَ	وَ	بَيْنَ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ
اور جب	تم پڑھتے ہو	قرآن	ہم کردیتے ہیں	تمہارے درمیان	اور	درمیان	وہ لوگ جو	ایمان نہیں لاتے	آخرت پر

اور جب تم قرآن پڑھتے ہو، ہم تمہارے اور ان کے درمیان جو آخرت پر ایمان نہیں لاتے کر دیتے (ڈال دیتے) ہیں

حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ﴿۴۵﴾ وَّجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ

حِجَابًا	مَّسْتُوْرًا	وَّجَعَلْنَا	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	اَكِنَّةً	اَنْ	يَّفْقَهُوْهُ	وَ	فِيْٓ	اٰذَانِهِمْ
ایک پردہ	چھپا ہوا	اور ہم نے ڈال دیئے	پر	ان کے دل	پردے	کہ	وہ نہ سمجھیں اسے	اور	میں	ان کے کان

ایک چھپا ہوا (دبیز) پردہ۔ اور ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈالدیئے کہ وہ اسے نہ سمجھیں، اور ان کے کانوں میں

وَقْرًا ۭ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓي اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ﴿۴۶﴾

وَقْرًا	وَاِذَا	ذَكَرْتَ	رَبَّكَ	فِي الْقُرْاٰنِ	وَحْدَهٗ	وَلَّوْا	عَلٰٓي	اَدْبَارِهِمْ	نُفُوْرًا
گرانی	اور جب	تم ذکر کرتے ہو	اپنا رب	قرآن میں	یکتا	وہ بھاگتے ہیں	پر	اپنی پیٹھ (جمع)	نفرت کرتے ہوئے

گرانی ہے اور جب تم قرآن میں اپنے یکتا رب کا ذکر کرتے ہو تو وہ پیٹھ پھیر کر نفرت کرتے ہوئے بھاگ جاتے ہیں۔

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖٓ اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓى اِذْ يَقُوْلُ

نَحْنُ	اَعْلَمُ	بِمَا	يَسْتَمِعُوْنَ	بِهٖٓ	اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ	اِلَيْكَ	وَاِذْ	هُمْ	نَجْوٰٓى	اِذْ يَقُوْلُ
ہم	خوب جانتے ہیں	جس غرض سے	وہ سنتے ہیں	اس کو	جب وہ کان لگاتے ہیں	تیری طرف	اور جب	وہ	سرگوشی کرتے ہیں	جب کہتے ہیں

ہم خوب جانتے ہیں کہ وہ اس کو کس غرض سے سنتے ہیں جب وہ تمہاری طرف کان لگاتے ہیں اور جب وہ سرگوشی کرتے ہیں (یعنی) جب کہتے ہیں

الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿۴۷﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ

الظّٰلِمُوْنَ	اِنْ	تَتَّبِعُوْنَ	اِلَّا	رَجُلًا	مَّسْحُوْرًا	اُنْظُرْ	كَيْفَ ضَرَبُوْا	لَكَ	الْاَمْثَالَ
ظالم (جمع)	نہیں	تم پیروی کرتے	مگر	ایک آدمی	سحر زدہ	دیکھو	کیسی انہوں نے چسپاں کیں	تمہارے لئے	مثالیں

ظالم کہ تم پیروی نہیں کرتے مگر ایک سحر زدہ آدمی کی۔ دیکھو! انہوں نے تم پر کیسی مثالیں چسپاں کیں

فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۴۸﴾ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا

فَضَلُّوْا	فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	سَبِيْلًا	وَقَالُوْٓا	ءَاِذَا	كُنَّا	عِظَامًا	وَّرُفَاتًا	ءَاِنَّا
سو وہ گمراہ ہوگئے	پس وہ نہیں پاتے	کوئی راہ	اور وہ کہتے ہیں	کیا جب	ہم ہوگئے	ہڈیاں	اور ریزہ ریزہ	کیا ہم

سو وہ گمراہ ہوئے، پس وہ کوئی اور راہ نہیں پاتے۔ اور وہ کہتے ہیں کہ کیا جب ہم ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہوگئے، کیا ہم

لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿۴۹﴾ قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ﴿۵۰﴾ اَوْ خَلْقًا

لَمَبْعُوْثُوْنَ	خَلْقًا	جَدِيْدًا	قُلْ	كُوْنُوْا	حِجَارَةً	اَوْ	حَدِيْدًا	اَوْ خَلْقًا
پھر جی اُٹھیں گے	پیدائش	نئی	کہہ دیں	تم ہو جاؤ	پتھر	یا	لوہا	یا اور مخلوق

پھر نئی پیدائش (از سرِنو) جی اُٹھیں گے؟ کہہ دیں تم پتھر یا لوہا ہو جاؤ، یا کوئی اور مخلوق

مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ۭ قُلِ الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ

مِّمَّا	يَكْبُرُ	فِيْ	صُدُوْرِكُمْ	فَسَيَقُوْلُوْنَ	مَنْ	يُّعِيْدُنَا	قُلِ	الَّذِيْ	فَطَرَكُمْ	اَوَّلَ
اس سے جو	بڑی ہو	میں	تمہارے سینے (خیال)	پھر اب کہیں گے	کون	ہمیں لوٹائے گا	فرمادیں	وہ جس نے	تمہیں پیدا کیا	پہلی

جو تمہارے خیالوں میں اس سے بھی بڑی ہو۔ پھر اب کہیں گے ہمیں کون لوٹائے گا؟ فرمادیں، وہ جس نے تمہیں پیدا کیا پہلی

مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ ۭ قُلْ عَسٰٓى اَنْ

مَرَّةٍ	فَسَيُنْغِضُوْنَ	اِلَيْكَ	رُءُوْسَهُمْ	وَيَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هُوَ	قُلْ	عَسٰى	اَنْ
بار	تو وہ ہلائیں گے (مٹکائیں گے)	تمہاری طرف	اپنے سر ،	اور کہیں گے	کب	وہ - یہ	فرمادیں	شاید	کہ

بار، تو وہ تمہاری طرف اپنے سر مٹکائیں گے اور کہیں گے یہ کب ہوگا؟ (قیامت کب آئے گی) آپ فرما دیں، شاید کہ

يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ﴿٥١﴾ يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ

يَّكُوْنَ	قَرِيْبًا	يَوْمَ	يَدْعُوْكُمْ	فَتَسْتَجِيْبُوْنَ	بِحَمْدِهٖ	وَتَظُنُّوْنَ	اِنْ	لَّبِثْتُمْ
وہ ہو	نزدیک	جس دن	وہ پکارے گا تمہیں	تو تم جواب دو گے (تعمیل کرو گے)	اسکی تعریف کیساتھ	اور تم خیال کرو گے	کہ	تم رہے

نزدیک ہی ہو۔ جس دن وہ تمہیں پکارے گا تو تم اس کی تعریف کے ساتھ تعمیل کرو گے (قبروں سے نکل آؤ گے) اور تم خیال کرو گے کہ تم (دنیا میں) رہے ہو

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٥٢﴾ ۧ وَقُلْ لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ۭ 5

ع ١٢ 5

اِلَّا	قَلِيْلًا	وَقُلْ	لِّعِبَادِيْ	يَقُوْلُوا	الَّتِيْ	هِيَ	اَحْسَنُ	اِنَّ	الشَّيْطٰنَ	يَنْزَغُ	بَيْنَهُمْ
صرف	تھوڑی دیر	اور فرمادیں	میرے بندوں کو	وہ کہیں	وہ جو	وہ	سب سے اچھی	بیشک	شیطان	فساد ڈالتا ہے	انکے درمیان

صرف تھوڑی دیر۔ اور میرے بندوں کو فرما دیں کہ (بات) وہ کہیں جو سب سے اچھی ہو، بیشک شیطان ان کے درمیان فساد ڈال دیتا ہے،

اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿٥٣﴾ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِكُمْ ۭ اِنْ يَّشَاْ

اِنَّ	الشَّيْطٰنَ	كَانَ	لِلْاِنْسَانِ	عَدُوًّا	مُّبِيْنًا	رَبُّكُمْ	اَعْلَمُ	بِكُمْ	اِنْ	يَّشَاْ
بیشک	شیطان	ہے	انسان کا	دشمن	کھلا	تمہارا رب	خوب جانتا ہے	تمہیں	اگر	وہ چاہے

بیشک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔ تمہارا رب تمہیں خوب جانتا ہے، اگر وہ چاہے

يَرْحَمْكُمْ اَوْ اِنْ يَّشَاْ يُعَذِّبْكُمْ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿٥٤﴾ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ

يَرْحَمْكُمْ	اَوْ	اِنْ	يَّشَاْ	يُعَذِّبْكُمْ	وَمَا	اَرْسَلْنٰكَ	عَلَيْهِمْ	وَكِيْلًا	وَرَبُّكَ	اَعْلَمُ
تم پر رحم کرے	یا	اگر	وہ چاہے	تمہیں عذاب دے	اور نہیں	ہم نے تمہیں بھیجا	ان پر	داروغہ	اور تمہارا رب	خوب جانتا ہے

تو تم پر رحم کرے، یا اگر وہ چاہے تو تمہیں عذاب دے اور ہم نے تمہیں ان پر داروغہ (بنا کر) نہیں بھیجا۔ اور تمہارا رب خوب جانتا ہے

بِمَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰي بَعْضٍ

بِمَنْ	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَ	لَقَدْ فَضَّلْنَا	بَعْضَ	النَّبِيّٖنَ	عَلٰي بَعْضٍ
جو کوئی	میں	آسمان (جمع)	اور زمین	اور	تحقیق ہم نے فضیلت دی	بعض	(جمع) نبی	بعض پر

جو کوئی آسمانوں میں اور زمین میں ہے، اور تحقیق ہم نے بعض نبیوں کو بعض پر فضیلت دی،

وَاٰتَیْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿۵۵﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِیْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا یَمْلِكُوْنَ

وَاٰتَیْنَا	دَاوٗدَ	زَبُوْرًا	قُلِ	ادْعُوا	الَّذِیْنَ	زَعَمْتُمْ	مِّنْ دُوْنِهٖ	فَلَا یَمْلِكُوْنَ
اور ہم نے دی	داؤدؑ	زبور۔	کہدیں	پکارو	وہ جن کو	تم گمان کرتے ہو	اس کے سوا	پس وہ اختیار نہیں رکھتے

اور ہم نے داؤدؑ کو زبور دی - کہدیں پکارو اُنہیں جن کو تم اس کے سوا (معبود) گمان کرتے ہو، پس وہ اختیار نہیں رکھتے

كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِیْلًا ﴿۵۶﴾ اُولٰٓىِٕكَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ یَبْتَغُوْنَ

كَشْفَ	الضُّرِّ	عَنْكُمْ	وَ	لَا	تَحْوِیْلًا	اُولٰٓىِٕكَ	الَّذِیْنَ	یَدْعُوْنَ	یَبْتَغُوْنَ
دُور کرنا	تکلیف	تم سے	اور	نہ	بدلنا	وہ لوگ	جنہیں	وہ پکارتے ہیں	ڈھونڈتے ہیں

تم سے تکلیف دُور کرنے کا اور نہ بدلنے کا - وہ لوگ جنہیں یہ پکارتے ہیں وہ (خود) ڈھونڈتے ہیں

اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِیْلَةَ اَیُّهُمْ اَقْرَبُ وَیَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَیَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ؕ

اِلٰى	رَبِّهِمُ	الْوَسِیْلَةَ	اَیُّهُمْ	اَقْرَبُ	وَیَرْجُوْنَ	رَحْمَتَهٗ	وَ	یَخَافُوْنَ	عَذَابَهٗ
طرف	اپنا رب	وسیلہ	ان میں سے کون	زیادہ قریب	اور وہ امید رکھتے ہیں	اسکی رحمت	اور	وہ ڈرتے ہیں	اس کا عذاب

اپنے رب کی طرف وسیلہ کہ اُن سے کون زیادہ قریب ہے، اور اس کی رحمت کی امید رکھتے ہیں، اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں،

اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ﴿۵۷﴾ وَاِنْ مِّنْ قَرْیَةٍ اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا

اِنَّ	عَذَابَ	رَبِّكَ	كَانَ	مَحْذُوْرًا	وَاِنْ	مِّنْ قَرْیَةٍ	اِلَّا	نَحْنُ	مُهْلِكُوْهَا
بیشک	عذاب	تیرا رب	ہے	ڈر کی بات	اور نہیں	کوئی بستی	مگر	ہم	اسے ہلاک کرنے والے

بیشک تیرے رب کا عذاب ڈر رہی، کی بات ہے - اور کوئی (نافرمان) بستی نہیں مگر ہم اسے ہلاک کرنے والے ہیں،

قَبْلَ یَوْمِ الْقِیٰمَةِ اَوْ مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِیْدًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِی الْكِتٰبِ

قَبْلَ	یَوْمِ الْقِیٰمَةِ	اَوْ	مُعَذِّبُوْهَا	عَذَابًا	شَدِیْدًا	كَانَ	ذٰلِكَ	فِی الْكِتٰبِ
پہلے	قیامت کا دن	یا	اسے عذاب دینے والے	عذاب	سخت	ہے	یہ	کتاب میں

قیامت کے دن سے پہلے ، یا اسے سخت عذاب دینے والے ہیں ، یہ کتاب میں ہے

مَسْطُوْرًا ﴿۵۸﴾ وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰیٰتِ اِلَّآ اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ؕ

مَسْطُوْرًا	وَمَا مَنَعَنَا	اَنْ	نُّرْسِلَ	بِالْاٰیٰتِ	اِلَّا	اَنْ	كَذَّبَ	بِهَا	الْاَوَّلُوْنَ
لکھا ہوا	اور نہیں ہمیں روکا	کہ	ہم بھیجیں	نشانیاں	مگر	یہ کہ	جھٹلایا	ان کو	اگلے لوگ (جمع)

لکھا ہوا - اور ہمیں نشانیاں بھیجنے سے نہیں روکا، مگر (اس بات نے)، کہ ان کو اگلوں نے جھٹلایا ،

وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا بِهَا ۗ وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا ٥٩

وَاٰتَيْنَا	ثَمُوْدَ	النَّاقَةَ	مُبْصِرَةً	فَظَلَمُوْا بِهَا	وَ	مَا نُرْسِلُ	بِالْاٰيٰتِ	اِلَّا	تَخْوِيْفًا
اور ہم نے دی	ثمود	اونٹنی	دکھانے کو (ذریعۂ بصیرت)	انہوں نے اس پر ظلم کیا	اور	ہم نہیں بھیجتے	نشانیاں	مگر	ڈرانے کو

اور ہم نے ثمود کو اونٹنی دی ذریعۂ بصیرت وعبرت، انہوں نے اس پر ظلم کیا، اور ہم نشانیاں نہیں بھیجتے مگر صرف، ڈرانے کو۔

وَاِذْ قُلْنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ۭ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا

وَاِذْ	قُلْنَا	لَكَ	اِنَّ	رَبَّكَ	اَحَاطَ	بِالنَّاسِ	وَمَا جَعَلْنَا	الرُّءْيَا	الَّتِيْٓ	اَرَيْنٰكَ	اِلَّا
اور جب	ہم نے کہا	تم سے	بیشک	تمہارا رب	احاطہ کیے ہوئے	لوگوں کو	اور ہم نے نہیں کیا	دکھاوا	وہ جو کہ	ہم نے تمہیں دکھایا	مگر

اور جب ہم نے تم سے کہا کہ بیشک تمہارا رب لوگوں کو (احاطہ) کئے ہوئے ہے، اور جو دکھاوا ہم نے تمہیں دکھایا وہ ہم نے نہیں کیا مگر

فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِي الْقُرْاٰنِ ۭ وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا يَزِيْدُهُمْ

فِتْنَةً	لِّلنَّاسِ	وَالشَّجَرَةَ	الْمَلْعُوْنَةَ	فِي الْقُرْاٰنِ	وَنُخَوِّفُهُمْ	فَمَا يَزِيْدُهُمْ
آزمائش	لوگوں کے لئے	اور (تھوہر کا) درخت	جس پر لعنت کی گئی	قرآن میں	اور ہم ڈراتے ہیں انہیں	تو نہیں بڑھتی انہیں

لوگوں کی آزمائش کے لئے، اور تھوہر کا درخت جس پر قرآن میں لعنت کی گئی ہے، اور ہم انہیں ڈراتے ہیں تو انہیں بڑھتی ہے

اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ٦٠ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ع ٨ ٦

اِلَّا	طُغْيَانًا	كَبِيْرًا	وَاِذْ	قُلْنَا	لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ	اسْجُدُوْا	لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْٓا	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ
مگر (صرف)	سرکشی	بڑی	اور جب	ہم نے کہا	فرشتوں سے	تم سجدہ کرو	آدم کو	تو انہوں نے سجدہ کیا	سوائے	ابلیس

صرف بڑی سرکشی۔ اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو، تو ابلیس کے سوا ان سب نے سجدہ کیا،

قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْنًا ٦١ قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ

قَالَ	ءَاَسْجُدُ	لِمَنْ	خَلَقْتَ	طِيْنًا	قَالَ	اَرَءَيْتَكَ	هٰذَا	الَّذِيْ	كَرَّمْتَ	عَلَيَّ
اس نے کہا	کیا میں سجدہ کروں	اس کو جسے	تو نے پیدا کیا	مٹی سے	اس نے کہا	بھلا تو دیکھ	یہ	وہ جسے	تو نے عزت دی	مجھ پر

اس نے کہا کیا میں اسے سجدہ کروں؟ جسے تو نے مٹی سے پیدا کیا۔ اس نے کہا بھلا دیکھ تو یہ ہے وہ؟ جسے تو نے مجھ پر عزت دی ہے،

لَىِٕنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ٦٢ قَالَ اذْهَبْ

لَىِٕنْ	اَخَّرْتَنِ	اِلٰى	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	لَاَحْتَنِكَنَّ	ذُرِّيَّتَهٗٓ	اِلَّا	قَلِيْلًا	قَالَ	اذْهَبْ
البتہ اگر	تو مجھے ڈھیل دے	تک	روزِ قیامت	جڑ سے اکھاڑ دوں گا	اس کی اولاد	سوائے	چند ایک	اس نے فرمایا	جا

البتہ اگر تو مجھے روزِ قیامت تک ڈھیل دے تو میں چند ایک کے سوا اس کی اولاد کو جڑ سے اکھاڑ دوں گا۔ اس نے فرمایا جا،

فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا ﴿۶۳﴾ وَاسْتَفْزِزْ مَنِ

فَمَنْ	تَبِعَكَ	مِنْهُمْ	فَاِنَّ	جَهَنَّمَ	جَزَآؤُكُمْ	جَزَآءً	مَّوْفُوْرًا	وَاسْتَفْزِزْ	مَنِ
پس جس	تیری پیروی کی	ان میں سے	تو بیشک	جہنم	تمہاری سزا	سزا	بھرپور	اور پھسلا لے	جو۔جس

پس ان میں سے جس نے تیری پیروی کی تو بیشک جہنم تمہاری سزا ہے، سزا بھی بھرپور۔ اور پھسلا لے جس پر

اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ

اسْتَطَعْتَ	مِنْهُمْ	بِصَوْتِكَ	وَاَجْلِبْ	عَلَيْهِمْ	بِخَيْلِكَ	وَرَجِلِكَ	وَشَارِكْهُمْ
تیرا بس چلے	ان میں سے	اپنی آواز سے	اور چڑھا لا	اُن پر	اپنے سوار	اور پیادے	اور ان سے ساجھا کرلے

ان میں سے اپنی آواز سے، تیرا بس چلے اور ان پر اپنے سوار اور پیادے چڑھا لا، اور ان سے ساجھا کرلے

فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ۭ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۶۴﴾

فِي	الْاَمْوَالِ	وَالْاَوْلَادِ	وَعِدْهُمْ	وَمَا يَعِدُهُمُ	الشَّيْطٰنُ	اِلَّا	غُرُوْرًا
میں	مال (جمع)	اور اولاد	اور وعدے کر اُن سے	اور نہیں اُن سے وعدہ کرتا	شیطان	مگر (صرف)	دھوکہ

مال اور اولاد میں، اور ان سے وعدے کر اور اُن سے شیطان کا وعدہ کرنا صرف دھوکہ ہے۔

اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ ۭ وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ﴿۶۵﴾ رَبُّكُمُ الَّذِيْ

اِنَّ	عِبَادِيْ	لَيْسَ	لَكَ	عَلَيْهِمْ	سُلْطٰنٌ	وَكَفٰى	بِرَبِّكَ	وَكِيْلًا	رَبُّكُمُ	الَّذِيْ
بیشک	میرے بندے	نہیں	تیرا	اُن پر	زور۔غلبہ	اور کافی	تیرا رب	کارساز	تمہارا رب	وہ جو کہ

بیشک میرے بندوں پر تیرا کوئی زور نہیں، اور تیرا رب کافی ہے کارساز۔ تمہارا رب ہے جو کہ

يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿۶۶﴾

يُزْجِيْ	لَكُمُ	الْفُلْكَ	فِي الْبَحْرِ	لِتَبْتَغُوْا	مِنْ	فَضْلِهٖ	اِنَّهٗ	كَانَ	بِكُمْ	رَحِيْمًا
چلاتا ہے	تمہارے لئے	کشتی	دریا میں	تاکہ تم تلاش کرو	سے	اس کا فضل	بیشک وہ	ہے	تم پر	نہایت مہربان

تمہارے لئے دریا میں کشتی چلاتا ہے تاکہ تم اس کا فضل (روزی) تلاش کرو، بیشک وہ تم پر نہایت مہربان ہے۔

وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ

وَاِذَا	مَسَّكُمُ	الضُّرُّ	فِي الْبَحْرِ	ضَلَّ	مَنْ	تَدْعُوْنَ	اِلَّآ اِيَّاهُ	فَلَمَّا	نَجّٰىكُمْ
اور جب	تمہیں چھوتی (پہنچتی) ہے	تکلیف	دریا میں	گم ہو جاتے ہیں	جو	تم پکارتے تھے	اس کے سوا	پھر جب	وہ تمہیں بچا لایا

اور جب تمہیں دریا میں تکلیف پہنچتی ہے گم ہو جاتے ہیں (بھول جاتے ہیں) جنہیں اس کے سوا تم پکارتے تھے، پھر جب وہ تمہیں بچا لایا،

إِلَى الْبَرِّ أَعْرَضْتُمْ ۚ وَكَانَ الْإِنْسَانُ كَفُورًا ﴿٦٧﴾ أَفَأَمِنْتُمْ أَنْ يَخْسِفَ

إِلَى الْبَرِّ	أَعْرَضْتُمْ	وَكَانَ	الْإِنْسَانُ	كَفُورًا	أَفَأَمِنْتُمْ	أَنْ	يَخْسِفَ
خشکی کی طرف	تم پھر جاتے ہو	اور ہے	انسان	بڑا ناشکرا	سو کیا تم نڈر ہوگئے ہو	کہ	دھنسا دے

خشکی کی طرف تو تم پھر جاتے ہو، اور انسان بڑا ناشکرا ہے۔ سو کیا تم نڈر ہوگئے ہو کہ وہ زمین میں دھنسا دے

بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ أَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوا لَكُمْ وَكِيلًا ﴿٦٨﴾ أَمْ

بِكُمْ	جَانِبَ الْبَرِّ	أَوْ	يُرْسِلَ	عَلَيْكُمْ	حَاصِبًا ثُمَّ	لَا تَجِدُوا	لَكُمْ	وَكِيلًا	أَمْ
تمہیں	خشکی کی طرف	یا	بھیجے	تم پر	پتھر برسانے والی ہوا، پھر	تم نہ پاؤ	اپنے لئے	کوئی کارساز	یا

تمہیں خشکی کی طرف (لے جاکر) یا تم پر پتھر برسانے والی ہوا بھیجے، پھر تم اپنے لئے کوئی کارساز نہ پاؤ۔ یا

أَمِنْتُمْ أَنْ يُعِيدَكُمْ فِيهِ تَارَةً أُخْرَىٰ فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِنَ الرِّيحِ

أَمِنْتُمْ	أَنْ	يُعِيدَكُمْ	فِيهِ	تَارَةً أُخْرَىٰ	فَيُرْسِلَ	عَلَيْكُمْ	قَاصِفًا	مِنَ	الرِّيحِ
تم بے فکر ہوگئے ہو	کہ	وہ تمہیں لے جائے	اس میں	دوبارہ	پھر بھیج دے	تم پر	سخت جھونکا	سے	ہوا

تم بے فکر ہوگئے ہو کہ وہ تمہیں دوبارہ اس (دریا) میں لے جائے، پھر تم پر ہوا کا سخت جھونکا (طوفان) بھیج دے

فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ ۙ ثُمَّ لَا تَجِدُوا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهِ تَبِيعًا ﴿٦٩﴾ وَلَقَدْ

فَيُغْرِقَكُمْ	بِمَا	كَفَرْتُمْ	ثُمَّ	لَا تَجِدُوا	لَكُمْ	عَلَيْنَا	بِهِ	تَبِيعًا	وَلَقَدْ
پھر تمہیں غرق کردے	بدلہ میں	تم نے ناشکری کی	پھر	تم نہ پاؤ	اپنے لئے	ہم پر (ہمارا)	اس پر	پیچھا کرنے والا	اور تحقیق

پھر تمہیں ناشکری کے بدلے میں غرق کردے، پھر تم اپنے لئے اس پر ہمارا کوئی پیچھا کرنے والا نہ پاؤ۔ اور تحقیق

كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنَاهُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ

كَرَّمْنَا	بَنِي آدَمَ	وَحَمَلْنَاهُمْ	فِي الْبَرِّ	وَالْبَحْرِ	وَرَزَقْنَاهُمْ	مِنَ	الطَّيِّبَاتِ
ہم نے عزت بخشی	اولادِ آدم	اور ہم نے انہیں سواری دی	خشکی میں	اور دریا	اور ہم نے انہیں رزق دیا	سے	پاکیزہ چیزیں

ہم نے اولادِ آدم کو عزت بخشی، اور ہم نے انہیں خشکی اور دریا میں سواری دی، اور ہم نے انہیں پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا،

وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَىٰ كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلًا ﴿٧٠﴾ يَوْمَ نَدْعُو كُلَّ أُنَاسٍ ع ۱۰

وَفَضَّلْنَاهُمْ	عَلَىٰ	كَثِيرٍ	مِمَّنْ	خَلَقْنَا	تَفْضِيلًا	يَوْمَ	نَدْعُو	كُلَّ أُنَاسٍ
اور ہم نے انہیں فضیلت دی	پر	بہت سی	اس سے جو	ہم نے پیدا کیا (اپنی مخلوق)	بڑائی دیکر	جس دن	ہم بلائیں گے	تمام لوگ

اور ہم نے انہیں اپنی بہت سی مخلوق پر بڑائی دے کر فضیلت دی۔ جس دن ہم تمام لوگوں کو بلائیں گے

بِاِمَامِهِمْ فَمَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ بِیَمِیْنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ یَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَلَا یُظْلَمُوْنَ

بِاِمَامِهِمْ	فَمَنْ	اُوْتِیَ	كِتٰبَهٗ	بِیَمِیْنِهٖ	فَاُولٰٓئِكَ	یَقْرَءُوْنَ	كِتٰبَهُمْ	وَلَا یُظْلَمُوْنَ
ان کے پیشواؤں کے ساتھ	پس جو	دیا گیا	اسکی کتاب	اسکے دائیں ہاتھ میں	تو وہ لوگ	پڑھیں گے	اپنا اعمالنامہ	اور وہ ظلم نہ کئے جائیں گے

اُن کے پیشواؤں کے ساتھ، پس جس کو اس کی کتاب (اعمالنامہ) دائیں ہاتھ میں دی گئی تو وہ لوگ اپنا اعمالنامہ پڑھیں گے اور وہ ظلم نہ کئے جائیں گے

(۷۲)

فَتِیْلًا ﴿۷۱﴾ وَمَنْ كَانَ فِیْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰی فَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ اَعْمٰی وَاَضَلُّ سَبِیْلًا ﴿۷۲﴾

فَتِیْلًا	وَمَنْ	كَانَ	فِیْ هٰذِهٖ	اَعْمٰی	فَهُوَ	فِی الْاٰخِرَةِ	اَعْمٰی	وَاَضَلُّ	سَبِیْلًا
ایک دھاگے برابر	اور جو	رہا	اس (دنیا) میں	اندھا	پس وہ	آخرت میں	اندھا	اور بہت بھٹکا ہوا	راستہ

ایک دھاگے کے برابر (بھی)، اور جو اس دنیا میں اندھا رہا پس وہ آخرت میں (بھی) اندھا (اُٹھے گا) اور راستے سے بہت بھٹکا ہوا۔

وَاِنْ كَادُوْا لَیَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِیْٓ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ لِتَفْتَرِیَ عَلَیْنَا غَیْرَهٗ ۖ

وَاِنْ	كَادُوْا	لَیَفْتِنُوْنَكَ	عَنِ	الَّذِیْ	اَوْحَیْنَا	اِلَیْكَ	لِتَفْتَرِیَ	عَلَیْنَا	غَیْرَهٗ
اور تحقیق	وہ قریب تھا	کہ تمہیں بچلا دیں	سے	وہ لوگ جو	ہم نے وحی کی	تمہاری طرف	تاکہ تم جھوٹ باندھو	ہم پر	اس کے سوا

اور اس وحی سے جو ہم نے تمہاری طرف کی ہے قریب تھا کہ وہ تمہیں اس سے بچلا دیں (پھسلا دیں)، تاکہ ہم پر اس (وحی)، کے سوا تم جھوٹ باندھو

وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِیْلًا ﴿۷۳﴾ وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَیْهِمْ شَیْئًا

وَاِذًا	لَّاتَّخَذُوْكَ	خَلِیْلًا	وَلَوْلَا	اَنْ	ثَبَّتْنٰكَ	لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ	اِلَیْهِمْ	شَیْئًا
اور اس صورت میں	البتہ وہ تمہیں بنا لیتے	دوست	اور اگر نہ	یہ کہ	ہم تمہیں ثابت قدم رکھتے	البتہ تم جھکنے لگتے	ان کی طرف	کچھ

اور اس صورت میں البتہ وہ تمہیں دوست بنا لیتے۔ اور اگر ہم تمہیں ثابت قدم نہ رکھتے تو البتہ تم ان کی طرف جھکنے لگتے کچھ

قَلِیْلًا ﴿۷۴﴾ اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَیٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ

وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، (کیا ہی) اچھی ہے آرام گاہ، اور اچھا مسکن۔ آپ فرما دیں اگر تم اس کو نہ پکارو، تو میرا رب تمہاری پرواہ نہیں رکھتا

فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُونُ لِزَامًا ﴿٧٧﴾

فَقَدْ كَذَّبْتُمْ	فَسَوْفَ	يَكُونُ	لِزَامًا
جھٹلایا تم نے	پس عنقریب	ہوگی	لازمی

تم نے جھٹلایا، پس عنقریب (اس کی سزا) لازمی ہوگی۔

آیاتها ٢٢٧ — ٢٦ سُورَةُ الشُّعَرَاءِ مَكِّيَّةٌ ٤٧ — رکوعاتها ١١

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

طسم ﴿١﴾ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِينِ ﴿٢﴾ لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَفْسَكَ أَلَّا يَكُونُوا مُؤْمِنِينَ ﴿٣﴾

طسم	تِلْكَ	آيَاتُ	الْكِتَابِ الْمُبِينِ	لَعَلَّكَ	بَاخِعٌ	نَفْسَكَ	أَلَّا يَكُونُوا	مُؤْمِنِينَ
طسم	یہ	آیتیں	روشن کتاب	شاید تم	ہلاک کرلو گے	اپنے تئیں	کہ وہ نہیں	ایمان لاتے

طسم۔ یہ روشن کتاب کی آیتیں ہیں۔ شاید آپ (ان کے غم میں) اپنے تئیں ہلاک کرلیں گے کہ وہ ایمان نہیں لاتے۔

إِن نَّشَأْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِم مِّنَ السَّمَاءِ آيَةً فَظَلَّتْ أَعْنَاقُهُمْ لَهَا خَاضِعِينَ ﴿٤﴾

إِن نَّشَأْ	نُنَزِّلْ	عَلَيْهِم	مِّنَ السَّمَاءِ	آيَةً	فَظَلَّتْ	أَعْنَاقُهُمْ	لَهَا	خَاضِعِينَ
اگر ہم چاہیں	ہم اتار دیں	ان پر	آسمان سے	کوئی نشانی	تو ہو جائیں	ان کی گردنیں	اس کے آگے	پست

اگر ہم چاہیں تو ان پر آسمان سے کوئی نشانی اتار دیں، تو اس کے آگے ان کی گردنیں پست ہو جائیں۔

وَمَا يَأْتِيهِم مِّن ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمَٰنِ مُحْدَثٍ إِلَّا كَانُوا عَنْهُ مُعْرِضِينَ ﴿٥﴾

وَ	مَا يَأْتِيهِم	مِّن ذِكْرٍ	مِّنَ	الرَّحْمَٰنِ	مُحْدَثٍ	إِلَّا	كَانُوا	عَنْهُ	مُعْرِضِينَ
اور	نہیں آتی انکے پاس	کوئی نصیحت	(طرف) سے	رحمٰن	نئی	مگر	ہو جاتے ہیں	اس سے	روگردان

اور ان کے پاس رحمٰن کی طرف سے کوئی نئی نصیحت نہیں آتی مگر وہ اس سے روگردان ہو جاتے ہیں۔

فَقَدْ كَذَّبُوا فَسَيَأْتِيهِمْ أَنبَاءُ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٦﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الْأَرْضِ

فَقَدْ كَذَّبُوا	فَسَيَأْتِيهِمْ	أَنبَاءُ	مَا كَانُوا	بِهِ	يَسْتَهْزِئُونَ	أَوَلَمْ يَرَوْا	إِلَى الْأَرْضِ
پس بیشک انہوں نے جھٹلایا	تو جلد آئیں گی انکے پاس	خبریں	جو وہ تھے	اس کا	مذاق اڑاتے	کیا انہوں نے نہیں دیکھا؟	زمین کی طرف

پس بیشک انہوں نے جھٹلایا تو جلد ان کے پاس اسکی خبریں آئیں گی (حقیقت معلوم ہو جائے گی) جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ کیا انہوں نے زمین کی طرف نہیں دیکھا؟

كَمْ أَنبَتْنَا فِيهَا مِن كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ ﴿٧﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم

كَمْ	أَنبَتْنَا	فِيهَا	مِن	كُلِّ	زَوْجٍ	كَرِيمٍ	إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَآيَةً	وَمَا كَانَ	أَكْثَرُهُم
کس قدر	اگائی ہم نے	اس میں		ہر قسم	جوڑا جوڑا	عمدہ	بیشک	اس میں	البتہ نشانی	اور نہیں ہیں	ان میں اکثر

١

کہ ہم نے اس میں کس قدر عمدہ عمدہ ہر قسم کی چیزیں جوڑا جوڑا اگائی ہیں۔ بیشک اس میں البتہ نشانی ہے، اور ان میں اکثر نہیں ہیں

ع ٩

مُّؤْمِنِينَ ﴿٨﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿٩﴾ وَإِذْ نَادَىٰ رَبُّكَ مُوسَىٰ

٥

مُّؤْمِنِينَ	وَإِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيزُ	الرَّحِيمُ	وَإِذْ	نَادَىٰ	رَبُّكَ	مُوسَىٰ
ایمان لانے والے	اور بیشک	تمہارا رب	البتہ وہ	غالب	نہایت مہربان	اور جب	پکارا (فرمایا)	تمہارا رب	موسیٰؑ

ایمان لانے والے۔ اور بیشک تمہارا رب البتہ غالب ہے، نہایت مہربان۔ اور (یاد کرو) جب تمہارے رب نے موسیٰؑ کو فرمایا

أَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿١٠﴾ قَوْمَ فِرْعَوْنَ ۚ أَلَا يَتَّقُونَ ﴿١١﴾ قَالَ رَبِّ إِنِّي أَخَافُ

أَنِ ائْتِ	الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ	قَوْمَ فِرْعَوْنَ	أَلَا يَتَّقُونَ	قَالَ	رَبِّ	إِنِّي أَخَافُ
کہ تو جا	ظالم لوگ	قوم فرعون	کیا وہ مجھ سے نہیں ڈرتے	اس نے کہا	اے میرے رب	میں ڈرتا ہوں

کہ ظالم لوگوں کے پاس جاؤ۔ (یعنی) قوم فرعون کے پاس، کیا وہ مجھ سے نہیں ڈرتے؟ اس نے کہا اے میرے رب! میں ڈرتا ہوں (مجھے اندیشہ ہے)

أَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ﴿۱۲﴾ وَيَضِيْقُ صَدْرِيْ وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِيْ فَأَرْسِلْ إِلٰى هٰرُوْنَ ﴿۱۳﴾

أَنْ	يُّكَذِّبُوْنِ	وَيَضِيْقُ	صَدْرِيْ	وَلَا يَنْطَلِقُ	لِسَانِيْ	فَأَرْسِلْ	إِلٰى	هٰرُوْنَ
کہ	وہ مجھے جھٹلائیں گے	اور تنگ ہوتا ہے	میرا سینہ (دل)	اور نہیں چلتی	میری زبان	پس پیغام بھیج	طرف	ہارونؑ

کہ وہ مجھے جھٹلائیں گے۔ اور میرا دل تنگ ہوتا ہے، اور میری زبان (خوب) نہیں چلتی، پس ہارونؑ کی طرف (بھی) پیغام بھیج۔

وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ فَأَخَافُ أَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿۱۴﴾ قَالَ كَلَّا فَاذْهَبَا بِاٰيٰتِنَآ إِنَّا مَعَكُمْ

وَلَهُمْ	عَلَيَّ	ذَنْبٌ	فَأَخَافُ	أَنْ يَّقْتُلُوْنِ	قَالَ	كَلَّا	فَاذْهَبَا	بِاٰيٰتِنَا	إِنَّا	مَعَكُمْ
اور اُن کا	مجھ پر	ایک الزام	پس میں ڈرتا ہوں	کہ وہ مجھے قتل (نہ) کر دیں	فرمایا	ہرگز نہیں	پس تم دونوں جاؤ	ہماری نشانیوں کے ساتھ	بیشک ہم	تمہارے ساتھ

اور ان کا مجھ پر ایک الزام (بھی) ہے، پس مجھے ڈر ہے کہ وہ مجھے قتل نہ کر دیں۔ فرمایا ہرگز نہیں، تم دونوں ہماری نشانیوں کے ساتھ جاؤ بیشک ہم تمہارے ساتھ ہیں

مُّسْتَمِعُوْنَ ﴿۱۵﴾ فَأْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَآ إِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ أَنْ أَرْسِلْ

مُّسْتَمِعُوْنَ	فَأْتِيَا	فِرْعَوْنَ	فَقُوْلَا	إِنَّا رَسُوْلُ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	أَنْ	أَرْسِلْ
سُننے والے	پس تم دونوں جاؤ	فرعون	تو اسے کہو	بیشک ہم رسول	تمام جہانوں کا رب	کہ	تو بھیج دے

سُننے والے۔ پس تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ تو اسے کہو کہ بیشک ہم تمام جہانوں کے رب کے رسول ہیں۔ کہ تو بھیج دے

مَعَنَا بَنِيْٓ إِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۷﴾ قَالَ أَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا وَلِيْدًا وَّلَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ

مَعَنَا	بَنِيْٓ إِسْرَآءِيْلَ	قَالَ	أَلَمْ نُرَبِّكَ	فِيْنَا	وَلِيْدًا	وَلَبِثْتَ	فِيْنَا	مِنْ عُمُرِكَ
ہمارے ساتھ	بنی اسرائیل	فرعون نے کہا	کیا ہم نے تجھے نہیں پالا	اپنے درمیان	بچپن میں	اور تو رہا	ہمارے درمیان	اپنی عمر کے

ہمارے ساتھ بنی اسرائیل کو۔ فرعون نے کہا کیا ہم نے تجھے بچپن میں اپنے درمیان نہیں پالا؟ اور تو ہمارے درمیان رہا اپنی عمر کے

سِنِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِيْ فَعَلْتَ وَأَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹﴾ قَالَ فَعَلْتُهَآ

سِنِيْنَ	وَفَعَلْتَ	فَعْلَتَكَ	الَّتِيْ فَعَلْتَ	وَأَنْتَ	مِنَ	الْكٰفِرِيْنَ	قَالَ	فَعَلْتُهَا
کئی برس	اور تونے کیا	اپنا (وہ) کام	جو تو نے کیا	اور تو	سے	ناشکرے	موسیٰؑ نے کہا	میں نے وہ کیا تھا

کئی برس۔ اور تو نے وہ کام کیا جو تو نے کیا (قبطی قتل کیا) اور تو ناشکروں میں سے ہے۔ موسیٰؑ نے کہا میں نے وہ کیا تھا

إِذًا وَّأَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۲۰﴾ فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِيْ رَبِّيْ حُكْمًا وَّ

إِذًا	وَّأَنَا	مِنَ	الضَّآلِّيْنَ	فَفَرَرْتُ	مِنْكُمْ	لَمَّا خِفْتُكُمْ	فَوَهَبَ لِيْ	رَبِّيْ	حُكْمًا	وَ
جب	اور میں	سے	راہ سے بے خبر (جمع)	تو میں بھاگ گیا	تم سے	جب میں ڈرا تم سے	پس عطا کیا مجھے	میرا رب	حکم	اور

جب میں راہ سے بے خبروں میں سے تھا۔ جب میں تم سے ڈرا تو میں تم سے بھاگ گیا پس میرے رب نے مجھے حکم عطا کیا (نبوت دی) اور

جَعَلَنِيْ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٢١ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۝٢٢

جَعَلَنِيْ	مِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ	وَتِلْكَ	نِعْمَةٌ	تَمُنُّهَا عَلَيَّ	اَنْ عَبَّدْتَّ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ
اور مجھے بنایا	سے	رسول (جمع)	اور یہ	کوئی نعمت	تو اس کا احسان رکھتا ہے مجھ پر	کہ تو نے غلام بنایا	بنی اسرائیل

اور مجھے رسولوں میں سے بنایا۔ اور یہ کوئی نعمت ہے جس کا تو مجھ پر احسان رکھتا ہے؟ کہ تو نے بنی اسرائیل کو غلام بنایا۔

قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٢٣ قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

قَالَ فِرْعَوْنُ	وَمَا	رَبُّ	الْعٰلَمِيْنَ	قَالَ	رَبُّ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا بَيْنَهُمَا
فرعون نے کہا	اور کیا ہے	رب	سارے جہان	اس نے کہا	رب ہے آسمانوں کا	اور زمین	اور جو ان کے درمیان

فرعون نے کہا' اور کیا ہے سارے جہان کا رب! موسیٰؑ نے کہا رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا، اور جو ان کے درمیان ہے،

اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ۝٢٤ قَالَ لِمَنْ حَوْلَهٗٓ اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ ۝٢٥ قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ

اِنْ	كُنْتُمْ	مُّوْقِنِيْنَ	قَالَ	لِمَنْ	حَوْلَهٗ	اَلَا	تَسْتَمِعُوْنَ	قَالَ	رَبُّكُمْ	وَرَبُّ
اگر	تم ہو	یقین کرنے والے	اس نے کہا	انہیں جو	اس کے اردگرد	کیا تم	سنتے نہیں	موسیٰ نے کہا	تمہارا رب	اور رب

اگر تم یقین کرنے والے ہو۔ اس نے اپنے اردگرد والوں سے کہا، کیا تم سنتے نہیں! موسیٰؑ نے کہا رب ہے تمہارا اور رب ہے

اٰبَآىِٕكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ۝٢٦ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِيْٓ اُرْسِلَ اِلَيْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ ۝٢٧ قَالَ رَبُّ

اٰبَآىِٕكُمُ	الْاَوَّلِيْنَ	قَالَ	اِنَّ	رَسُوْلَكُمُ	الَّذِيْٓ	اُرْسِلَ	اِلَيْكُمْ	لَمَجْنُوْنٌ	قَالَ	رَبُّ
تمہارے باپ دادا	پہلے	فرعون بولا	بیشک	تمہارا رسول	وہ جو	بھیجا گیا	تمہاری طرف	البتہ دیوانہ	موسیٰ نے کہا	رب

تمہارے پہلے باپ دادا کا۔ فرعون بولا، بیشک تمہارا رسول جو تمہاری طرف بھیجا گیا ہے البتہ دیوانہ ہے۔ موسیٰؑ نے کہا رب ہے

الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝٢٨ قَالَ لَىِٕنِ اتَّخَذْتَ اِلٰهًا

الْمَشْرِقِ	وَالْمَغْرِبِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا	اِنْ	كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ	قَالَ	لَىِٕنِ	اتَّخَذْتَ	اِلٰهًا
مشرق	اور مغرب	اور جو	ان دونوں کے درمیان	اگر	تم سمجھتے ہو	وہ بولا	البتہ اگر	تو نے بنایا	کوئی معبود

مشرق کا اور مغرب کا' اور جو ان دونوں کے درمیان ہے' اگر تم سمجھتے ہو۔ وہ بولا، البتہ اگر تو نے کوئی اور معبود بنایا

غَيْرِيْ لَاَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ ۝٢٩ قَالَ اَوَلَوْ جِئْتُكَ بِشَيْءٍ مُّبِيْنٍ ۝٣٠ قَالَ

غَيْرِيْ	لَاَجْعَلَنَّكَ	مِنَ	الْمَسْجُوْنِيْنَ	قَالَ	اَوَلَوْ جِئْتُكَ	بِشَيْءٍ مُّبِيْنٍ	قَالَ
میرے سوا	تو میں ضرور کردوں گا تجھے	سے	قیدی (جمع)	موسیٰ نے کہا	خواہ میں لاؤں تیرے پاس	ایک شے (معجزہ) واضح	وہ بولا

میرے سوا تو میں ضرور تجھے قید کردوں گا۔ موسیٰؑ نے کہا خواہ میں تیرے پاس ایک واضح معجزہ لاؤں۔ وہ بولا

فَأْتِ بِهٖٓ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٣١﴾ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿٣٢﴾

فَأْتِ بِهٖ	اِنْ كُنْتَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	فَاَلْقٰى	عَصَاهُ	فَاِذَا هِيَ	ثُعْبَانٌ	مُّبِيْنٌ
تو لے آ اسے	اگر تو ہے	سے	سچے	پس موسیٰؑ نے ڈالا	اپنا عصا	تو اچانک وہ	اژدہا	کھلا (نمایاں)

تو اسے لے آ اگر تو سچوں میں سے ہے (سچا ہے)۔ پس موسیٰؑ نے اپنا عصا ڈالا تو وہ اچانک نمایاں اژدہا بن گیا۔

وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿٣٣﴾ قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗٓ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ

وَنَزَعَ	يَدَهٗ	فَاِذَا هِيَ	بَيْضَآءُ	لِلنّٰظِرِيْنَ	قَالَ	لِلْمَلَاِ	حَوْلَهٗ	اِنَّ هٰذَا	لَسٰحِرٌ	عَلِيْمٌ
اور کھینچا (نکالا)	اپنا ہاتھ	تو ناگاہ وہ	چمکتا ہوا	دیکھنے والوں کے لئے	فرعون نے کہا	سرداروں سے	اپنے گرد	بیشک یہ	جادوگر	دانا، ماہر

اور اس نے اپنا ہاتھ (گریبان سے) نکالا تو ناگاہ وہ دیکھنے والوں کے لئے چمکتا ہوا ہو گیا۔ فرعون نے اپنے ارد گرد کے سرداروں سے کہا بیشک یہ ماہر جادوگر ہے۔

يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهٖ ۖ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ

يُّرِيْدُ	اَنْ	يُّخْرِجَكُمْ	مِّنْ	اَرْضِكُمْ	بِسِحْرِهٖ	فَمَاذَا	تَاْمُرُوْنَ	قَالُوْٓا	اَرْجِهْ	وَاَخَاهُ
وہ چاہتا ہے	کہ	تمہیں نکال دے	سے	تمہاری سرزمین	اپنے جادو سے	تو کیا	تم حکم (مشورہ) دیتے ہو	وہ بولے	مہلت دے	اور اس کے بھائی کو

وہ چاہتا ہے کہ تمہیں اپنے جادو (کے زور) سے تمہاری سرزمین سے نکال دے تو تم کیا مشورہ دیتے ہو؟ وہ بولے اسے اور اس کے بھائی کو مہلت دے،

وَابْعَثْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿٣٦﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ﴿٣٧﴾ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ

وَابْعَثْ	فِي	الْمَدَآئِنِ	حٰشِرِيْنَ	يَاْتُوْكَ	بِكُلِّ سَحَّارٍ	عَلِيْمٍ ﴿٣٧﴾	فَجُمِعَ	السَّحَرَةُ
اور بھیج	میں	شہر (جمع)	اکٹھا کرنے والے (نقیب)	لے آئیں تیرے پاس	تمام بڑے جادوگر	ماہر	پس جمع کئے گئے	جادوگر

اور شہروں میں نقیب بھیج، کہ تیرے پاس تمام بڑے ماہر جادوگر لے آئیں۔ پس جادوگر جمع ہو گئے،

لِمِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿٣٨﴾ وَّقِيْلَ لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿٣٩﴾ لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ

لِمِيْقَاتِ	يَوْمٍ	مَّعْلُوْمٍ	وَّقِيْلَ	لِلنَّاسِ	هَلْ	اَنْتُمْ	مُّجْتَمِعُوْنَ	لَعَلَّنَا	نَتَّبِعُ
مقررہ وقت پر	ایک دن	جانے پہچانے (معین)	اور کہا گیا	لوگوں سے	کیا	تم	جمع ہونے والے ہو (جمع ہو گے)	تاکہ ہم	پیروی کریں

ایک معین دن وقت مقررہ پر۔ اور لوگوں سے کہا گیا کیا تم جمع ہو گے؟ تاکہ ہم پیروی کریں

السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿٤٠﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ لَنَا

السَّحَرَةَ	اِنْ	كَانُوْا هُمُ	الْغٰلِبِيْنَ	فَلَمَّا	جَآءَ	السَّحَرَةُ	قَالُوْا	لِفِرْعَوْنَ	اَئِنَّ لَنَا
جادوگر (جمع)	اگر	ہوں وہ	غالب (جمع)	پس جب	آئے	جادوگر	انہوں نے کہا	فرعون سے	کیا یقیناً ہمارے لئے

جادوگروں کی، اگر وہ غالب ہوں۔ جب جادوگر آئے تو انہوں نے فرعون سے کہا کیا ہمارے لئے یقینی طور پر

لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۴۱﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۴۲﴾ قَالَ

لَاَجْرًا	اِنْ	كُنَّا	نَحْنُ	الْغٰلِبِيْنَ	قَالَ	نَعَمْ	وَاِنَّكُمْ	اِذًا	لَّمِنَ	الْمُقَرَّبِيْنَ	قَالَ
کچھ انعام	اگر	ہم ہوئے	ہم	غالب (جمع)	اس نے کہا	ہاں	اور بیشک تم	اس وقت	البتہ سے	مقربین	کہا

کچھ انعام ہوگا؟ اگر ہم غالب آئے۔ اس نے کہا ہاں! تم اس وقت۔ بیشک (میرے) مقربین میں سے ہو گے۔ کہا

لَهُمْ مُّوْسٰى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿۴۳﴾ فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوْا

لَهُمْ	مُّوْسٰى	اَلْقُوْا	مَآ	اَنْتُمْ	مُّلْقُوْنَ	فَاَلْقَوْا	حِبَالَهُمْ	وَعِصِيَّهُمْ	وَقَالُوْا
ان سے	موسیٰؑ	تم ڈالو	جو	تم	ڈالنے والے	پس انہوں نے ڈالیں	اپنی رسیاں	اور اپنی لاٹھیاں	اور بولے

موسیٰؑ نے ان سے (اپنا داؤ) ڈالو جو تم ڈالنے والے ہو۔ پس انہوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈالیں اور وہ بولے

بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ اِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَاَلْقٰى مُوْسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ

بِعِزَّةِ	فِرْعَوْنَ	اِنَّا لَنَحْنُ	الْغٰلِبُوْنَ	فَاَلْقٰى	مُوْسٰى	عَصَاهُ	فَاِذَا هِيَ	تَلْقَفُ
اقبال سے	فرعون	بیشک البتہ ہم	غالب آنے والے	پس ڈالا	موسیٰؑ	اپنا عصا	تو ناگاہ وہ	نگلنے لگا

فرعون کے اقبال سے بیشک ہم ہی غالب آنے والے ہیں۔ پس موسیٰؑ نے اپنا عصا ڈالا تو وہ ناگاہ نگلنے لگا

مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۴۵﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۷﴾ رَبِّ

مَا	يَاْفِكُوْنَ	فَاُلْقِيَ	السَّحَرَةُ	سٰجِدِيْنَ	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا	بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	رَبِّ
جو	انہوں نے ڈھکوسلا بنایا	پس ڈال دیئے گئے (گر پڑے)	جادوگر	سجدہ کرتے ہوئے	وہ بولے	ہم ایمان لائے	سارے جہانوں کے رب پر	رب

جو انہوں نے ڈھکوسلا بنایا تھا۔ پس جادوگر سجدہ کرتے ہوئے گر پڑے۔ وہ بولے ہم سارے جہانوں کے رب پر ایمان لائے۔ (جو) رب ہے

مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ

مُوْسٰى	وَهٰرُوْنَ	قَالَ	اٰمَنْتُمْ لَهٗ	قَبْلَ	اَنْ	اٰذَنَ	لَكُمْ	اِنَّهٗ	لَكَبِيْرُكُمُ	الَّذِيْ
موسیٰؑ	اور ہارونؑ	فرعون نے کہا	تم ایمان لائے اس پر	پہلے	کہ میں	اجازت دوں	تمہیں	بیشک وہ	البتہ بڑا ہے تمہارا	وہ جس نے

موسیٰؑ اور ہارونؑ کا۔ فرعون نے کہا تم اس پر (اس سے) پہلے ایمان لے آئے کہ میں تمہیں اجازت دوں، بیشک وہ البتہ تمہارا بڑا ہے جس نے

عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۬ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ

عَلَّمَكُمُ	السِّحْرَ	فَلَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ	لَاُقَطِّعَنَّ	اَيْدِيَكُمْ	وَاَرْجُلَكُمْ	مِّنْ	خِلَافٍ
سکھایا تمہیں	جادو	پس جلد	تم جان لوگے	البتہ میں ضرور کاٹ ڈالوں گا	تمہارے ہاتھ	اور تمہارے پاؤں	سے۔ کے	ایک دوسرے کے خلاف کا

تمہیں جادو سکھایا ہے پس تم جلد جان لوگے، میں ضرور تمہارے ہاتھ پاؤں کاٹ ڈالوں گا، دوسری طرف کے (ایک طرف کا ہاتھ دوسری طرف کا پاؤں)

وَلَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٤٩﴾ قَالُوْا لَا ضَيْرَ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿٥٠﴾ اِنَّا نَطْمَعُ

وَلَاُصَلِّبَنَّكُمْ	اَجْمَعِيْنَ	قَالُوْا	لَا ضَيْرَ	اِنَّآ	اِلٰى رَبِّنَا	مُنْقَلِبُوْنَ	اِنَّا نَطْمَعُ
اور ضرور تمہیں سُولی دوں گا	سب کو	وہ بولے	کچھ نقصان (حرج) نہیں	بیشک ہم	اپنے رب کی طرف	لوٹ کر جانے والے ہیں	بیشک ہم امید رکھتے ہیں

اور ضرور تم سب کو سُولی دوں گا- وہ بولے کچھ حرج نہیں بیشک ہم اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں- ہم امید رکھتے ہیں

۳ ع ۱۸ ۷

اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٥١﴾ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى

اَنْ	يَّغْفِرَ	لَنَا	رَبُّنَا	خَطٰيٰنَآ	اَنْ كُنَّآ	اَوَّلَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَاَوْحَيْنَآ	اِلٰى	مُوْسٰٓى
کہ	بخش دے	ہمیں	ہمارا رب	ہماری خطائیں	کہ ہم ہیں	پہلے	ایمان لانے والے	اور ہم نے وحی کی	طرف	موسیٰؑ

کہ ہمارا رب ہماری خطائیں بخش دے کہ ہم پہلے ایمان لانے والے ہیں- اور ہم نے موسیٰؑ کی طرف وحی کی

اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿٥٢﴾ فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿٥٣﴾

اَنْ اَسْرِ	بِعِبَادِيْٓ	اِنَّكُمْ	مُّتَّبَعُوْنَ	فَاَرْسَلَ	فِرْعَوْنُ	فِي الْمَدَآئِنِ	حٰشِرِيْنَ
کہ راتوں رات لے نکل	میرے بندوں کو	بیشک تم	تعاقب کئے جاؤ گے	پس بھیجا	فرعون	شہروں میں	اکٹھا کرنے والے (نقیب)

کہ راتوں رات میرے بندوں کو لیکر نکل بیشک تم پیچھا کئے جاؤ گے (تمہارا تعاقب ہوگا)- پس فرعون نے شہروں میں نقیب بھیجے-

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿٥٤﴾ وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ ﴿٥٥﴾ وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿٥٦﴾

اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	لَشِرْذِمَةٌ	قَلِيْلُوْنَ	وَاِنَّهُمْ	لَنَا	لَغَآئِظُوْنَ	وَاِنَّا	لَجَمِيْعٌ	حٰذِرُوْنَ
بیشک	یہ لوگ ہیں	ایک جماعت	تھوڑی سی	اور بیشک وہ	ہمیں	غصہ میں لانے والے ہیں	اور بیشک ہم	ایک جماعت	مسلح - محتاط

بیشک یہ لوگ ایک تھوڑی (چھوٹی سی) جماعت ہیں- اور وہ بیشک ہمیں غصہ میں لانے والے (غصہ دلا رہے ہیں) اور بیشک ہم ایک جماعت ہیں مسلح محتاط-

فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿٥٧﴾ وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿٥٨﴾ كَذٰلِكَ وَاَوْرَثْنٰهَا

فَاَخْرَجْنٰهُمْ	مِّنْ	جَنّٰتٍ	وَّعُيُوْنٍ	وَّكُنُوْزٍ	وَّمَقَامٍ	كَرِيْمٍ	كَذٰلِكَ	وَاَوْرَثْنٰهَا
پس ہم نے انہیں نکالا	سے	باغات	اور چشمے	اور خزانے	اور ٹھکانے	عمدہ	اسی طرح	اور ہم نے وارث بنایا ان کا

(ارشادِ الٰہی ہے) پس ہم نے انہیں باغات سے، چشموں سے، اور خزانوں سے، اور عمدہ ٹھکانوں سے نکالا- اسی طرح ہم نے ان کا وارث بنایا

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿٥٩﴾ فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ﴿٦٠﴾ فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	فَاَتْبَعُوْهُمْ	مُّشْرِقِيْنَ	فَلَمَّا	تَرَآءَ	الْجَمْعٰنِ	قَالَ	اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى
بنی اسرائیل	پس انہوں نے پیچھا کیا ان کا	سورج نکلتے	پس جب	دیکھا ایک دوسرے کو	دونوں جماعتیں	کہا (کہنے لگے)	موسیٰؑ کے ساتھی

بنی اسرائیل کو- پس انہوں نے سورج نکلتے (صبح سویرے) ان کا پیچھا کیا- پس جب دونوں جماعتوں نے ایک دوسرے کو دیکھا تو موسیٰؑ کے ساتھی کہنے لگے،

إِنَّا لَمُدْرَكُونَ (٦١) قَالَ كَلَّا ۖ إِنَّ مَعِيَ رَبِّي سَيَهْدِينِ (٦٢) فَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ مُوسَىٰ

إِنَّا	لَمُدْرَكُونَ	قَالَ كَلَّا	إِنَّ	مَعِيَ	رَبِّي	سَيَهْدِينِ	فَأَوْحَيْنَا	إِلَىٰ	مُوسَىٰ
یقیناً ہم	پکڑ لیے گئے	اس نے کہا ہرگز نہیں	بیشک	میرے ساتھ	میرا رب	وہ جلد مجھے راہ دکھائیگا	پس ہم نے وحی بھیجی	طرف	موسیٰؑ

یقیناً ہم پکڑ لیے گئے ۔ موسیٰؑ نے کہا، ہرگز نہیں، بیشک میرا رب میرے ساتھ ہے، وہ مجھے جلد (بچ نکلنے کی) راہ دکھائے گا پس ہم نے موسیٰؑ کی طرف وحی بھیجی

أَنِ اضْرِب بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ۖ فَانفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيمِ (٦٣)

أَنِ	اضْرِب	بِّعَصَاكَ	الْبَحْرَ	فَانفَلَقَ	فَكَانَ	كُلُّ فِرْقٍ	كَالطَّوْدِ	الْعَظِيمِ
کہ	تو مار	اپنا عصا	دریا	تو وہ پھٹ گیا	پس ہوگیا	ہر حصہ	پہاڑ کی طرح	بڑے

کہ تو اپنا عصا دریا پر مار (انہوں نے مارا) تو دریا پھٹ گیا، پس ہر حصہ بڑے بڑے پہاڑ کی طرح ہو گیا۔

وَأَزْلَفْنَا ثَمَّ الْآخَرِينَ (٦٤) وَأَنجَيْنَا مُوسَىٰ وَمَن مَّعَهُ أَجْمَعِينَ (٦٥) ثُمَّ

وَأَزْلَفْنَا	ثَمَّ	الْآخَرِينَ	وَأَنجَيْنَا	مُوسَىٰ	وَمَن	مَّعَهُ	أَجْمَعِينَ	ثُمَّ
پھر ہم نے قریب کردیا	اس جگہ	دوسروں کو	اور ہم نے بچا لیا	موسیٰؑ	اور جو	اس کے ساتھ	سب	پھر

اور ہم نے اس جگہ دوسروں کو (فرعونیوں کو) قریب کر دیا ۔ اور ہم نے موسیٰؑ کو اور جو ان کے ساتھ تھے سب کو بچا لیا ۔ پھر

أَغْرَقْنَا الْآخَرِينَ (٦٦) إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ (٦٧) وَإِنَّ

أَغْرَقْنَا	الْآخَرِينَ	إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَآيَةً	وَمَا	كَانَ	أَكْثَرُهُم	مُّؤْمِنِينَ	وَإِنَّ
ہم نے غرق کردیا	دوسروں کو	بیشک	اس میں	ایک نشانی	اور نہ	تھے	ان سے اکثر	ایمان لانے والے	اور بیشک

ہم نے دوسروں کو غرق کر دیا ۔ بیشک اس میں ایک نشانی ہے، اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہ تھے ۔ اور بیشک

رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ (٦٨) وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ إِبْرَاهِيمَ (٦٩) إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ

رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيزُ	الرَّحِيمُ	وَاتْلُ	عَلَيْهِمْ	نَبَأَ	إِبْرَاهِيمَ	إِذْ	قَالَ	لِأَبِيهِ
تمہارا رب	البتہ وہ	غالب	نہایت مہربان	اور پڑھیں	ان پر انہیں	خبر، واقعہ	ابراہیم	جب	اس نے کہا	اپنے باپ کو

تمہارا رب البتہ غالب، نہایت مہربان ہے ۔ اور انہیں ابراہیمؑ کا واقعہ پڑھ کر سنائیں) جب انہوں نے اپنے باپ کو کہا

وَقَوْمِهِ مَا تَعْبُدُونَ (٧٠) قَالُوا نَعْبُدُ أَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عَاكِفِينَ (٧١) قَالَ

وَقَوْمِهِ	مَا	تَعْبُدُونَ	قَالُوا	نَعْبُدُ	أَصْنَامًا	فَنَظَلُّ لَهَا	عَاكِفِينَ	قَالَ
اور اپنی قوم	کیا، کس	تم پرستش کرتے ہو	انہوں نے کہا	ہم پرستش کرتے ہیں	بتوں کی	پس ہم بیٹھے رہتے ہیں ان کے پاس	جمے ہوئے	اس نے کہا

اور اپنی قوم کو تم کس کی پرستش کرتے ہو؟ انہوں نے کہا بتوں کی پرستش کرتے ہیں، پس ہم ان کے پاس جمے بیٹھے رہتے ہیں ۔ اس نے

هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ﴿۷۲﴾ اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ يَضُرُّوْنَ ﴿۷۳﴾ قَالُوْا بَلْ

هَلْ	يَسْمَعُوْنَكُمْ	اِذْ	تَدْعُوْنَ	اَوْ	يَنْفَعُوْنَكُمْ	اَوْ	يَضُرُّوْنَ	قَالُوْا	بَلْ
کیا	وہ سنتے ہیں تمہاری	جب	تم پکارتے ہو	یا	وہ نفع پہنچاتے ہیں تمہیں	یا	وہ نقصان پہنچاتے ہیں	وہ بولے	بلکہ

کیا وہ تمہاری سنتے ہیں جب تم پکارتے ہو؟ یا وہ تمہیں نفع پہنچاتے ہیں؟ یا نقصان پہنچا سکتے ہیں؟ وہ بولے (نہیں تو)۔ بلکہ

وَجَدْنَا اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿۷۵﴾ اَنْتُمْ

وَجَدْنَا	اٰبَآءَنَا	كَذٰلِكَ	يَفْعَلُوْنَ	قَالَ	اَفَرَءَيْتُمْ	مَا	كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ	اَنْتُمْ
ہم نے پایا	اپنے باپ دادا	اسی طرح	وہ کرتے	ابراہیمؑ نے کہا	کیا پس تم نے دیکھا	کس	تم پرستش کرتے ہو	تم

ہم نے اپنے باپ دادا کو اسی طرح کرتے پایا ہے۔ ابراہیمؑ نے کہا پس کیا تم نے دیکھا (غور بھی کیا) کس کی پرستش کرتے تھے تم اور

وَاٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ﴿۷۶﴾ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۷﴾ الَّذِيْ خَلَقَنِيْ

وَاٰبَآؤُكُمُ	الْاَقْدَمُوْنَ	فَاِنَّهُمْ	عَدُوٌّ لِّيْٓ	اِلَّا	رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ	الَّذِيْ	خَلَقَنِيْ
اور تمہارے باپ دادا	پہلے	تو بیشک وہ	میرے دشمن	مگر	سارے جہانوں کا رب	وہ جس نے	مجھے پیدا کیا

اور تمہارے پہلے باپ دادا؟ تو بیشک وہ میرے دشمن ہیں مگر (میں عبادت کرتا ہوں) سارے جہانوں کے رب کی۔ وہ جس نے مجھے پیدا کیا

۸۰
فَهُوَ يَهْدِيْنِ ﴿۷۸﴾ وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ﴿۷۹﴾ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ﴿۸۰﴾

فَهُوَ	يَهْدِيْنِ	وَالَّذِيْ	هُوَ	يُطْعِمُنِيْ	وَيَسْقِيْنِ	وَاِذَا	مَرِضْتُ	فَهُوَ	يَشْفِيْنِ
پس وہ	مجھے راہ دکھاتا ہے	اور وہ جو	وہ	مجھے کھلاتا ہے	اور مجھے پلاتا ہے	اور جب	میں بیمار ہوتا ہوں	تو وہ	مجھے شفا دیتا ہے

پس وہی مجھے راہ دکھاتا ہے، اور وہی جو مجھے کھلاتا ہے اور مجھے پلاتا ہے۔ اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہ مجھے شفا دیتا ہے۔

۸۲
وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ﴿۸۱﴾ وَالَّذِيْٓ اَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْٓـَٔتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿۸۲﴾

وَالَّذِيْ	يُمِيْتُنِيْ	ثُمَّ	يُحْيِيْنِ	وَالَّذِيْٓ	اَطْمَعُ	اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ	خَطِيْٓـَٔتِيْ	يَوْمَ الدِّيْنِ
اور وہ جو	موت دے گا	پھر	مجھے زندہ کرے گا	اور وہ جس سے	میں امید رکھتا ہوں	کہ مجھے بخش دے گا	میری خطائیں	روزِ قیامت

اور وہ جو مجھے موت (سے ہمکنار) کرے گا، پھر مجھے زندہ کرے گا۔ اور وہ جس سے میں امید رکھتا ہوں کہ مجھے روزِ قیامت میری خطائیں بخش دے گا۔

رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۳﴾ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ

رَبِّ	هَبْ لِيْ	حُكْمًا	وَّاَلْحِقْنِيْ	بِالصّٰلِحِيْنَ	وَاجْعَلْ	لِّيْ لِسَانَ	صِدْقٍ
اے میرے رب	مجھے عطا کر	حکم۔ حکمت	اور مجھے ملا دے	نیک بندوں کے ساتھ	اور کر	میرے لئے میرا ذکر	اچھا۔ خیر

اے میرے رب! مجھے حکم و حکمت عطا فرما اور مجھے نیک بندوں کے ساتھ ملا دے۔ اور میرا ذکرِ خیر (جاری) رکھ

فِی الْاٰخِرِیْنَ ﴿۸۴﴾ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیْمِ ﴿۸۵﴾ وَاغْفِرْ لِاَبِیْۤ اِنَّهٗ كَانَ

فِی الْاٰخِرِیْنَ	وَاجْعَلْنِیْ	مِنْ	وَّرَثَةِ	جَنَّةِ	النَّعِیْمِ	وَاغْفِرْ	لِاَبِیْۤ	اِنَّهٗ	كَانَ
بعد میں آنے والوں میں	اور مجھے بنا دے	وارثوں میں سے		بہشت	نعمتوں والی	اور بخش دے	میرے باپ کو	بیشک وہ	ہے

بعد میں آنے والوں میں - اور مجھے نعمتوں والی بہشت کے وارثوں میں سے بنا دے - اور میرے باپ کو بخش دے، بیشک وہ

مِنَ الضَّآلِّیْنَ ﴿۸۶﴾ وَلَا تُخْزِنِیْ یَوْمَ یُبْعَثُوْنَ ﴿۸۷﴾ یَوْمَ لَا یَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ﴿۸۸﴾

مِنَ	الضَّآلِّیْنَ	وَ	لَا تُخْزِنِیْ	یَوْمَ یُبْعَثُوْنَ	یَوْمَ	لَا یَنْفَعُ	مَالٌ	وَّلَا	بَنُوْنَ
سے	گمراہ (جمع)	اور	مجھے رسوا نہ کرنا	جس دن سب اٹھائے جائیں گے	جس دن	نہ کام آئے گا	مال	اور نہ	بیٹے

گمراہوں میں سے ہے - اور مجھے اس دن رسوا نہ کرنا جب سب اٹھائے جائیں گے - جس دن نہ کام آئے گا مال اور نہ بیٹے -

اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ ﴿۸۹﴾ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِیْنَ ﴿۹۰﴾ وَبُرِّزَتِ الْجَحِیْمُ

اِلَّا	مَنْ	اَتَى اللّٰهَ	بِقَلْبٍ	سَلِیْمٍ	وَاُزْلِفَتِ	الْجَنَّةُ	لِلْمُتَّقِیْنَ	وَبُرِّزَتِ	الْجَحِیْمُ
مگر	جو	اللہ کے پاس آیا	دل	پاک	اور نزدیک کر دی جائے گی	جنت	پرہیزگاروں کے لئے	اور ظاہر کر دی جائے گی	دوزخ

مگر جو اللہ کے پاس پاک (بے عیب) دل لے کر آیا - اور جنت پرہیزگاروں کے نزدیک کر دی جائے گی، اور دوزخ ظاہر کر دی جائے گی

لِلْغٰوِیْنَ ﴿۹۱﴾ وَقِیْلَ لَهُمْ اَیْنَمَا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿۹۲﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ هَلْ

لِلْغٰوِیْنَ	وَقِیْلَ	لَهُمْ	اَیْنَمَا	كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	هَلْ
گمراہوں کے لئے	اور کہا جائے گا	انہیں	کہاں ہیں وہ جو	تم پرستش کرتے تھے	اللہ کے سوا	کیا

گمراہوں کے لئے - اور انہیں کہا جائے گا کہاں ہیں وہ جن کی تم پرستش کرتے تھے اللہ کے سوا، کیا

یَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ یَنْتَصِرُوْنَ ﴿۹۳﴾ فَكُبْكِبُوْا فِیْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ﴿۹۴﴾ وَجُنُوْدُ اِبْلِیْسَ

یَنْصُرُوْنَكُمْ	اَوْ	یَنْتَصِرُوْنَ	فَكُبْكِبُوْا	فِیْهَا	هُمْ	وَ	الْغَاوٗنَ	وَجُنُوْدُ	اِبْلِیْسَ
وہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں	یا	بدلہ لے سکتے ہیں	پس اوندھے منہ ڈالے جائیں گے اس میں		وہ	اور	گمراہ	اور لشکر (جمع)	ابلیس

وہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں؟ یا (خود) بدلہ لے سکتے ہیں؟ پس وہ اور گمراہ اس (جہنم) میں اوندھے منہ ڈالے جائیں گے - اور ابلیس کے لشکر

اَجْمَعُوْنَ ﴿۹۵﴾ قَالُوْا وَهُمْ فِیْهَا یَخْتَصِمُوْنَ ﴿۹۶﴾ تَاللّٰهِ اِنْ كُنَّا لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۹۷﴾

اَجْمَعُوْنَ	قَالُوْا	وَهُمْ	فِیْهَا	یَخْتَصِمُوْنَ	تَاللّٰهِ	اِنْ كُنَّا	لَفِیْ	ضَلٰلٍ	مُّبِیْنٍ
سب کے سب	وہ کہیں گے	اور وہ	اس (جہنم) میں	جھگڑتے ہوں گے	قسم اللہ کی	بیشک ہم تھے	البتہ۔ میں	گمراہی	کھلی

سب کے سب - وہ کہیں گے جبکہ وہ جہنم میں (باہم) جھگڑتے ہوں گے - اللہ کی قسم! بیشک ہم کھلی گمراہی میں تھے -

إِذْ نُسَوِّيكُم بِرَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٩٨﴾ وَمَا أَضَلَّنَا إِلَّا الْمُجْرِمُونَ ﴿٩٩﴾ فَمَا لَنَا مِن شَافِعِينَ ﴿١٠٠﴾

إِذْ	نُسَوِّيكُم	بِرَبِّ الْعَالَمِينَ	وَمَا	أَضَلَّنَا	إِلَّا	الْمُجْرِمُونَ	فَمَا لَنَا	مِن	شَافِعِينَ
جب	ہم برابر ٹھہراتے تھے تمہیں	سارے جہانوں کے رب کے ساتھ	اور نہیں	گمراہ کیا ہمیں	مگر (صرف)	مجرم (جمع)	پس نہیں ہمارے لئے	کوئی	سفارش کرنے والا (جمع)

جب ہم تمہیں سارے جہانوں کے رب کے ساتھ برابر ٹھہراتے تھے۔ اور ہمیں صرف مجرموں نے گمراہ کیا۔ پس ہمارا کوئی سفارش کرنے والا نہیں۔

وَلَا صَدِيقٍ حَمِيمٍ ﴿١٠١﴾ فَلَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٠٢﴾ إِنَّ

وَلَا	صَدِيقٍ	حَمِيمٍ	فَلَوْ	أَنَّ لَنَا	كَرَّةً	فَنَكُونَ	مِنَ	الْمُؤْمِنِينَ	إِنَّ
اور نہ	کوئی دوست	غم خوار	پس کاش	کہ ہمارے لئے	لوٹنا	تو ہم ہوتے	سے	مومن (جمع)	بیشک

اور نہ کوئی غم خوار دوست ہے۔ پس کاش ہمارے لئے دوبارہ (دنیا میں) لوٹنا ہوتا تو ہم مومنوں میں سے ہوتے۔ بیشک

۵ ع ۳۶ ۹

فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٠٣﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٠٤﴾ ع

فِي ذَٰلِكَ	لَآيَةً	وَمَا كَانَ	أَكْثَرُهُم	مُّؤْمِنِينَ	وَإِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيزُ	الرَّحِيمُ
اس میں	البتہ ایک نشانی	اور نہیں ہیں	ان کے اکثر	ایمان لانے والے	اور بیشک	تمہارا رب	البتہ وہ	غالب	نہایت مہربان

اس میں البتہ ایک نشانی ہے، اور ان میں اکثر ایمان لانے والے نہیں۔ اور بیشک تمہارا رب غالب ہے نہایت مہربان۔

كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوحٍ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٠٥﴾ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ نُوحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٠٦﴾

كَذَّبَتْ	قَوْمُ نُوحٍ	الْمُرْسَلِينَ	إِذْ قَالَ	لَهُمْ	أَخُوهُمْ	نُوحٌ	أَلَا	تَتَّقُونَ
جھٹلایا	نوحؑ کی قوم	رسولوں کو	جب کہا	ان سے	ان کے بھائی	نوحؑ	کیا نہیں	تم ڈرتے

نوحؑ کی قوم نے رسولوں کو جھٹلایا۔ (یاد کرو) جب ان کے بھائی نوحؑ نے ان سے کہا کیا تم ڈرتے نہیں؟

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٠٧﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٠٨﴾ وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ

إِنِّي	لَكُمْ	رَسُولٌ	أَمِينٌ	فَاتَّقُوا اللَّهَ	وَأَطِيعُونِ	وَ	مَا أَسْأَلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ
بیشک میں	تمہارے لئے	رسول	امانت دار	پس ڈرو اللہ سے	اور میری اطاعت کرو	اور	میں نہیں مانگتا تم سے	اس پر	کوئی

بیشک میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں۔ پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ میں اس پر تم سے نہیں مانگتا کوئی

أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٠٩﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١١٠﴾ قَالُوا

أَجْرٍ	إِنْ	أَجْرِيَ	إِلَّا	عَلَىٰ	رَبِّ الْعَالَمِينَ	فَاتَّقُوا	اللَّهَ	وَأَطِيعُونِ	قَالُوا
اجر	نہیں	میرا اجر	مگر (صرف)	پر	رب العالمین	پس ڈرو	اللہ سے	اور میری اطاعت کرو	وہ بولے

اجر، میرا اجر تو صرف (اللہ) رب العالمین پر ہے۔ پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ وہ بولے

أَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْأَرْذَلُونَ ﴿١١١﴾ قَالَ وَمَا عِلْمِي بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١١٢﴾

أَنُؤْمِنُ	لَكَ	وَاتَّبَعَكَ	الْأَرْذَلُونَ	قَالَ	وَمَا عِلْمِي	بِمَا	كَانُوا يَعْمَلُونَ
کیا ہم ایمان لے آئیں	تجھ پر	جبکہ تیری پیروی کی	رذیلوں نے	(نوحؑ نے کہا	اور مجھے کیا خبر	اس کی جو	وہ کرتے تھے

کیا ہم تجھ پر ایمان لے آئیں؟ جبکہ تیری پیروی رذیلوں نے کی ہے۔ نوحؑ نے کہا مجھے کیا خبر وہ کیا (کام کاج) کرتے تھے۔

إِنْ حِسَابُهُمْ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّي لَوْ تَشْعُرُونَ ﴿١١٣﴾ وَمَا أَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١١٤﴾

إِنْ	حِسَابُهُمْ	إِلَّا	عَلَىٰ رَبِّي	لَوْ	تَشْعُرُونَ	وَمَا	أَنَا	بِطَارِدِ	الْمُؤْمِنِينَ
نہیں	ان کا حساب	مگر صرف	میرے رب پر	اگر	تم سمجھو	اور نہیں	میں	ہانکنے والا (دور کرنے والا)	مومن (جمع)

ان کا حساب صرف میرے رب پر ہے، اگر تم سمجھو۔ اور میں مومنوں کو (اپنے پاس سے) دور کرنے والا نہیں۔

إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُبِينٌ ﴿١١٥﴾ قَالُوا لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ يَا نُوحُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمَرْجُومِينَ ﴿١١٦﴾

إِنْ أَنَا	إِلَّا	نَذِيرٌ	مُبِينٌ	قَالُوا	لَئِنْ	لَمْ تَنْتَهِ	يَا نُوحُ	لَتَكُونَنَّ	مِنَ	الْمَرْجُومِينَ
نہیں میں	مگر صرف	ڈرانے والا	صاف طور پر	بولے وہ	اگر	تم باز نہ آئے	اے نوح	تو ضرور ہوگے	سے	سنگسار کیے جانے والے

میں تو صرف صاف صاف طور پر ڈرانے والا ہوں۔ بولے اے نوحؑ! اگر تم باز نہ آئے تو ضرور سنگسار کر دیئے جاؤ گے۔

قَالَ رَبِّ إِنَّ قَوْمِي كَذَّبُونِ ﴿١١٧﴾ فَافْتَحْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَنَجِّنِي وَمَنْ

قَالَ	رَبِّ	إِنَّ	قَوْمِي	كَذَّبُونِ	فَافْتَحْ	بَيْنِي	وَبَيْنَهُمْ	فَتْحًا	وَنَجِّنِي	وَمَنْ
نوحؑ نے کہا	اے میرے رب	بیشک	میری قوم	مجھے جھٹلایا	پس فیصلہ کر دے	میرے درمیان	اور ان کے درمیان	ایک کھلا فیصلہ	اور نجات دے مجھے	اور جو

نوحؑ نے کہا اے میرے رب! بیشک میری قوم نے مجھے جھٹلایا۔ پس میرے اور ان کے درمیان ایک کھلا فیصلہ فرما دے اور مجھے نجات دے اور جو

مَعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١١٨﴾ فَأَنْجَيْنَاهُ وَمَنْ مَعَهُ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ﴿١١٩﴾

مَعِيَ	مِنَ	الْمُؤْمِنِينَ	فَأَنْجَيْنَاهُ	وَمَنْ	مَعَهُ	فِي الْفُلْكِ	الْمَشْحُونِ
میرے ساتھی	سے	ایمان والے	تو ہم نے نجات دی اسے	اور جو	اس کے ساتھ	کشتی میں	بھری ہوئی

میرے ساتھی ایمان والے ہیں۔ تو ہم نے اسے اور جو اس کے ساتھ بھری ہوئی کشتی میں سوار تھے (انہیں) نجات دی۔

ثُمَّ أَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبَاقِينَ ﴿١٢٠﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ

ثُمَّ	أَغْرَقْنَا	بَعْدُ	الْبَاقِينَ	إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَآيَةً	وَمَا	كَانَ	أَكْثَرُهُمْ
پھر	غرق کر دیا ہم نے	اس کے بعد	باقیوں کو	بیشک	اس میں	البتہ نشانی	اور نہ	تھے	اُن کے اکثر

پھر اس کے بعد ہم نے باقیوں کو غرق کر دیا۔ بے شک اس میں ایک نشانی ہے، اور ان کے اکثر نہ تھے

مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۲۲﴾ كَذَّبَتْ عَادُ ِۨ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ ٦ ع ۱۸ ۱۰

مُؤْمِنِيْنَ	وَاِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ	كَذَّبَتْ	عَادُ	ِۨ الْمُرْسَلِيْنَ
ایمان لانے والے	اور بیشک	تمہارا رب	البتہ وہ	غالب	نہایت مہربان	جھٹلایا	عاد	رسول (جمع)

ایمان لانے والے۔ اور بیشک تمہارا رب غالب ہے، نہایت مہربان ۔ (قوم) عادؑ نے رسولوں کو جھٹلایا ۔

اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۲۵﴾

اِذْ قَالَ	لَهُمْ	اَخُوْهُمْ	هُوْدٌ	اَلَا تَتَّقُوْنَ	اِنِّيْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ	اَمِيْنٌ
جب کہا	ان سے	ان کے بھائی	ہودؑ	کیا تم ڈرتے نہیں	بیشک میں	تمہارے لئے	رسول	امانت دار

جب ان سے ان کے بھائی ہودؑ نے کہا کیا تم ڈرتے نہیں؟ بیشک میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۲۶﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا

فَاتَّقُوا اللّٰهَ	وَ	اَطِيْعُوْنِ	وَ	مَآ اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا
سو تم ڈرو اللہ سے	اور	میری اطاعت کرو	اور	میں نہیں مانگتا تم سے	اس پر	کوئی اجر	نہیں	میرا اجر	مگر صرف

سو تم اللہ سے ڈرو، اور میری اطاعت کرو۔ اور میں تم سے اس پر کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو صرف

عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۷﴾ اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ اٰيَةً تَعْبَثُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَتَتَّخِذُوْنَ

عَلٰي	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	اَتَبْنُوْنَ	بِكُلِّ رِيْعٍ	اٰيَةً	تَعْبَثُوْنَ	وَتَتَّخِذُوْنَ
پر	رب العالمین	کیا تم تعمیر کرتے ہو	ہر بلندی پر	ایک نشانی	کھیلنے کو (بلاضرورت)	اور تم بناتے ہو

(اللہ) رب العالمین پر ہے۔ کیا تم ہر بلندی پر بلاضرورت ایک نشانی تعمیر کرتے ہو؟ اور تم بناتے ہو

مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

مَصَانِعَ	لَعَلَّكُمْ	تَخْلُدُوْنَ	وَاِذَا	بَطَشْتُمْ	بَطَشْتُمْ	جَبَّارِيْنَ	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ
مضبوط، شاندار محل	شاید تم	ہمیشہ رہوگے	اور جب	تم گرفت کرتے ہو	گرفت کرتے ہو	جابر بن کر	تو ڈرو	اللہ

مضبوط، شاندار محل کہ شاید تم ہمیشہ رہوگے۔ اور جب تم (کسی پر) گرفت کرنے ہو تو جابر (ظالم) بن کر گرفت کرتے ہو۔ تو اللہ سے ڈرو

وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۳۱﴾ وَاتَّقُوا الَّذِيْٓ اَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۱۳۳﴾

وَاَطِيْعُوْنِ	وَاتَّقُوْا	الَّذِيْٓ	اَمَدَّكُمْ	بِمَا تَعْلَمُوْنَ	اَمَدَّكُمْ	بِاَنْعَامٍ	وَبَنِيْنَ
اور میری اطاعت کرو	اور ڈرو	وہ جس نے	مدد کی تمہاری	اس سے جو تم جانتے ہو	تمہاری مدد کی	مویشیوں سے	اور بیٹوں

اور میری اطاعت کرو، اور اس سے ڈرو جس نے اس سے تمہاری مدد کی جو تم جانتے ہو۔ (یعنی) مویشیوں اور بیٹوں سے تمہاری مدد کی۔

وَجَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿١٣٤﴾ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٣٥﴾ قَالُوْا سَوَآءٌ

وَجَنّٰتٍ	وَّعُيُوْنٍ	اِنِّيْٓ اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	عَذَابَ	يَوْمٍ عَظِيْمٍ	قَالُوْا	سَوَآءٌ
اور باغات	اور چشمے	بیشک میں ڈرتا ہوں	تم پر	عذاب	ایک بڑا دن	وہ بولے	برابر

اور باغات اور چشموں سے۔ بیشک میں تم پر ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ وہ بولے، برابر ہے

عَلَيْنَآ اَوَعَظْتَ اَمْ لَمْ تَكُنْ مِّنَ الْوٰعِظِيْنَ ﴿١٣٦﴾ اِنْ هٰذَآ اِلَّا خُلُقُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٣٧﴾

عَلَيْنَآ	اَوَعَظْتَ	اَمْ لَمْ تَكُنْ	مِّنَ	الْوٰعِظِيْنَ	اِنْ هٰذَآ	اِلَّا	خُلُقُ	الْاَوَّلِيْنَ
ہم پر	خواہ تم نصیحت کرو	یا نہ ہو تم	سے	نصیحت کرنے والے	نہیں ہے	مگر	عادت	اگلے لوگ

ہم پر خواہ تم نصیحت کرو یا نصیحت کرنے والوں میں سے نہ ہو۔ (کچھ بھی) نہیں ہے، مگر عادت ہے اگلے لوگوں کی۔

وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿١٣٨﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَهْلَكْنٰهُمْ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً وَمَا كَانَ

وَمَا	نَحْنُ	بِمُعَذَّبِيْنَ	فَكَذَّبُوْهُ	فَاَهْلَكْنٰهُمْ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	وَمَا كَانَ
اور نہیں	ہم	عذاب دیئے جانے والوں سے	پس انہوں نے جھٹلایا اسے	تو ہم نے ہلاک کر دیا انہیں	بیشک	اس میں	البتہ نشانی	اور نہیں تھے

اور ہم عذاب دیئے جانے والوں میں سے نہیں۔ پھر انہوں نے اسے جھٹلایا اور ہم نے انہیں ہلاک کر دیا، بیشک اس میں نشانی ہے اور نہ تھے

٧ ع ١٨ ١١

اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٩﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٤٠﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٤١﴾

اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	وَاِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ	كَذَّبَتْ	ثَمُوْدُ	الْمُرْسَلِيْنَ
ان کے اکثر	ایمان لانے والے	اور بیشک	تمہارا رب	البتہ وہ	غالب	نہایت مہربان	جھٹلایا	ثمود	رسول (جمع)

ان کے اکثر ایمان لانے والے۔ اور بیشک تمہارا رب غالب نہایت مہربان ہے۔ (قوم) ثمود نے رسولوں کو جھٹلایا۔

اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ صٰلِحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٤٢﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٤٣﴾

اِذْ	قَالَ	لَهُمْ	اَخُوْهُمْ	صٰلِحٌ	اَلَا تَتَّقُوْنَ	اِنِّيْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ	اَمِيْنٌ
جب	کہا	ان سے	ان کے بھائی	صالحؑ	کیا تم ڈرتے نہیں	بیشک میں	تمہارے لئے	رسول	امانت دار

جب ان سے ان کے بھائی صالحؑ نے کہا کیا تم ڈرتے نہیں؟ بیشک میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٤٤﴾ وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى

فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوْنِ	وَمَآ اَسْئَلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا	عَلٰى
سو تم ڈرو	اللہ	اور میری اطاعت کرو	اور میں نہیں مانگتا تم سے	اس پر	کوئی اجر	نہیں	میرا اجر	مگر	پر

سو تم اللہ سے ڈرو، اور میری اطاعت کرو۔ اور میں تم سے اس پر کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو صرف

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٤٥﴾ اَتُتْرَكُوْنَ فِيْ مَا هٰهُنَآ اٰمِنِيْنَ ﴿١٤٦﴾ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿١٤٧﴾

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	اَتُتْرَكُوْنَ	فِيْ	مَا هٰهُنَآ	اٰمِنِيْنَ	فِيْ جَنّٰتٍ	وَّعُيُوْنٍ
رب العالمین	کیا چھوڑ دیئے جاؤ گے تم ؟	میں	جو یہاں ہے	بے فکر	باغات میں	اور چشمے

(اللہ) رب العالمین پر ہے۔ کیا تم یہاں کی چیزوں (نعمتوں) میں بے فکر چھوڑ دیئے جاؤ گے ؟ باغات اور چشموں میں۔

وَّزُرُوْعٍ وَّنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيْمٌ ﴿١٤٨﴾ وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا فٰرِهِيْنَ ﴿١٤٩﴾

وَّزُرُوْعٍ	وَّنَخْلٍ	طَلْعُهَا	هَضِيْمٌ	وَتَنْحِتُوْنَ	مِنَ	الْجِبَالِ	بُيُوْتًا	فٰرِهِيْنَ
اور کھیتیاں	اور کھجوریں	ان کے خوشے	نرم و نازک	اور تم تراشتے ہو	سے	پہاڑوں	گھر	خوش ہو کر

اور کھیتیوں میں اور نرم و نازک خوشوں والی کھجوروں میں۔ اور تم خوش ہو کر پہاڑوں سے گھر تراشتے ہو۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٥٠﴾ وَلَا تُطِيْعُوْٓا اَمْرَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿١٥١﴾ الَّذِيْنَ يُفْسِدُوْنَ

فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوْنِ	وَلَا تُطِيْعُوْٓا	اَمْرَ	الْمُسْرِفِيْنَ	الَّذِيْنَ	يُفْسِدُوْنَ
سو ڈرو	اللہ	اور میری اطاعت کرو	اور نہ کہا مانو	حکم	حد سے بڑھ جانیوالے	جو لوگ	فساد کرتے ہیں

سو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ اور حد سے بڑھ جانے والوں کا کہا نہ مانو۔ جو فساد کرتے ہیں

فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿١٥٢﴾ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿١٥٣﴾ مَآ اَنْتَ

فِي	الْاَرْضِ	وَ	لَا يُصْلِحُوْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّمَآ	اَنْتَ	مِنَ	الْمُسَحَّرِيْنَ	مَآ اَنْتَ
میں	زمین	اور	اصلاح نہیں کرتے	انہوں نے کہا	اس کے سوا نہیں	تم	سے	سحر زدہ لوگ	تم نہیں

زمین میں، اور اصلاح نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا اس کے سوا نہیں کہ تم سحر زدہ لوگوں میں سے ہو۔ تم نہیں

اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۚ فَاْتِ بِاٰيَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿١٥٤﴾ قَالَ هٰذِهٖ نَاقَةٌ

اِلَّا بَشَرٌ	مِّثْلُنَا	فَاْتِ	بِاٰيَةٍ	اِنْ	كُنْتَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	قَالَ	هٰذِهٖ	نَاقَةٌ
مگر صرف ایک بشر	ہم جیسا	پس لاؤ	کوئی نشانی	اگر	تو	سے	سچے لوگ	فرمایا	یہ	اونٹنی

مگر (صرف) ہم جیسے ایک بشر ہو۔ پس اگر تم سچے لوگوں میں سے ہو (سچے ہو) تو کوئی نشانی لے آؤ۔ صالح ؑ نے فرمایا یہ اونٹنی ہے

لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿١٥٥﴾ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ

لَّهَا	شِرْبٌ	وَّلَكُمْ	شِرْبُ	يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ	وَلَا تَمَسُّوْهَا	بِسُوْٓءٍ	فَيَاْخُذَكُمْ
اسکے لئے	پانی پینے کی باری	اور تمہارے لئے	ایک باری پانی پینے کی	اور معین دن	اور اسے ہاتھ نہ لگانا	برائی سے	سو ورنہ تمہیں آ پکڑے گا

ایک معین دن اس کے لئے پانی پینے کی باری ہے اور (ایک دن) تمہارے لئے پانی پینے کی باری ہے۔ اور اسے برائی سے ہاتھ نہ لگانا ورنہ تمہیں آ پکڑے گا

عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵۶﴾ فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ ﴿۱۵۷﴾ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ

عَذَابُ	يَوْمٍ عَظِيْمٍ	فَعَقَرُوْهَا	فَاَصْبَحُوْا	نٰدِمِيْنَ	فَاَخَذَهُمُ	الْعَذَابُ
عذاب	ایک بڑا دن	پھر انہوں نے کونچیں کاٹ دیں اس کی	پس رہ گئے	پشیمان	پھر انہیں آ پکڑا	عذاب

ایک بڑے دن کا عذاب - پھر انہوں نے اس کی کونچیں کاٹ دیں پس پشیمان رہ گئے - پھر انہیں عذاب نے آ پکڑا

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۚ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۸﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ

اِنَّ	فِیْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	وَمَا	كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	وَاِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ
بیشک	اس میں	البتہ نشانی	اور نہیں	ہیں	ان کے اکثر	ایمان لانے والے	اور بیشک	تمہارا رب	البتہ وہ

۸ بیشک اس (واقعہ) میں البتہ نشانی (بڑی عبرت) ہے اور ان کے اکثر ایمان لانے والے نہیں - اور بیشک تمہارا رب البتہ

ع ۱۹ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۵۹﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ ِۨالْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۶۰﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ

الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ	كَذَّبَتْ	قَوْمُ لُوْطِ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِذْ	قَالَ	لَهُمْ	اَخُوْهُمْ	لُوْطٌ
۱۲ غالب	نہایت مہربان	جھٹلایا	قوم لوط[3]	رسولوں کو	جب	کہا	ان سے	ان کے بھائی	لوط[4]

غالب نہایت مہربان ہے - قوم لوطؑ نے رسولوں کو جھٹلایا - (یاد کرو) جب اُن کے بھائی لوطؑ نے ان سے کہا

اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ اِنِّیْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۶۲﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ

اَلَا تَتَّقُوْنَ	اِنِّیْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ	اَمِيْنٌ	فَاتَّقُوْا	اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوْنِ	وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ
کیا تم ڈرتے نہیں	بیشک میں	تمہارے لئے	رسول	امانت دار	پس تم ڈرو	اللہ	اور میری اطاعت کرو	اور میں نہیں مانگتا تم سے

کیا تم ڈرتے نہیں؟ بیشک میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں - پس تم اللہ سے ڈرو، اور میری اطاعت کرو - اور میں تم سے نہیں مانگتا

عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۴﴾ اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ مِنَ

عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِیَ	اِلَّا	عَلٰی	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	اَتَاْتُوْنَ	الذُّكْرَانَ	مِنَ
اس پر	کوئی اجر	نہیں	میرا اجر	مگر صرف	پر	رب العالمین	کیا تم آتے ہو	مردوں کے پاس	سے

اس پر کوئی اجرؑ میرا اجر تو صرف (اللہ) رب العالمین پر ہے - کیا تم مردوں کے پاس (بدفعلی) کے لئے آتے ہو؟

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۵﴾ وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ ۚ بَلْ اَنْتُمْ

الْعٰلَمِيْنَ	وَتَذَرُوْنَ	مَا خَلَقَ	لَكُمْ	رَبُّكُمْ	مِّنْ	اَزْوَاجِكُمْ	بَلْ	اَنْتُمْ
تمام جہانوں	اور تم چھوڑتے ہو	جو اس نے پیدا کیا	تمہارے لئے	تمہارا رب	سے	تمہاری بیویاں	بلکہ	تم

دنیا جہانوں میں سے - اور تم چھوڑ دیتے ہو (انہیں) جو تمہارے رب نے تمہارے لئے تمہاری بیویاں پیدا کی ہیں (یعنی) بلکہ تم

قَوْمٌ عٰدُوْنَ ﴿١٦٦﴾ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰلُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِيْنَ ﴿١٦٧﴾ قَالَ

قَوْمٌ	عٰدُوْنَ	قَالُوْا	لَئِنْ	لَّمْ تَنْتَهِ	يٰلُوْطُ	لَتَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْمُخْرَجِيْنَ	قَالَ
لوگ	حد سے بڑھنے والے	بولے وہ	اگر	تم باز نہ آئے	اے لوطؑ	البتہ ضرور تم ہو گے	سے	مخرج (نکالے جانے والے)	اس نے کہا

حد سے بڑھنے والے لوگ ہو۔ وہ بولے اے لُوطؑ! اگر تم باز نہ آئے تو ضرور (بستی سے) نکالے جاؤ گے۔ اس نے کہا

اِنِّيْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِيْنَ ﴿١٦٨﴾ رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٦٩﴾ فَنَجَّيْنٰهُ

اِنِّيْ	لِعَمَلِكُمْ	مِّنَ	الْقَالِيْنَ	رَبِّ	نَجِّنِيْ	وَاَهْلِيْ	مِمَّا	يَعْمَلُوْنَ	فَنَجَّيْنٰهُ
بیشک میں	تمہارے فعل سے	سے	نفرت کرنے والے	اے میرے رب	مجھے نجات دے	اور میرے گھر والے	اس سے جو	وہ کرتے ہیں	تو ہم نے نجات دی اسے

بیشک میں تمہارے فعل (بد) سے نفرت کرنے والا ہوں۔ اے میرے رب! مجھے اور میرے گھر والوں کو اس (کے وبال) سے نجات دے جو وہ کرتے ہیں۔ تو ہم نے اسے نجات دی

وَاَهْلَهٗ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٧٠﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿١٧١﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿١٧٢﴾

وَاَهْلَهٗ	اَجْمَعِيْنَ	اِلَّا	عَجُوْزًا	فِي الْغٰبِرِيْنَ	ثُمَّ	دَمَّرْنَا	الْاٰخَرِيْنَ
اور اس کے گھر والے	سب	سوائے	ایک بڑھیا	پیچھے رہ جانے والوں میں	پھر	ہم نے ہلاک کر دیا	دوسرے

اور اس کے سب گھر والوں کو۔ سوائے ایک بڑھیا کے رہ گئی پیچھے رہ جانے والوں میں۔ پھر ہم نے دوسروں کو ہلاک کر دیا۔

وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿١٧٣﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَ

وَ	اَمْطَرْنَا	عَلَيْهِمْ	مَّطَرًا	فَسَآءَ	مَطَرُ	الْمُنْذَرِيْنَ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	وَ
اور	ہم نے بارش برسائی	ان پر	ایک بارش	پس بری	بارش	ڈرائے گئے	بیشک	اس میں	البتہ ایک نشانی	اور

اور ہم نے اُن پر (پتھروں کی) بارش برسائی۔ پس کیا ہی بُری بارش (اُن پر جنہیں عذاب سے) ڈرایا گیا۔ بیشک اس میں ایک نشانی ہے اور

مَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٧٤﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٧٥﴾ كَذَّبَ ٩ ع ١٦ ١٣

مَا	كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ	كَذَّبَ
نہ	تھے	ان کے اکثر	ایمان لانے والے	اور	بیشک	تمہارا رب	البتہ وہ	غالب	نہایت مہربان	جھٹلایا

ان کے اکثر ایمان لانے والے نہ تھے۔ اور بیشک تمہارا رب البتہ غالب، نہایت مہربان ہے۔ جھٹلایا

اَصْحٰبُ لْئَيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٧٦﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٧٧﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ

اَصْحٰبُ لْئَيْكَةِ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِذْ قَالَ	لَهُمْ	شُعَيْبٌ	اَلَا تَتَّقُوْنَ	اِنِّيْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ
ایکہ (بن) والے	رسول (جمع)	جب کہا	انہیں	شعیبؑ	کیا تم ڈرتے نہیں؟	بیشک میں	تمہارے لئے	رسول

ایکہ (بن) والوں نے رسولوں کو۔ (یاد کرو) جب شعیبؑ نے ان سے کہا کیا تم ڈرتے نہیں؟ بیشک میں تمہارے لئے رسول ہوں،

اَمِيْنٌ ۝١٧٨ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝١٧٩ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا

اَمِيْنٌ	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوْنِ	وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا
امانت دار	سو ڈرو	اللہ	اور میری اطاعت کرو	اور میں نہیں مانگتا تم سے	اس پر	کوئی اجر	نہیں	میرا اجر	مگر صرف

امانت دار- سو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو- اور میں تم سے اس پر کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو صرف

عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١٨٠ اَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ ۝١٨١ وَزِنُوْا

عَلٰی	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	اَوْفُوا	الْكَيْلَ	وَلَا تَكُوْنُوْا	مِنَ	الْمُخْسِرِيْنَ	وَزِنُوْا
پر	رب العالمین	تم پورا کرو	ماپ	اور نہ ہو	سے	نقصان دینے والے	اور وزن کرو

(اللہ) رب العالمین پر ہے- تم ماپ پورا کرو، اور نقصان دینے والوں میں سے نہ ہو- اور وزن کرو

بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ۝١٨٢ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ

بِالْقِسْطَاسِ	الْمُسْتَقِيْمِ	وَلَا تَبْخَسُوا	النَّاسَ	اَشْيَآءَهُمْ	وَلَا تَعْثَوْا	فِي الْاَرْضِ
ترازو سے	ٹھیک سیدھی	اور نہ گھٹاؤ	لوگ	اُن کی چیزیں	اور نہ پھرو	زمین میں

ٹھیک سیدھی ترازو سے- اور لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر نہ دو، اور زمین میں نہ پھرو

مُفْسِدِيْنَ ۝١٨٣ وَاتَّقُوا الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِيْنَ ۝١٨٤ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ

مُفْسِدِيْنَ	وَاتَّقُوا	الَّذِيْ	خَلَقَكُمْ	وَالْجِبِلَّةَ	الْاَوَّلِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّمَا	اَنْتَ
فساد مچاتے ہوئے	اور ڈرو	وہ جس نے	پیدا کیا تمہیں	اور مخلوق	پہلی	وہ بولے (کہنے لگے)	اسکے سوا نہیں	تو

فساد مچاتے ہوئے- اور ڈرو اُس (ذات پاک) سے جس نے تمہیں پیدا کیا اور پہلی مخلوق کو- کہنے لگے اس کے سوا نہیں کہ تو

مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ۝١٨٥ وَمَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝١٨٦

مِنَ	الْمُسَحَّرِيْنَ	وَمَآ اَنْتَ	اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُنَا	وَاِنْ نَّظُنُّكَ	لَمِنَ	الْكٰذِبِيْنَ
سے	سحر زدہ (جمع)	اور نہیں تو	مگر صرف	ایک بشر	ہم جیسا	اور البتہ ہم گمان کرتے ہیں تجھے	البتہ سے	جھوٹے

سحر زدگان میں سے ہے- اور تو صرف ہم جیسا ایک بشر ہے، اور البتہ ہم تجھے جھوٹوں میں سے گمان کرتے ہیں-

فَاَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝١٨٧ قَالَ رَبِّيْٓ

فَاَسْقِطْ	عَلَيْنَا	كِسَفًا	مِّنَ	السَّمَآءِ	اِنْ	كُنْتَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	قَالَ	رَبِّيْٓ
سو تو گرا	ہم پر	ایک ٹکڑا	سے، کا	آسمان	اگر	تو ہے	سے	سچے	فرمایا	میرا رب

سو تو ہم پر آسمان کا ایک ٹکڑا گرا دے اگر تو سچوں میں سے ہے (سچا ہے)- شعیبؑ نے فرمایا، میرا رب

أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿١٨٨﴾ فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ۚ إِنَّهُ كَانَ

أَعْلَمُ	بِمَا	تَعْمَلُونَ	فَكَذَّبُوهُ	فَأَخَذَهُمْ	عَذَابُ	يَوْمِ الظُّلَّةِ	إِنَّهُ	كَانَ
خوب جانتا ہے	جو کچھ	تم کرتے ہو	تو انہوں نے جھٹلایا اسے	پس پکڑا انہیں	عذاب	سائبان والا دن	بیشک وہ	تھا

خوب جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ تو انہوں نے اسے جھٹلایا پس انہیں (آگ کے) سائبان والے دن عذاب نے آپکڑا۔ بیشک وہ

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿١٨٩﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿١٩٠﴾

عَذَابَ	يَوْمٍ عَظِيمٍ	إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَآيَةً	وَ	مَا كَانَ	أَكْثَرُهُمْ	مُؤْمِنِينَ
عذاب	بڑا (سخت) دن	بیشک	اس میں	البتہ نشانی	اور	نہ تھے	ان کے اکثر	ایمان لانے والے

بڑے سخت دن کا عذاب تھا۔ بیشک اس میں نشانی ہے، اور ان کے اکثر ایمان لانے والے نہ تھے۔

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٩١﴾ وَإِنَّهُ لَتَنْزِيلُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٩٢﴾ نَزَلَ بِهِ ١٠ ع ١٦ ١٣

وَإِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيزُ	الرَّحِيمُ	وَإِنَّهُ	لَتَنْزِيلُ	رَبِّ الْعَالَمِينَ	نَزَلَ بِهِ
اور بیشک	تیرا رب	وہ	غالب	نہایت مہربان	اور بیشک یہ	البتہ اتارا ہوا	سارے جہانوں کا رب	اسکے ساتھ (لے کر) اُترا

اور بیشک تیرا رب غالب ہے نہایت مہربان۔ اور بیشک یہ (قرآن) سارے جہانوں کے رب کا اتارا ہوا ہے۔ اس کو لے کر اُترا ہے

الرُّوحُ الْأَمِينُ ﴿١٩٣﴾ عَلَىٰ قَلْبِكَ لِتَكُونَ مِنَ الْمُنْذِرِينَ ﴿١٩٤﴾ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُبِينٍ ﴿١٩٥﴾

الرُّوحُ الْأَمِينُ	عَلَىٰ	قَلْبِكَ	لِتَكُونَ	مِنَ الْمُنْذِرِينَ	بِلِسَانٍ	عَرَبِيٍّ	مُبِينٍ
جبریل امین	پر	تمہارا دل	تاکہ تم ہو	ڈر سنانے والوں میں سے	زبان میں	عربی	روشن (واضح)

جبریل امین، تمہارے دل پر، تاکہ تم ڈر سنانے والوں میں سے ہو۔ روشن، واضح عربی زبان میں۔

وَإِنَّهُ لَفِي زُبُرِ الْأَوَّلِينَ ﴿١٩٦﴾ أَوَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ آيَةً أَنْ يَعْلَمَهُ عُلَمَاءُ

وَإِنَّهُ	لَفِي	زُبُرِ	الْأَوَّلِينَ	أَوَ	لَمْ يَكُنْ	لَهُمْ	آيَةً	أَنْ يَعْلَمَهُ	عُلَمَاءُ
اور بیشک یہ	میں	صحیفے	پہلے (پیغمبر)	کیا	نہیں ہے	ان کے لئے	ایک نشانی	کہ جانتے ہیں اس کو	علماء

اور بیشک یہ (اس کا ذکر) پہلے پیغمبروں کے صحیفوں میں ہے۔ کیا یہ ان کے لئے ایک نشانی نہیں؟ کہ اسے جانتے ہیں علمائے

بَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿١٩٧﴾ وَلَوْ نَزَّلْنَاهُ عَلَىٰ بَعْضِ الْأَعْجَمِينَ ﴿١٩٨﴾ فَقَرَأَهُ عَلَيْهِمْ مَا

بَنِي إِسْرَائِيلَ	وَلَوْ	نَزَّلْنَاهُ	عَلَىٰ بَعْضِ	الْأَعْجَمِينَ	فَقَرَأَهُ	عَلَيْهِمْ	مَا
بنی اسرائیل	اور اگر	ہم نازل کرتے اسے	کسی پر	عجمی (غیر عربی)	پھر وہ پڑھتا اسے	ان کے سامنے	نہ

بنی اسرائیل۔ اور اگر ہم اسے کسی غیر عربی (زبان دان) پر نازل کرتے، پھر وہ اسے ان کے سامنے پڑھتا (پھر بھی)

كَانُوا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿١٩٩﴾ كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٢٠٠﴾ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ

كَانُوْا	بِهٖ	مُؤْمِنِيْنَ	كَذٰلِكَ	سَلَكْنٰهُ	فِيْ قُلُوْبِ	الْمُجْرِمِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ
وہ ہوتے	اس پر	ایمان لانے والے	اسی طرح	یہ چلایا ہے (انکار داخل کر دیا)	دلوں میں	مجرم (جمع)	وہ ایمان نہ لائیں گے	اس پر

وہ اس پر ایمان لانے والے نہ ہونے (ایمان نہ لاتے)۔ اسی طرح ہم نے مجرموں کے دلوں میں انکار داخل کر دیا ہے۔ وہ اس پر ایمان نہ لائیں گے

حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٢٠١﴾ فَيَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٠٢﴾ فَيَقُوْلُوْا هَلْ

حَتّٰى	يَرَوُا	الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ	فَيَاْتِيَهُمْ	بَغْتَةً	وَّهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ	فَيَقُوْلُوْا	هَلْ
جب تک	وہ دیکھ لیں	دردناک عذاب	تو وہ آجائے گا ان پر	اچانک	اور انہیں	خبر (بھی) نہ ہوگی	پھر وہ کہیں گے	کیا

جب تک وہ دردناک عذاب (نہ) دیکھ لیں۔ تو وہ ان پر اچانک آجائے گا اور انہیں خبر بھی نہ ہوگی۔ پھر وہ کہیں گے کیا

نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ ﴿٢٠٣﴾ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿٢٠٤﴾ اَفَرَءَيْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِيْنَ ﴿٢٠٥﴾

نَحْنُ	مُنْظَرُوْنَ	اَفَبِعَذَابِنَا	يَسْتَعْجِلُوْنَ	اَفَرَءَيْتَ	اِنْ	مَّتَّعْنٰهُمْ	سِنِيْنَ
ہم ہمیں	مہلت دی جائے گی	کیا پس ہمارے عذاب کو	وہ جلدی چاہتے ہیں	کیا تم نے دیکھا؟	اگر	ہم انہیں فائدہ پہنچائیں	کئی برس۔ برسوں

ہمیں مہلت دی جائے گی پس کیا وہ ہمارے عذاب کو جلدی چاہتے ہیں؟ کیا تم نے دیکھا؟ (ذرا دیکھو) اگر ہم انہیں برسوں فائدہ پہنچائیں۔

ثُمَّ جَآءَهُمْ مَّا كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿٢٠٦﴾ مَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يُمَتَّعُوْنَ ﴿٢٠٧﴾ وَ

ثُمَّ	جَآءَهُمْ	مَا	كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ	مَآ اَغْنٰى	عَنْهُمْ	مَا	كَانُوْا يُمَتَّعُوْنَ	وَ
پھر	پہنچے ان پر	جو	انہیں وعید کی جاتی تھی	کیا کام آئے گا؟	ان کے	جو (جس سے)	وہ فائدہ اٹھاتے تھے	اور

پھر ان پر پہنچے جس کی انہیں وعید کی جاتی تھی۔ جس سے وہ فائدہ اٹھاتے تھے ان کے کیا کام آئے گا؟ اور

مَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا لَهَا مُنْذِرُوْنَ ﴿٢٠٨﴾ ذِكْرٰى وَمَا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿٢٠٩﴾ وَ

معانقة ۹

مَآ اَهْلَكْنَا	مِنْ قَرْيَةٍ	اِلَّا	لَهَا	مُنْذِرُوْنَ	ذِكْرٰى	وَمَا كُنَّا	ظٰلِمِيْنَ	وَ
نہیں ہلاک کیا ہم نے	کسی بستی کو	مگر	اس کے لئے	ڈرانے والے	نصیحت کے لئے	اور نہ تھے ہم	ظلم کرنے والے	اور

ہم نے کسی بستی کو ہلاک نہیں کیا، مگر اس کے لئے ڈرانے والے نصیحت کے لئے (پہلے بھیجے) اور ہم ظلم کرنے والے نہ تھے۔ اور

مَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ﴿٢١٠﴾ وَمَا يَنْبَغِيْ لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿٢١١﴾ اِنَّهُمْ

مَا تَنَزَّلَتْ	بِهٖ	الشَّيٰطِيْنُ	وَمَا يَنْبَغِيْ	لَهُمْ	وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	اِنَّهُمْ
نہیں اترے	اسے لے کر	شیطان (جمع)	اور سزاوار نہیں	ان کو	اور نہ وہ کر سکتے ہیں	بیشک وہ

اور اس (قرآن) کو شیطان لے کر نہیں اترے۔ اور ان کو سزاوار نہیں (وہ اس کے قابل نہیں) اور نہ وہ (ایسا) کر سکتے ہیں۔ بے شک وہ

عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ ﴿٢١٢﴾ فَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ ﴿٢١٣﴾

عَنِ	السَّمْعِ	لَمَعْزُوْلُوْنَ	فَلَا تَدْعُ	مَعَ اللّٰهِ	اِلٰهًا اٰخَرَ	فَتَكُوْنَ	مِنَ	الْمُعَذَّبِيْنَ
سے	سُننا	دُور کر دیئے گئے ہیں	پس نہ پکارو	اللہ کے ساتھ	کوئی دوسرا معبود	کہ ہو جاؤ	سے	مبتلائے عذاب

سُننے (کے مقام) سے دُور کر دیئے گئے ہیں۔ پس اللہ کے ساتھ کسی اور کو معبود نہ پکارو کہ مبتلائے عذاب لوگوں میں سے ہو جاؤ۔

وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ﴿٢١٤﴾ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ

وَاَنْذِرْ	عَشِيْرَتَكَ	الْاَقْرَبِيْنَ	وَ	اخْفِضْ	جَنَاحَكَ	لِمَنِ	اتَّبَعَكَ	مِنَ
اور تم ڈراؤ	اپنے رشتہ دار	قریب ترین	اور	جھکاؤ	اپنا بازو	اُن کے لئے جنہوں نے	تمہاری پیروی کی	سے

اور تم اپنے قریب ترین رشتہ داروں کو ڈراؤ۔ اور اس کے لئے اپنے بازو جھکاؤ جس نے تمہاری پیروی کی

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢١٥﴾ فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٢١٦﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى

الْمُؤْمِنِيْنَ	فَاِنْ	عَصَوْكَ	فَقُلْ	اِنِّيْ	بَرِيْٓءٌ	مِّمَّا	تَعْمَلُوْنَ	وَتَوَكَّلْ	عَلَى
مومنوں	پھر اگر	وہ تمہاری نافرمانی کریں	تو کہدیں	بیشک میں	بیزار ہوں	اس سے جو	تم کرتے ہو	اور بھروسہ کرو	پر

مومنوں میں سے۔ پھر اگر تمہاری نافرمانی کریں تو کہہ دیں جو تم کرتے ہو بیشک میں اس سے بیزار ہوں۔ اور بھروسہ کرو

الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿٢١٧﴾ الَّذِيْ يَرٰىكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿٢١٨﴾ وَتَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ ﴿٢١٩﴾

الْعَزِيْزِ	الرَّحِيْمِ	الَّذِيْ	يَرٰىكَ	حِيْنَ	تَقُوْمُ	وَ	تَقَلُّبَكَ	فِي	السّٰجِدِيْنَ
غالب	نہایت مہربان	وہ جو	تمہیں دیکھتا ہے	جب	تم کھڑے ہوتے ہو	اور تمہارا پھرنا		میں	سجدہ کرنے والے (نمازی)

غالب نہایت مہربان پر۔ جو تمہیں دیکھتا ہے جب تم (نماز میں) کھڑے ہوتے ہو اور نمازیوں میں تمہارا پھرنا (بھی دیکھتا ہے)۔

اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٢٢٠﴾ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ ﴿٢٢١﴾ تَنَزَّلُ

اِنَّهٗ	هُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	هَلْ	اُنَبِّئُكُمْ	عَلٰى	مَنْ	تَنَزَّلُ	الشَّيٰطِيْنُ	تَنَزَّلُ
بیشک وہ	وہی	سُننے والا	جاننے والا	کیا	میں تمہیں بتاؤں	کسی پر		اُترتے ہیں	شیطان (جمع)	وہ اترتے ہیں

بیشک وہی سننے والا جاننے والا ہے۔ کیا میں تمہیں بتاؤں کس پر شیطان اترتے ہیں؟ وہ اترتے ہیں

عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿٢٢٢﴾ يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ ﴿٢٢٣﴾ وَالشُّعَرَآءُ

عَلٰى	كُلِّ	اَفَّاكٍ	اَثِيْمٍ	يُّلْقُوْنَ	السَّمْعَ	وَاَكْثَرُهُمْ	كٰذِبُوْنَ	وَ	الشُّعَرَآءُ
پر	ہر	بہتان لگانے والا	گنہگار	ڈالدیتے ہیں	سُنی سنائی بات	اور ان میں اکثر	جھوٹے	اور	شاعر (جمع)

ہر بہتان لگانے والے گنہگار پر (شیطان) سُنی سنائی بات (اُن کے کان میں) ڈالدیتے ہیں اور ان میں اکثر جھوٹے ہیں۔ اور (رہے) شاعر

يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ﴿٢٢٤﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ ﴿٢٢٥﴾ وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ

يَتَّبِعُهُمْ	الْغَاوٗنَ	اَلَمْ تَرَ	اَنَّهُمْ	فِيْ كُلِّ وَادٍ	يَهِيْمُوْنَ	وَاَنَّهُمْ	يَقُوْلُوْنَ
اُن کی پیروی کرتے ہیں	گمراہ لوگ	کیاتم نے نہیں دیکھا	کہ وہ	ہر وادی میں	سرگرداں پھرتے ہیں	اور یہ کہ وہ	وہ کہتے ہیں

اُن کی پیروی گمراہ لوگ کرتے ہیں۔ کیا تم نے نہیں دیکھا؟ کہ وہ ہر وادی میں سرگرداں پھرتے ہیں۔ اور یہ کہ وہ کہتے ہیں

مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٢٢٦﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا

مَا	لَا يَفْعَلُوْنَ	اِلَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوْا	الصّٰلِحٰتِ	وَذَكَرُوا اللّٰهَ	كَثِيْرًا
جو	وہ کرتے نہیں	مگر	جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	اور اللہ کو یاد کیا	بکثرت

١١ جو وہ کرتے نہیں، سوائے اُن کے جو ایمان لائے، اور انہوں نے اچھے عمل کئے، اور اللہ کو بکثرت یاد کیا،

ع ٣٦ وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا ؕ وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْۤا اَيَّ مُنْقَلَبٍ

١٥

وَّانْتَصَرُوْا	مِنْۢ بَعْدِ	مَا ظُلِمُوْا	وَسَيَعْلَمُ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْۤا	اَيَّ	مُنْقَلَبٍ
اور انہوں نے بدلہ لیا	اس کے بعد	کہ ان پر ظلم ہوا	اور عنقریب جان لیں گے	وہ لوگ جنہوں نے	ظلم کیا	کس	لوٹنے کی جگہ (کروٹ)

اور انہوں نے اس کے بعد بدلہ لیا کہ ان پر ظلم ہوا، اور جن لوگوں نے ظلم کیا وہ عنقریب جان لیں گے کہ کس کروٹ

يَّنْقَلِبُوْنَ ﴿٢٢٧﴾ ع

يَنْقَلِبُوْنَ
وہ اُلٹتے ہیں (انہیں لوٹ کر جانا ہے)

انہیں لوٹ کر جانا ہے

اٰیاتُها ٩٣ — (٢٧) سُوْرَةُ النَّمْلِ مَكِّيَّةٌ (٤٨) — رکوعاتها ٧

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

طٰسٓ تف تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ﴿١﴾ هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢﴾

طٰسٓ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْقُرْاٰنِ	وَكِتَابٍ	مُّبِيْنٍ	هُدًى	وَّبُشْرٰى	لِلْمُؤْمِنِيْنَ
طٰسٓ	یہ	آیتیں	قرآن	اور کتاب	روشن واضح	ہدایت	اور خوشخبری	مومنوں کے لئے

طٰسٓ ۔ یہ آیتیں ہیں قرآن اور روشن واضح کتاب کی، ہدایت اور خوشخبری مومنوں کے لئے۔

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ③

الَّذِيْنَ	يُقِيْمُوْنَ	الصَّلٰوةَ	وَيُؤْتُوْنَ	الزَّكٰوةَ	وَهُمْ	بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ	يُوْقِنُوْنَ
جو لوگ	قائم رکھتے ہیں	نماز	اور ادا کرتے ہیں	زکوٰۃ	اور وہ	آخرت پر	وہ	یقین رکھتے ہیں

جو لوگ نماز قائم رکھتے ہیں، اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں، اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ فَهُمْ يَعْمَهُوْنَ ④

اِنَّ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	زَيَّنَّا	لَهُمْ	اَعْمَالَهُمْ	فَهُمْ	يَعْمَهُوْنَ
بیشک	جو لوگ	ایمان نہیں لاتے	آخرت پر	آراستہ کر دکھائے ہم نے	انکے لئے	ان کے عمل	پس وہ	بھٹکتے پھرتے ہیں

بیشک جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے، ہم نے ان کے عمل اُن کے لئے آراستہ کر دکھائے ہیں پس وہ بھٹکتے پھرتے ہیں۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ وَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ⑤

اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	لَهُمْ	سُوْٓءُ	الْعَذَابِ	وَهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ	هُمُ	الْاَخْسَرُوْنَ
یہی لوگ	وہ لوگ جو	ان کے لئے	بُرا	عذاب	اور وہ	آخرت میں	وہ	سب سے بڑھ کر خسارہ اٹھانے والے

یہی ہیں وہ لوگ جن کے لئے بُرا عذاب ہے، اور وہ آخرت میں سب سے بڑھ کر خسارہ اٹھانے والے ہیں۔

وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ⑥ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ اِنِّيْٓ

وَاِنَّكَ	لَتُلَقَّى	الْقُرْاٰنَ	مِنْ لَّدُنْ	حَكِيْمٍ	عَلِيْمٍ	اِذْ	قَالَ	مُوْسٰى	لِاَهْلِهٖٓ	اِنِّيْٓ
اور بیشک تم	دیا جاتا ہے	قرآن	نزدیک (جانب) سے	حکمت والا	علم والا	جب	کہا	موسیٰؑ	اپنے گھر والوں سے	بیشک میں

اور بیشک تمہیں قرآن حکمت والے، علم والے کی طرف سے دیا جاتا ہے۔ (یاد کرو) جب موسیٰؑ نے اپنے گھر والوں سے کہا بیشک

اٰنَسْتُ نَارًا ۭ سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ⑦

اٰنَسْتُ	نَارًا	سَاٰتِيْكُمْ	مِّنْهَا	بِخَبَرٍ	اَوْ اٰتِيْكُمْ	بِشِهَابٍ	قَبَسٍ	لَّعَلَّكُمْ	تَصْطَلُوْنَ
میں نے دیکھی ہے	ایک آگ	میں ابھی لاتا ہوں	اس کی	کوئی خبر	یا لاتا ہوں تمہارے پاس	شعلہ	انگارہ	تاکہ تم	تم سینکو

میں نے ایک آگ دیکھی ہے، میں ابھی تمہارے پاس اس کی کوئی خبر لاتا ہوں یا آگ کا انگارہ تمہارے پاس لاتا ہوں تاکہ تم سینکو۔

فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِيَ اَنْۢ بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ

فَلَمَّا	جَآءَهَا	نُوْدِيَ	اَنْ	بُوْرِكَ	مَنْ	فِي النَّارِ	وَمَنْ	حَوْلَهَا	وَسُبْحٰنَ	اللّٰهِ
پس جب	اس (آگ) کے پاس آیا	ندا دی گئی	کہ برکت دیا گیا		جو	آگ میں	اور جو	اس کے آس پاس	اور پاک	اللہ

پس جب وہ آگ کے پاس آیا (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) ندا دی گئی کہ برکت دیا گیا جو آگ میں (جلوہ افروز) ہے اور جو اس کے آس پاس ہے (موسیٰؑ)، اور پاک ہے اللہ

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٨ يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗٓ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٩ وَ اَلْقِ عَصَاكَ

رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	يٰمُوْسٰى	اِنَّهٗ	اَنَا اللّٰهُ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	وَ	اَلْقِ	عَصَاكَ
پروردگار	سارے جہانوں	اے موسیٰ ؑ	حقیقت یہ	ہیں اللہ	غالب	حکمت والا	اور	تو ڈال	اپنا عصا

سارے جہانوں کا پروردگار - اے موسیٰ ؑ! حقیقت یہ ہے کہ میں، ہی اللہ غالب حکمت والا ہوں - اور تو اپنا عصا (نیچے) ڈال دے

فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ۭ يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ ۣ اِنِّىْ

فَلَمَّا	رَاٰهَا	تَهْتَزُّ	كَاَنَّهَا	جَآنٌّ	وَّلّٰى	مُدْبِرًا	وَّلَمْ يُعَقِّبْ	يٰمُوْسٰى	لَا تَخَفْ	اِنِّىْ
پس جب	اسے دیکھا	لہراتا ہوا	گویا کہ وہ	سانپ	وہ لوٹ گیا	پیٹھ پھیر کر	اور مڑ کر نہ دیکھا	اے موسیٰ ؑ	تو خوف نہ کھا	بیشک ہیں

پس جب اسے لہراتا ہوا دیکھا گویا وہ سانپ ہے تو (موسیٰ ؑ) پیٹھ پھیر کر لوٹ گیا اور اس نے مڑ کر نہ دیکھا (ارشاد ہوا) اے موسیٰ ؑ! تو خوف نہ کھا، بیشک

لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ۝١٠ اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًۢا بَعْدَ سُوْۗءٍ

لَا يَخَافُ	لَدَيَّ	الْمُرْسَلُوْنَ	اِلَّا	مَنْ	ظَلَمَ	ثُمَّ بَدَّلَ	حُسْنًا	بَعْدَ	سُوْۗءٍ
خوف نہیں کھاتے	میرے پاس	رسول (جمع)	مگر	جو جس	ظلم کیا	پھر اس نے بدل ڈالی	بھلائی	بعد	برائی

میرے پاس رسول خوف نہیں کھاتے - مگر جس نے ظلم کیا پھر اس نے برائی کے بعد بھلائی بدل ڈالی

فَاِنِّىْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝١١ وَاَدْخِلْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاۗءَ مِنْ غَيْرِ سُوْۗءٍ ۣ

فَاِنِّىْ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَاَدْخِلْ	يَدَكَ	فِيْ جَيْبِكَ	تَخْرُجْ	بَيْضَاۗءَ	مِنْ	غَيْرِ سُوْۗءٍ
تو بیشک میں	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور داخل کر (ڈال)	اپنا ہاتھ	اپنے گریبان میں	وہ نکلے گا	سفید روشن	سے	کسی عیب کے بغیر

تو میں بخشنے والا، نہایت مہربان ہوں - اور اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈال وہ کسی عیب کے بغیر سفید روشن (ہو کر) نکلے گا،

فِيْ تِسْعِ اٰيٰتٍ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهٖ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝١٢ فَلَمَّا جَاۗءَتْهُمْ

فِيْ	تِسْعِ اٰيٰتٍ	اِلٰى	فِرْعَوْنَ	وَقَوْمِهٖ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	قَوْمًا	فٰسِقِيْنَ	فَلَمَّا	جَاۗءَتْهُمْ
میں	نو نشانیاں	طرف	فرعون	اور اس کی قوم	بیشک وہ	ہیں	لوگ	نافرمان	پھر جب	آئیں ان کے پاس

نو نشانیوں میں (سے یہ دو معجزے لے کر) فرعون اور اس کی قوم کی طرف (جا) بیشک وہ نافرمان لوگ ہیں - پھر جب ان کے پاس آئیں

اٰيٰتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝١٣ وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ

اٰيٰتُنَا	مُبْصِرَةً	قَالُوْا	هٰذَا	سِحْرٌ مُّبِيْنٌ	وَجَحَدُوْا	بِهَا	وَاسْتَيْقَنَتْهَآ	اَنْفُسُهُمْ
ہماری نشانیاں	آنکھیں کھولنے والی	وہ بولے	یہ	جادو کھلا	اور انہوں نے انکار کیا	اس کا	حالانکہ اس کا یقین تھا	ان کے دل

آنکھیں کھولنے والی ہماری نشانیاں، وہ بولے یہ کھلا جادو ہے - حالانکہ ان کے دلوں کو اس کا یقین تھا انہوں نے اس کا انکار کیا

ع ۳ / ۱ / ۱۶

ظُلْمًا وَّ عُلُوًّا ؕ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۱۴ ع وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا

ظُلْمًا	وَّ عُلُوًّا	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُفْسِدِيْنَ	وَ	لَقَدْ اٰتَيْنَا
ظلم سے	اور تکبر سے	تو دیکھو	کیسا	ہوا	انجام	فساد کرنے والے	اور	تحقیق دیا ہم نے

ظلم اور تکبر سے۔ تو دیکھو! فساد کرنے والوں کا کیسا انجام ہوا؟ اور تحقیق ہم نے دیا

دَاوٗدَ وَ سُلَيْمٰنَ عِلْمًا ۚ وَ قَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ

دَاوٗدَ	وَ	سُلَيْمٰنَ	عِلْمًا	وَقَالَا	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْ	فَضَّلَنَا	عَلٰى	كَثِيْرٍ	مِّنْ
داؤدؑ	اور	سلیمانؑ	بڑا علم	اور انہوں نے کہا	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ جس نے	فضیلت دی ہمیں	پر	اکثر	سے

داؤدؑ اور سلیمانؑ کو بڑا علم، اور انہوں نے کہا تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، وہ جس نے ہمیں فضیلت دی اکثر

عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۱۵ وَ وَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ وَ قَالَ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا

عِبَادِهِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَوَرِثَ	سُلَيْمٰنُ	دَاوٗدَ	وَقَالَ	يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ	عُلِّمْنَا
اپنے بندے	مومن (جمع)	اور وارث ہوا	سلیمانؑ	داؤدؑ	اور اس نے کہا	اے لوگو	مجھے سکھائی گئی

اپنے مومن بندوں پر۔ اور سلیمانؑ داؤدؑ کا وارث ہوا اور اس نے کہا اے لوگو! مجھے سکھائی گئی ہے

مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَ اُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ ؕ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ۱۶

مَنْطِقَ	الطَّيْرِ	وَاُوْتِيْنَا	مِنْ	كُلِّ شَيْءٍ	اِنَّ	هٰذَا	لَهُوَ	الْفَضْلُ	الْمُبِيْنُ
بولی	پرندے (جمع)	اور ہمیں دی گئی	سے	ہر چیز سے	بیشک	یہ	البتہ وہی	فضل	کھلا

پرندوں کی بولی، اور ہمیں ہر چیز سے (ہر نعمت) دی گئی ہے، بیشک یہ کھلا فضل ہے۔

وَ حُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ وَ الطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۱۷ حَتّٰۤى

وَحُشِرَ	لِسُلَيْمٰنَ	جُنُوْدُهٗ	مِنَ	الْجِنِّ	وَالْاِنْسِ	وَالطَّيْرِ	فَهُمْ	يُوْزَعُوْنَ	حَتّٰۤى
اور جمع کیا گیا	سلیمان کے لئے	اس کا لشکر	سے	جن	اور انسان	اور پرندے	پس وہ	روکے جاتے تھے	یہاں تک کہ

اور سلیمانؑ کے لئے اس کا لشکر جنوں، انسانوں اور پرندوں کا جمع کیا گیا، پس وہ روکے جاتے تھے۔ یہاں تک کہ

اِذَاۤ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ ۙ قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ

اِذَاۤ	اَتَوْا	عَلٰى	وَادِ النَّمْلِ	قَالَتْ	نَمْلَةٌ	يّٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ	ادْخُلُوْا	مَسٰكِنَكُمْ
جب وہ	آئے	پر	چیونٹیوں کا میدان	کہا	ایک چیونٹی	اے چیونٹیو	تم داخل ہو	اپنے گھروں (بلوں) میں

وہ چیونٹیوں کے میدان میں آئے، ایک چیونٹی نے کہا، اے چیونٹیو! تم اپنے بلوں میں داخل ہو جاؤ،

لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا

لَا يَحْطِمَنَّكُمْ	سُلَيْمٰنُ	وَجُنُوْدُهٗ	وَهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ	فَتَبَسَّمَ	ضَاحِكًا
نہ روند ڈالے تمہیں	سلیمانؑ	اور اس کا لشکر	اور وہ	نہ جانتے ہوں (انہیں خبر نہ ہو)	تو وہ مسکرایا	ہنستے ہوئے

(کہیں) سلیمانؑ اور اس کا لشکر تمہیں روند نہ ڈالے اور انہیں خبر بھی نہ ہو۔ تو وہ ہنستے ہوئے مسکرایا

مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى

مِنْ	قَوْلِهَا	وَقَالَ	رَبِّ	اَوْزِعْنِيْٓ	اَنْ	اَشْكُرَ	نِعْمَتَكَ	الَّتِيْٓ	اَنْعَمْتَ	عَلَيَّ	وَعَلٰى
سے	اس کی بات	اور کہا	اے میرے رب	مجھے توفیق دے	کہ میں شکر ادا کروں		تیری نعمت	وہ جو	تو نے انعام فرمائی	مجھ پر	اور پر

اس کی بات سے، اور کہا اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری نعمت کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھ پر انعام فرمائی ہے

وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾

وَالِدَيَّ	وَاَنْ	اَعْمَلَ صَالِحًا	تَرْضٰىهُ	وَاَدْخِلْنِيْ	بِرَحْمَتِكَ	فِيْ	عِبَادِكَ	الصّٰلِحِيْنَ
میرے ماں باپ	اور یہ کہ	میں نیک کام کروں	تو وہ پسند کرے	اور مجھے داخل فرمائے	اپنی رحمت سے	میں	اپنے بندے	نیک (جمع)

اور میرے ماں باپ پر، اور یہ کہ میں نیک کام کروں جو تو پسند کرے، اور اپنی رحمت سے مجھے اپنے نیک بندوں میں داخل فرما لے۔

وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَآ اَرَى الْهُدْهُدَ ۖ اَمْ كَانَ مِنَ الْغَآئِبِيْنَ ﴿۲۰﴾

وَتَفَقَّدَ	الطَّيْرَ	فَقَالَ	مَا لِيَ	لَآ اَرَى	الْهُدْهُدَ	اَمْ	كَانَ	مِنَ	الْغَآئِبِيْنَ
اور اس نے خبر لی (جائزہ لیا)	پرندے	تو اس نے کہا	کیا ہے	میں نہیں دیکھتا	ہُدہُد کو	کیا	وہ ہے	سے	غائب ہونے والے

اور اس نے پرندوں کا جائزہ لیا تو کہا کیا بات ہے میں ہُدہُد کو نہیں دیکھتا، کیا وہ غائب ہوجانے والوں میں سے ہے؟

لَاُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِيْدًا اَوْ لَاَاذْبَحَنَّهٗٓ اَوْ لَيَاْتِيَنِّيْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۱﴾

لَاُعَذِّبَنَّهٗ	عَذَابًا	شَدِيْدًا	اَوْ	لَاَاذْبَحَنَّهٗٓ	اَوْ	لَيَاْتِيَنِّيْ	بِسُلْطٰنٍ	مُّبِيْنٍ
البتہ میں ضرور اسے سزا دوں گا	سزا	سخت	یا	اسے ذبح کر ڈالوں گا	یا	اسے ضرور لانی چاہیے	سند (کوئی وجہ)	واضح (معقول)

البتہ میں اسے ضرور سخت سزا دوں گا، یا اسے ذبح کر ڈالوں گا، یا اسے ضرور کوئی معقول وجہ میرے پاس لانی (پیش کرنی) چاہیے۔

﴿۲۲﴾
فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيْدٍ فَقَالَ اَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ وَجِئْتُكَ مِنْ سَبَاٍ ۢبِنَبَاٍ يَّقِيْنٍ

فَمَكَثَ	غَيْرَ بَعِيْدٍ	فَقَالَ	اَحَطْتُّ	بِمَا	لَمْ تُحِطْ	بِهٖ	وَجِئْتُكَ	مِنْ	سَبَاٍ	بِنَبَاٍ	يَّقِيْنٍ
سو اس نے دیر کی	تھوڑی سی	پھر کہا	میں نے معلوم کیا ہے	وہ جو	تم کو معلوم نہیں وہ		اور میں تمہارے پاس لایا ہوں	سے	سبا	ایک خبر	یقینی

سو اس (ہُدہُد) نے تھوڑی سی دیر کی پھر کہا میں نے معلوم کیا ہے وہ جو تم کو معلوم نہیں، اور میں تمہارے پاس سبا سے ایک یقینی خبر لایا ہوں۔

اِنِّیْ وَجَدْتُّ امْرَاَةً تَمْلِکُهُمْ وَ اُوْتِیَتْ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ وَّ لَهَا عَرْشٌ عَظِیْمٌ ﴿۲۳﴾

اِنِّیْ	وَجَدْتُّ	امْرَاَةً	تَمْلِکُهُمْ	وَ	اُوْتِیَتْ	مِنْ کُلِّ شَیْءٍ	وَّلَهَا	عَرْشٌ	عَظِیْمٌ
بیشک میں نے	پایا (دیکھا)	ایک عورت	وہ ان پر بادشاہت کرتی ہے	اور	دی گئی ہے	ہر شے	اور اس کے لئے	ایک تخت	بڑا

بیشک میں نے ایک عورت کو دیکھا ہے، وہ ان پر بادشاہت کرتی ہے اور (اسے) ہر شے دی گئی ہے اور اسکے لئے ایک بڑا تخت ہے۔

وَجَدْتُّهَا وَقَوْمَهَا یَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَزَیَّنَ لَهُمُ الشَّیْطٰنُ

وَجَدْتُّهَا	وَقَوْمَهَا	یَسْجُدُوْنَ	لِلشَّمْسِ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	وَزَیَّنَ	لَهُمُ	الشَّیْطٰنُ
میں نے پایا ہے اسے	اور اس کی قوم	وہ سجدہ کرتے ہیں	سورج کو	اللہ کے سوا	اور آراستہ کر دکھائے ہیں	انہیں	شیطان

میں نے اسے اور اس کی قوم کو اللہ کے سوا (اللہ کو چھوڑ کر) سورج کو سجدہ کرتے پایا ہے، اور شیطان نے انہیں آراستہ کر دکھائے ہیں

اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِیْلِ فَهُمْ لَا یَهْتَدُوْنَ ﴿۲۴﴾ اَلَّا یَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِیْ

اَعْمَالَهُمْ	فَصَدَّهُمْ	عَنِ	السَّبِیْلِ	فَهُمْ	لَا یَهْتَدُوْنَ	اَلَّا	یَسْجُدُوْا لِلّٰهِ	الَّذِیْ
ان کے عمل (جمع)	پس روک دیا انہیں		راستہ سے	سو وہ	راہ نہیں پاتے	کہ نہیں	وہ سجدہ کرتے اللہ کو	وہ جو

ان کے عمل، پس انہیں (سیدھے) راستے سے روک دیا ہے سو وہ راہ نہیں پاتے۔ اور اللہ کو (کیوں) سجدہ نہیں کرتے؟ وہ جو

یُخْرِجُ الْخَبْءَ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَیَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ﴿۲۵﴾

یُخْرِجُ	الْخَبْءَ	فِی السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَیَعْلَمُ	مَا تُخْفُوْنَ	وَمَا	تُعْلِنُوْنَ
نکالتا ہے	چھپی ہوئی	آسمانوں میں	اور زمین	اور جانتا ہے	جو تم چھپاتے ہو	اور جو	تم ظاہر کرتے ہو

آسمانوں میں اور زمین میں چھپی ہوئی (چیزوں کو) نکالتا ہے، اور جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو۔

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ﴿۲۶﴾ السجدة قَالَ سَنَنْظُرُ اَصَدَقْتَ اَمْ كُنْتَ

السجدة ۸

اَللّٰهُ	لَاۤ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	رَبُّ	الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ	قَالَ	سَنَنْظُرُ	اَصَدَقْتَ	اَمْ	كُنْتَ
اللہ	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	رب (مالک)	عرش عظیم	اس (سلیمان) نے کہا	ابھی ہم دیکھ لیں گے	کیا تو نے سچ کہا	یا	تو ہے

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔ سلیمانؑ نے کہا، ہم ابھی دیکھ لیں گے کیا تو نے سچ کہا ہے؟ یا تو

مِنَ الْكٰذِبِیْنَ ﴿۲۷﴾ اِذْهَبْ بِّكِتٰبِیْ هٰذَا فَاَلْقِهْ اِلَیْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا

مِنَ	الْكٰذِبِیْنَ	اِذْهَبْ	بِّكِتٰبِیْ	هٰذَا	فَاَلْقِهْ	اِلَیْهِمْ	ثُمَّ تَوَلَّ	عَنْهُمْ	فَانْظُرْ	مَاذَا
سے	جھوٹے	لے جا	میرا خط	یہ	پس اسے ڈال دے	انکی طرف	پھر لوٹ آ	ان سے	پھر دیکھ	کیا

جھوٹوں میں سے ہے (جھوٹا ہے)؟ میرا یہ خط لے جا، پس یہ ان کی طرف ڈال دے، پھر ان سے لوٹ آ، پھر دیکھ وہ کیا

يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۸﴾ قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْۤ اُلْقِيَ اِلَيَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ﴿۲۹﴾ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ

يَرْجِعُوْنَ	قَالَتْ	يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا	اِنِّيْۤ اُلْقِيَ	اِلَيَّ	كِتٰبٌ	كَرِيْمٌ	اِنَّهٗ	مِنْ	سُلَيْمٰنَ
وہ جواب دیتے ہیں	وہ کہنے لگی	اے سردارو!	بیشک میری طرف ڈالا گیا	میری طرف	خط	باوقعت	بیشک وہ	سے	سلیمان

جواب دیتے ہیں! وہ عورت کہنے لگی، اے سردارو! بیشک میری طرف ایک باوقعت خط ڈالا گیا ہے۔ بیشک وہ سلیمانؑ (کی طرف) سے ہے

2 ع ١٧ ١٧

وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۳۰﴾ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾

وَاِنَّهٗ	بِسْمِ اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ	اَلَّا تَعْلُوْا	عَلَيَّ	وَاْتُوْنِيْ	مُسْلِمِيْنَ
اور بیشک وہ	نام سے اللہ کے	جو رحم کرنے والا	نہایت مہربان	یہ کہ تم سرکشی نہ کرو	مجھ پر	اور میرے پاس آؤ	فرمانبردار ہو کر

اور بیشک وہ (یوں ہے) "اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے۔" یہ کہ مجھ پر (میرے مقابلہ میں) سرکشی نہ کرو، اور میرے پاس فرمانبردار ہو کر آؤ۔

قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْۤ اَمْرِيْ ۚ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ﴿۳۲﴾

قَالَتْ	يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا	اَفْتُوْنِيْ	فِيْۤ اَمْرِيْ	مَا كُنْتُ	قَاطِعَةً	اَمْرًا	حَتّٰى	تَشْهَدُوْنِ
وہ بولی	اے سردارو!	مجھے رائے دو	میرے معاملہ میں	میں نہیں ہوں	فیصلہ کرنے والی	کسی معاملہ میں	جب تک	تم موجود ہو

وہ بولی، اے سردارو! میرے معاملے میں مجھے رائے دو، میں کسی معاملہ میں فیصلہ کرنے والی نہیں (فیصلہ نہیں کرتی) جب تک تم موجود (نہ) ہو۔

قَالُوْا نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّاُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ ۙ وَّالْاَمْرُ اِلَيْكِ فَانْظُرِيْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ﴿۳۳﴾

قَالُوْا	نَحْنُ	اُولُوْا قُوَّةٍ	وَّاُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ	وَّالْاَمْرُ اِلَيْكِ	فَانْظُرِيْ	مَاذَا	تَاْمُرِيْنَ
وہ بولے	ہم	قوت والے	اور بڑے لڑنے والے	اور فیصلہ تیری طرف (تیرے اختیار میں)	تو دیکھ لے	کیا	تجھے کیا حکم کرنا ہے

وہ بولے ہم قوت والے، بڑے لڑنے والے ہیں، اور فیصلہ تیرے اختیار میں ہے تو دیکھ لے تجھے کیا حکم کرنا ہے۔

قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْۤا اَعِزَّةَ اَهْلِهَاۤ اَذِلَّةً ۚ

قَالَتْ	اِنَّ	الْمُلُوْكَ	اِذَا دَخَلُوْا	قَرْيَةً	اَفْسَدُوْهَا	وَجَعَلُوْۤا	اَعِزَّةَ	اَهْلِهَاۤ	اَذِلَّةً
وہ بولی	بیشک	بادشاہ (جمع)	جب داخل ہوتے ہیں	کوئی بستی	اسے تباہ کر دیتے ہیں	اور کر دیا کرتے ہیں	معززین	وہاں کے	ذلیل

وہ بولی، بیشک جب بادشاہ کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اسے تباہ کر دیتے ہیں اور وہاں کے معززین کو ذلیل کر دیا کرتے ہیں

وَكَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَاِنِّيْ مُرْسِلَةٌ اِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ فَنٰظِرَةٌۢ بِمَ يَرْجِعُ

وَكَذٰلِكَ	يَفْعَلُوْنَ	وَاِنِّيْ	مُرْسِلَةٌ	اِلَيْهِمْ	بِهَدِيَّةٍ	فَنٰظِرَةٌ	بِمَ	يَرْجِعُ
اور اسی طرح	وہ کرتے ہیں	اور بیشک میں	بھیجنے والی	اُن کی طرف	ایک تحفہ	پھر دیکھتی ہوں	کیا جواب لیکر	لوٹتے ہیں

اور وہ اسی طرح کرتے ہیں۔ اور بیشک میں اُن کی طرف ایک تحفہ بھیجنے والی ہوں، پھر دیکھتی ہوں کیا جواب لے کر لوٹتے ہیں

الْمُرْسَلُوْنَ ۝۳۵ فَلَمَّا جَآءَ سُلَيْمٰنَ قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ فَمَآ اٰتٰىنِۦَ اللّٰهُ خَيْرٌ

الْمُرْسَلُوْنَ	فَلَمَّا	جَآءَ	سُلَيْمٰنَ	قَالَ	اَتُمِدُّوْنَنِ	بِمَالٍ	فَمَآ	اٰتٰىنِۦَ	اللّٰهُ	خَيْرٌ
قاصد	پس جب	آیا	سلیمان ؑ	اس نے کہا	کیا تم میری مدد کرتے ہو	مال سے	پس جو	مجھے دیا	اللہ	بہتر

قاصد۔ پس جب سلیمان ؑ کے پاس قاصد آیا تو اس نے کہا کہ کیا تم مال سے میری مدد کرتے ہو؟ پس جو اللہ نے مجھے دیا ہے وہ بہتر ہے

مِّمَّآ اٰتٰىكُمْ بَلْ اَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ۝۳۶ اِرْجِعْ اِلَيْهِمْ فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ

مِّمَّآ	اٰتٰىكُمْ	بَلْ	اَنْتُمْ	بِهَدِيَّتِكُمْ	تَفْرَحُوْنَ	اِرْجِعْ	اِلَيْهِمْ	فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ
اس سے جو	اس نے تمہیں دیا	بلکہ	تم	اپنے تحفہ سے	خوش ہوتے ہو	تو لوٹ جا	ان کی طرف	ہم ضرور لائیں گے ان پر

اس سے جو اس نے تمہیں دیا ہے، بلکہ تم اپنے تحفے سے خوش ہوتے ہو۔ تو اُن کی طرف لوٹ جا سو ہم ان پر ضرور لائیں گے

بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَآ اَذِلَّةً وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ۝۳۷ قَالَ

بِجُنُوْدٍ	لَّا قِبَلَ	لَهُمْ	بِهَا	وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ	مِّنْهَآ	اَذِلَّةً	وَّهُمْ	صٰغِرُوْنَ	قَالَ
ایسا لشکر	نہ طاقت ہوگی	ان کو	اس کی	اور ضرور نکال دیں گے انہیں	وہاں سے	ذلیل کرکے	اور وہ	خوار ہوں گے	اس (سلیمان) نے کہا

ایسا لشکر جس (کے مقابلے) کی انہیں طاقت نہ ہوگی، اور ہم ضرور انہیں وہاں سے ذلیل کرکے نکال دیں گے، اور وہ خوار ہوں گے سلیمان ؑ نے کہا

يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَيُّكُمْ يَاْتِيْنِيْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ۝۳۸ قَالَ

يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا	اَيُّكُمْ	يَاْتِيْنِيْ	بِعَرْشِهَا	قَبْلَ	اَنْ	يَّاْتُوْنِيْ	مُسْلِمِيْنَ	قَالَ
اے سردارو!	تم میں سے کون	میرے پاس لائے گا	اس کا تخت	اس سے قبل	کہ	وہ آئیں میرے پاس	فرمانبردار ہو کر	کہا

اے سردارو! تم میں سے کون اس کا تخت میرے پاس لائے گا؟ اس سے قبل کہ وہ میرے پاس فرمانبردار ہو کر آئیں۔ کہا

عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ ۚ وَ

عِفْرِيْتٌ	مِّنَ الْجِنِّ	اَنَا اٰتِيْكَ	بِهٖ	قَبْلَ	اَنْ تَقُوْمَ	مِنْ مَّقَامِكَ	وَ
ایک قوی ہیکل	جنات سے	میں آپ کے پاس لے آؤں گا	اس کو	اس سے قبل	کہ آپ کھڑے ہوں	اپنی جگہ سے	اور

جنات میں سے ایک قوی ہیکل نے ، بیشک میں اس کو آپ کے پاس اس سے قبل لے آؤں گا کہ آپ اپنی جگہ سے کھڑے ہوں، اور

اِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ ۝۳۹ قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا

اِنِّيْ	عَلَيْهِ	لَقَوِيٌّ	اَمِيْنٌ	قَالَ	الَّذِيْ	عِنْدَهٗ	عِلْمٌ	مِّنَ	الْكِتٰبِ	اَنَا
بیشک میں	اس پر	البتہ قوت والا	امانت دار	کہا	اس نے جو	اس کے پاس	علم	اسے تھا	کتاب	میں

میں بیشک اس پر البتہ قوت والا، امانت دار ہوں۔ اس شخص نے کہا جس کے پاس کتاب (الٰہی) کا علم تھا، میں

اٰتِیْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْكَ طَرْفُكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ

اٰتِیْكَ بِهٖ	قَبْلَ	اَنْ	یَّرْتَدَّ	اِلَیْكَ	طَرْفُكَ	فَلَمَّا رَاٰهُ	مُسْتَقِرًّا	عِنْدَهٗ
میں اسکو تمہارے پاس لے آؤں گا	قبل	کہ پھر آئے		تمہاری طرف	تمہاری نگاہ (پلک جھپکے)	پس جب سلیمانؑ نے اسے دیکھا	رکھا ہوا	اپنے پاس

اس کو تمہارے پاس اس سے قبل لے آؤں گا کہ تمہاری آنکھ پلک جھپکے، پس جب سلیمانؑ نے (اچانک) اسے اپنے پاس رکھا ہوا دیکھا

قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّیْ ۫ لِیَبْلُوَنِیْۤ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ؕ وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا

قَالَ	هٰذَا	مِنْ	فَضْلِ رَبِّیْ	لِیَبْلُوَنِیْ	ءَاَشْكُرُ	اَمْ اَكْفُرُ	وَمَنْ	شَكَرَ	فَاِنَّمَا
اس نے کہا	یہ	سے	میرے رب کا فضل	تاکہ مجھے آزمائے	آیا میں شکر کرتا ہوں	یا ناشکری کرتا ہوں	اور جس	شکر کیا	تو پس وہ

تو اس نے کہا یہ میرے رب کے فضل سے ہے، تاکہ وہ مجھے آزمائے آیا میں شکر کرتا ہوں یا ناشکری کرتا ہوں؟ اور جس نے شکر کیا تو پس وہ

یَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّیْ غَنِیٌّ كَرِیْمٌ ﴿۴۰﴾ قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا

یَشْكُرُ	لِنَفْسِهٖ	وَمَنْ	كَفَرَ	فَاِنَّ	رَبِّیْ	غَنِیٌّ	كَرِیْمٌ	قَالَ	نَكِّرُوْا	لَهَا	عَرْشَهَا
شکر کرتا ہے	اپنی ذات کے لئے	اور جس	ناشکری کی	تو بیشک	میرا رب	بے نیاز	کرم کرنیوالا	اس نے کہا	وضع بدل دو	اس کے لئے	اس کا تخت

اپنی ذات کے لئے شکر کرتا ہے اور جس نے ناشکری کی تو بیشک میرا رب بے نیاز، کرم کرنیوالا ہے۔ اس نے کہا اس (ملکہ کے امتحان کے لئے) اس کے تخت کی وضع بدل دو

نَنْظُرْ اَتَهْتَدِیْۤ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِیْنَ لَا یَهْتَدُوْنَ ﴿۴۱﴾ فَلَمَّا جَآءَتْ قِیْلَ

نَنْظُرْ	اَتَهْتَدِیْ	اَمْ	تَكُوْنُ	مِنَ	الَّذِیْنَ	لَا یَهْتَدُوْنَ	فَلَمَّا	جَآءَتْ	قِیْلَ
ہم دیکھیں	آیا وہ راہ پاتی (سمجھ جاتی) ہے	یا ہوتی ہے		سے	جو لوگ	راہ نہیں پاتے (نہیں سمجھتے)	پس جب	وہ آئی	کہا گیا

ہم دیکھیں کہ آیا وہ سمجھ جاتی ہے یا ان لوگوں میں سے ہوتی ہے جو نہیں سمجھتے۔ پس جب وہ آئی (اس سے) کہا گیا

اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ؕ قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَاُوْتِیْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا

اَهٰكَذَا	عَرْشُكِ	قَالَتْ	كَاَنَّهٗ	هُوَ	وَاُوْتِیْنَا	الْعِلْمَ	مِنْ قَبْلِهَا	وَكُنَّا
کیا ایسا ہی ہے	تیرا تخت	وہ بولی	گویا کہ یہ	وہی	اور ہمیں دیا گیا	علم	اس سے قبل	اور ہم ہیں

کیا تیرا تخت ایسا ہی ہے؟ وہ بولی گویا کہ یہ وہی ہے اور ہمیں اس سے قبل ہی علم دیا گیا (علم ہو گیا تھا) اور ہم ہیں

مُسْلِمِیْنَ ﴿۴۲﴾ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهَا كَانَتْ

مُسْلِمِیْنَ	وَصَدَّهَا	مَا	كَانَتْ تَّعْبُدُ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اِنَّهَا	كَانَتْ
مسلمان - فرمانبردار	اور اس نے اس کو روکا	جو	وہ پرستش کرتی تھی	اللہ کے سوا	بیشک وہ	تھی

مسلمان (فرماں بردار)۔ اور سلیمانؑ نے اس کو اس سے روکا جس کی وہ اللہ کے سوا پرستش کرتی تھی بیشک وہ

مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۴۳﴾ قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً

لُجَّةً	حَسِبَتْهُ	رَاَتْهُ	فَلَمَّا	الصَّرْحَ	ادْخُلِي	لَهَا	قِيْلَ	كٰفِرِيْنَ	مِنْ قَوْمٍ
گہرا پانی	اسے سمجھا	اس نے اسکو دیکھا	پس جب	محل	تو داخل ہو	اس سے	کہا گیا	کافروں	قوم سے

کافروں کی قوم سے تھی ۔ اس سے کہا گیا کہ محل میں داخل ہو جب اس (ملکہ) نے اس (کے فرش) کو دیکھا تو اسے گہرا پانی سمجھا

وَّكَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا ۭ قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ ۥ قَالَتْ

قَالَتْ	قَوَارِيْرَ	مِنْ	مُمَرَّدٌ	صَرْحٌ	اِنَّهٗ	قَالَ	سَاقَيْهَا	عَنْ	وَكَشَفَتْ
وہ بولی	شیشے (جمع)	سے	جڑا ہوا	محل	بیشک یہ	اس نے کہا	اپنی پنڈلیاں	سے	اور کھول دیں

اور (پائنچے اٹھا کر)، اپنی پنڈلیاں کھول دیں ۔ ... نے کہا بیشک یہ شیشوں سے جڑا ہوا محل ہے ۔ وہ بولی ۳

رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَ ع ۱۴

وَ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	لِلّٰهِ	سُلَيْمٰنَ	مَعَ	وَاَسْلَمْتُ	نَفْسِيْ	اِنِّيْ ظَلَمْتُ	رَبِّ
اور	تمام جہانوں کا رب	اللہ کے لئے	سلیمانؑ	ساتھ	اور میں ایمان لائی	اپنی جان	بیشک میں نے ظلم کیا	اے میرے رب

۱۸

اے میرے رب ! بیشک میں نے اپنی جان پر ظلم کیا اور (اب) میں سلیمانؑ کے ساتھ (سلیمانؑ کے طریقے پر)، تمام جہانوں کے رب اللہ پر ایمان لائی ۔ اور

لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ فَرِيْقٰنِ

فَرِيْقٰنِ	هُمْ	فَاِذَا	اعْبُدُوا اللّٰهَ	اَنِ	صٰلِحًا	اَخَاهُمْ	ثَمُوْدَ	اِلٰى	لَقَدْ اَرْسَلْنَا
دو فریق ہو گئے	وہ	پس ناگہاں	اللہ کی عبادت کرو	کہ	صالحؑ	ان کے بھائی	ثمود	طرف	تحقیق ہم نے بھیجا

تحقیق ہم نے (قوم) ثمود کی طرف ان کے بھائی صالحؑ کو بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو پس ناگہاں وہ دو فریق ہو گئے

يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۵﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ

الْحَسَنَةِ	قَبْلَ	بِالسَّيِّئَةِ	تَسْتَعْجِلُوْنَ	لِمَ	يٰقَوْمِ	قَالَ	يَخْتَصِمُوْنَ
بھلائی	پہلے	برائی کے لئے	تم جلدی کرتے ہو	کیوں	اے میری قوم	اس نے کہا	باہم جھگڑنے لگے

باہم جھگڑنے لگے ۔ اس نے کہا، اے میری قوم ! تم بھلائی سے پہلے برائی کے لئے کیوں جلدی کرتے ہو ؟

لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ۭ

مَّعَكَ	وَبِمَنْ	بِكَ	اطَّيَّرْنَا	قَالُوا	تُرْحَمُوْنَ	لَعَلَّكُمْ	اللّٰهَ	لَا تَسْتَغْفِرُوْنَ	لَوْ
تیرے ساتھ (ساتھی)	اور وہ جو	تجھ سے	برا شگون	وہ بولے	تم پر رحم کیا جائے	تاکہ تم	اللہ	تم بخشش نہیں مانگتے	کیوں

تم اللہ سے بخشش کیوں نہیں مانگتے ؟ تاکہ تم پر رحم کیا جائے ۔ وہ بولے ہم نے تجھ سے اور تیرے ساتھیوں سے برا شگون لیا ہے

قَالَ طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ

قَالَ	طٰٓئِرُكُمْ	عِنْدَ اللّٰهِ	بَلْ	اَنْتُمْ	قَوْمٌ	تُفْتَنُوْنَ	وَكَانَ	فِي الْمَدِيْنَةِ
اس نے کہا	تمہاری بدشگونی	اللہ کے پاس	بلکہ	تم	ایک قوم	آزمائے جاتے ہو	اور تھے	شہر میں

اس نے کہا تمہاری بدشگونی اللہ کے پاس (اللہ کی طرف سے) ہے، بلکہ تم ایک قوم ہو (جو) آزمائے جاتے ہو۔ اور شہر میں تھے

تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿۴۸﴾ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ

تِسْعَةُ	رَهْطٍ	يُّفْسِدُوْنَ	فِي الْاَرْضِ	وَ	لَا يُصْلِحُوْنَ	قَالُوْا	تَقَاسَمُوْا	بِاللّٰهِ
نو	شخص	وہ فساد کرتے تھے	زمین (ملک) میں	اور	اصلاح نہیں کرتے تھے	وہ کہنے لگے	تم باہم قسم کھاؤ	اللہ کی

نو شخص وہ ملک میں فساد کرتے تھے، اور اصلاح نہ کرتے تھے۔ وہ کہنے لگے باہم اللہ کی قسم کھاؤ

لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا

لَنُبَيِّتَنَّهٗ	وَاَهْلَهٗ	ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ	لِوَلِيِّهٖ	مَا شَهِدْنَا	مَهْلِكَ	اَهْلِهٖ	وَاِنَّا
البتہ ہم ضرور شبخون ماریں گے اس پر	اور اس کے گھر والے	پھر ضرور ہم کہدیں گے	اسکے وارثوں سے	ہم موجود نہ تھے	ہلاکت کے وقت	اسکے گھر والے	اور بیشک ہم

البتہ ہم ضرور اس پر اور اس کے گھر والوں پر شبخون ماریں گے۔ اور پھر اسکے وارثوں کو کہدیں گے، ہم اسکے گھر والوں کی ہلاکت کے وقت موجود نہ تھے، اور بیشک

لَصٰدِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۰﴾ فَانْظُرْ

لَصٰدِقُوْنَ	وَمَكَرُوْا	مَكْرًا	وَمَكَرْنَا	مَكْرًا	وَهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ	فَانْظُرْ
البتہ سچے ہیں	اور انہوں نے مکر کیا	ایک تدبیر	اور ہم نے خفیہ تدبیر کی	ایک تدبیر	اور وہ	نہ جانتے تھے	پس دیکھو

ہم البتہ سچے ہیں۔ اور انہوں نے ایک مکر کیا اور (ہم نے بھی) ایک خفیہ تدبیر کی اور وہ نہ جانتے تھے (بے خبر تھے)۔ پس دیکھو

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۱﴾ فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ

كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	مَكْرِهِمْ	اَنَّا	دَمَّرْنٰهُمْ	وَقَوْمَهُمْ	اَجْمَعِيْنَ	فَتِلْكَ	بُيُوْتُهُمْ
کیسا	ہوا	انجام	ان کا مکر	کہ ہم	ہم نے ہلاک کر دیا انہیں	اور ان کی قوم	سب کو	اب یہ	ان کے گھر

ان کے مکر کا انجام کیسا ہوا! کہ ہم نے انہیں اور ان کی قوم سب کو ہلاک کر ڈالا۔ اب یہ ان کے گھر ہیں،

خَاوِيَةً بِمَا ظَلَمُوْا اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ

خَاوِيَةً	بِمَا ظَلَمُوْا	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ	وَاَنْجَيْنَا	الَّذِيْنَ
گرے پڑے	ان کے ظلم کے سبب	بیشک	اس میں	البتہ نشانی	لوگوں کے لئے جو جانتے ہیں	اور ہم نے نجات دی	وہ لوگ جو

گرے پڑے، ان کے ظلم کے سبب، بیشک اس میں ان لوگوں کے لئے نشانی ہے جو جانتے ہیں۔ اور ہم نے ان لوگوں کو نجات دی

ءَامَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ۝٥٣ وَلُوطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِۦٓ أَتَأْتُونَ ٱلْفَٰحِشَةَ وَأَنتُمْ

ءَامَنُوا	وَكَانُوا يَتَّقُونَ	وَلُوطًا	إِذْ قَالَ	لِقَوْمِهِۦٓ	أَتَأْتُونَ	ٱلْفَٰحِشَةَ	وَأَنتُمْ
وہ ایمان لائے	اور وہ پرہیزگاری کرتے تھے	اور لوطؑ	جب اس نے کہا	اپنی قوم سے	کیا تم آ گئے (اتر آئے) ہو	بے حیائی	اور تم

جو ایمان لائے اور وہ پرہیزگاری کرتے تھے۔ اور (یاد کرو) جب لوطؑ نے اپنی قوم سے کہا کیا تم بے حیائی پر اُتر آئے ہو؟ اور

تُبْصِرُونَ ۝٥٤ أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ ٱلرِّجَالَ شَهْوَةً مِّن دُونِ ٱلنِّسَآءِ ۚ بَلْ أَنتُمْ

تُبْصِرُونَ	أَئِنَّكُمْ	لَتَأْتُونَ	ٱلرِّجَالَ	شَهْوَةً	مِّن	دُونِ ٱلنِّسَآءِ	بَلْ	أَنتُمْ
دیکھتے ہو	کیا تم	آتے ہو	مردوں کے پاس	شہوت رانی کے لئے	عورتوں کے سوا (عورتوں کو چھوڑ کر)		بلکہ	تم

تم دیکھتے ہو۔ کیا تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں کے پاس شہوت رانی کے لئے آتے ہو؟ بلکہ تم

قَوْمٌ تَجْهَلُونَ ۝٥٥ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِۦٓ إِلَّآ أَن قَالُوٓا أَخْرِجُوٓا ءَالَ لُوطٍ

قَوْمٌ	تَجْهَلُونَ	فَمَا	كَانَ	جَوَابَ	قَوْمِهِۦٓ	إِلَّآ أَن	قَالُوٓا	أَخْرِجُوٓا	ءَالَ لُوطٍ
لوگ	جہالت کرتے ہو	پس نہ	تھا	جواب	اس کی قوم	مگر صرف یہ کہ	انہوں نے کہا	نکال دو	لوط کے لوگ

لوگ جہالت کرتے ہو۔ پس اس کی قوم کا جواب صرف یہ تھا کہ لوطؑ کے لوگوں کو نکال دو

مِّن قَرْيَتِكُمْ ۖ إِنَّهُمْ أُنَاسٌ يَتَطَهَّرُونَ ۝٥٦ فَأَنجَيْنَٰهُ وَأَهْلَهُۥٓ إِلَّا ٱمْرَأَتَهُۥ

مِّن	قَرْيَتِكُمْ	إِنَّهُمْ	أُنَاسٌ	يَتَطَهَّرُونَ	فَأَنجَيْنَٰهُ	وَأَهْلَهُۥٓ	إِلَّا	ٱمْرَأَتَهُۥ
سے	اپنا شہر	بیشک وہ	لوگ	پاکیزگی پسند کرتے ہیں	سو ہم نے انہیں بچا لیا	اور اس کے گھر والے	سوائے	اس کی بیوی

اپنے شہر سے، بیشک یہ لوگ پاکیزگی پسند ہیں۔ سو ہم نے اس کی بیوی کے سوائے اور اس کے گھر والوں کو بچا لیا

قَدَّرْنَٰهَا مِنَ ٱلْغَٰبِرِينَ ۝٥٧ وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِم مَّطَرًا ۖ فَسَآءَ مَطَرُ ٱلْمُنذَرِينَ ۝٥٨ ۴ ع ۱۴ ۱۹

قَدَّرْنَٰهَا	مِنَ	ٱلْغَٰبِرِينَ	وَأَمْطَرْنَا	عَلَيْهِم	مَّطَرًا	فَسَآءَ	مَطَرُ	ٱلْمُنذَرِينَ
ہم نے اسے ٹھہرا دیا تھا	سے	پیچھے رہ جانے والے	اور ہم نے برسائی	ان پر	ایک بارش	سو کیا ہی بُرا	بارش	ڈرائے گئے

اسے ہم نے پیچھے رہ جانے والوں میں سے ٹھہرا دیا تھا۔ اور ہم نے ان پر ایک بارش برسائی، سو کیا ہی بُری بارش ڈرائے گئے لوگوں پر

قُلِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ وَسَلَٰمٌ عَلَىٰ عِبَادِهِ ٱلَّذِينَ ٱصْطَفَىٰٓ ۗ ءَآللَّهُ خَيْرٌ أَمَّا يُشْرِكُونَ ۝٥٩

قُلِ	ٱلْحَمْدُ	لِلَّهِ	وَسَلَٰمٌ	عَلَىٰ	عِبَادِهِ	ٱلَّذِينَ	ٱصْطَفَىٰٓ	ءَآللَّهُ	خَيْرٌ	أَمَّا	يُشْرِكُونَ
فرما دیں	تمام تعریفیں اللہ کے لئے		اور سلام	اس کے بندوں پر		وہ جنہیں	چُن لیا	کیا اللہ	بہتر	یا جو	وہ شریک ٹھہراتے ہیں

آپ فرما دیں تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور اس کے بندوں پر سلام ہو جنہیں اس نے چُن لیا۔ کیا اللہ بہتر ہے؟ یا وہ جنہیں وہ شریک ٹھہراتے ہیں؟

أَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَأَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ

أَمَّنْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضَ	وَأَنْزَلَ	لَكُمْ	مِّنَ	السَّمَآءِ	مَآءً
بھلاکون ؟	پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	اور اتارا	تمہارے لئے	سے	آسمان	پانی

بھلاکون ہے ؟ جس نے آسمانوں کواور زمین کو پیدا کیا، اور تمہارے لئے آسمان سے پانی اتارا،

فَأَنْبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ أَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ۗ

فَأَنْبَتْنَا	بِهٖ	حَدَآئِقَ	ذَاتَ بَهْجَةٍ	مَا كَانَ	لَكُمْ	أَنْ تُنْۢبِتُوْا	شَجَرَهَا
پس اگائے ہم نے	اس سے	باغ (جمع)	بارونق	نہ تھا	تمہارے لئے	کہ تم اگاؤ	ان کے درخت

پھر ہم نے اس سے بارونق باغ اگائے، تمہارے لئے (ممکن) نہ تھا کہ تم ان کے درخت اگا سکو،

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۭ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ۝۶۰ أَمَّنْ جَعَلَ الْأَرْضَ قَرَارًا

ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ	بَلْ	هُمْ	قَوْمٌ	يَّعْدِلُوْنَ	أَمَّنْ	جَعَلَ	الْأَرْضَ	قَرَارًا
کیاکوئی معبود	اللہ کے ساتھ	بلکہ	وہ	لوگ	کج روی کرتے ہیں	بھلاکون کس	بنایا	زمین	قرار گاہ

کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور) معبود ہے ؟ بلکہ وہ لوگ کج روی کرتے ہیں، بھلاکون ہے ؟ جس نے زمین کو قرار گاہ بنایا،

وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ أَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ۭ

وَّجَعَلَ	خِلٰلَهَآ	أَنْهٰرًا	وَّجَعَلَ	لَهَا	رَوَاسِيَ	وَجَعَلَ	بَيْنَ	الْبَحْرَيْنِ	حَاجِزًا
اور (جاری) کیا	اس کے درمیان	ندی نالے	اور (پیدا) کئے	اس کے لئے	پہاڑ (جمع)	اور بنایا	درمیان	دو دریا	آڑ (حدِ فاصل)

اور اس کے درمیان ندی نالے (جاری کئے) اور اس کے لئے پہاڑ پیدا کئے، اور دو دریاؤں کے درمیان حدِ فاصل بنائی،

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۭ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۶۱ أَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا

ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ	بَلْ	أَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	أَمَّنْ	يُّجِيْبُ	الْمُضْطَرَّ	إِذَا
کیاکوئی معبود	اللہ کے ساتھ	بلکہ	ان کے اکثر	نہیں جانتے	بھلاکون	قبول کرتا ہے	بیقرار	جب

کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور) معبود ہے ؟ بلکہ ان کے اکثر نہیں جانتے۔ بھلاکون ہے ؟ جو بیقرار (کی دعا) قبول کرتا ہے جب

دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْأَرْضِ ۭ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۭ

دَعَاهُ	وَيَكْشِفُ	السُّوْٓءَ	وَيَجْعَلُكُمْ	خُلَفَآءَ	الْأَرْضِ	ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ
وہ اسے پکارتا ہے	اور دور کرتا ہے	برائی	اور تمہیں بناتا ہے	نائب (جمع)	زمین	کیاکوئی معبود	اللہ کے ساتھ

وہ اسے پکارتا ہے اور برائی دور کرتا ہے اور تمہیں زمین میں نائب بناتا ہے، کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے ؟

قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ ﴿٦٢﴾ أَمَّنْ يَهْدِيكُمْ فِي ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَ

قَلِيلًا	مَّا	تَذَكَّرُونَ	أَمَّنْ	يَهْدِيكُمْ	فِي ظُلُمٰتِ	الْبَرِّ	وَالْبَحْرِ	وَ
تھوڑے	جو	نصیحت پکڑتے ہیں	بھلا کون	تمہیں راہ دکھاتا ہے	اندھیروں میں	خشکی	اور دریا	اور

تھوڑے ہیں جو نصیحت پکڑتے ہیں۔ بھلا کون ہے جو خشکی (جنگل) اور دریا کے اندھیروں میں تمہیں راہ دکھاتا ہے؟ اور

مَنْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۗ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۚ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا

مَنْ	يُرْسِلُ	الرِّيٰحَ	بُشْرًا	بَيْنَ يَدَيْ	رَحْمَتِهٖ	ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ	تَعٰلَى اللّٰهُ	عَمَّا
کون	چلاتا ہے	ہوائیں	خوشخبری دینے والی	پہلے	اس کی رحمت	کیا کوئی معبود	اللہ کے ساتھ	برتر ہے اللہ	اس سے جو

کون ہے جو اس کی رحمت (بارش) سے پہلے خوشخبری دینے والی ہوائیں چلاتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور) معبود ہے؟ اللہ برتر ہے اس سے جو

يُشْرِكُونَ ﴿٦٣﴾ أَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ

يُشْرِكُونَ	أَمَّنْ	يَّبْدَؤُا	الْخَلْقَ	ثُمَّ يُعِيدُهٗ	وَمَنْ	يَّرْزُقُكُمْ	مِّنَ السَّمَآءِ
وہ شریک ٹھہراتے ہیں	بھلا کون	پہلی بار پیدا کرتا ہے	مخلوق	پھر وہ اسے دوبارہ (زندہ) کریگا	اور کون	تمہیں رزق دیتا ہے	آسمانوں سے

وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔ بھلا کون ہے جو مخلوق کو پہلی بار پیدا کرتا ہے؟ پھر وہ اسے دوبارہ زندہ کرے گا، اور کون ہے جو تمہیں رزق دیتا ہے؟ آسمانوں

وَالْأَرْضِ ۗ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۚ قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِينَ ﴿٦٤﴾

وَالْأَرْضِ	ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ	قُلْ	هَاتُوا	بُرْهَانَكُمْ	إِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِينَ
اور زمین	کیا کوئی معبود	اللہ کے ساتھ	فرمادیں	لے آؤ	اپنی دلیل	اگر	تم ہو	سچے

اور زمین سے، کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور) معبود ہے؟ آپ فرمادیں لے آؤ اپنی دلیل اگر تم سچے ہو۔

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ الْغَيْبَ إِلَّا اللّٰهُ ۚ وَمَا يَشْعُرُونَ

قُلْ	لَّا يَعْلَمُ	مَنْ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضِ	الْغَيْبَ	إِلَّا اللّٰهُ	وَمَا يَشْعُرُونَ
فرمادیں	نہیں جانتا	جو	آسمانوں میں	اور زمین	غیب	سوائے اللہ کے	اور وہ نہیں جانتے

آپ فرمادیں، جو بھی، آسمانوں اور زمین میں ہے، اللہ کے سوا غیب (کی باتیں) نہیں جانتا، اور وہ نہیں جانتے

أَيَّانَ يُبْعَثُونَ ﴿٦٥﴾ بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۚ بَلْ هُمْ فِي شَكٍّ مِّنْهَا ۖ

أَيَّانَ	يُبْعَثُونَ	بَلِ ادّٰرَكَ	عِلْمُهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ	بَلْ	هُمْ	فِي شَكٍّ	مِّنْهَا
کب	وہ اٹھائے جائیں گے	بلکہ تھک کر رہ گیا	ان کا علم	آخرت (کے بارے) میں	بلکہ	وہ	شک میں	اس سے

کہ وہ کب (جی) اٹھائے جائیں گے؟ بلکہ آخرت کے بارہ میں اُن کا علم تھک کر رہ گیا ہے (کچھ بھی نہیں) بلکہ وہ اس سے شک میں ہیں،

۵ ع ۸ ۱

بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ

بَلْ	هُمْ	مِّنْهَا	عَمُوْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا	ءَاِذَا	كُنَّا	تُرٰبًا	وَّاٰبَآؤُنَآ
بلکہ	وہ	اس سے	اندھے	اور کہا	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	کیا جب	ہم ہو جائیں گے	مٹی	اور ہمارے باپ دادا

بلکہ وہ اس سے اندھے ہیں ۔ اور کافروں نے کہا کیا جب ہم اور ہمارے باپ دادا مٹی ہو جائیں گے

اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ﴿٦٧﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ اِنْ

اَئِنَّا	لَمُخْرَجُوْنَ	لَقَدْ وُعِدْنَا	هٰذَا	نَحْنُ	وَ اٰبَآؤُنَا	مِنْ قَبْلُ	اِنْ
کیا ہم	نکالے جائیں گے	تحقیق وعدہ کیا گیا ہم سے	یہ۔یہی	ہم	اور ہمارے باپ دادا	اس سے قبل	نہیں

کیا ہم (قبروں سے) نکالے جائیں گے ؟ تحقیق یہی وعدہ ہم سے اور ہمارے باپ دادا سے اس سے قبل کیا گیا تھا،

هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ

هٰذَآ	اِلَّآ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ	قُلْ	سِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	فَانْظُرُوْا	كَيْفَ
یہ	مگر۔صرف	کہانیاں	اگلے	فرما دیں	چلو پھرو	زمین میں	پھر دیکھو	کیسا

یہ صرف اگلوں کی کہانیاں ہیں ۔ آپ فرما دیں زمین میں چلو پھرو ، پھر دیکھو کیسا

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٦٩﴾ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِيْ ضَيْقٍ

كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُجْرِمِيْنَ	وَ	لَا تَحْزَنْ	عَلَيْهِمْ	وَلَا تَكُنْ	فِيْ ضَيْقٍ
ہوا	انجام	مجرم (جمع)	اور	تم غم نہ کھاؤ	ان پر	اور نہ ہو	تنگی میں

مجرموں کا انجام ہوا ! اور آپ غم نہ کھائیں ، اور دل تنگ نہ ہوں ،

مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٧١﴾

مِّمَّا	يَمْكُرُوْنَ	وَيَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هٰذَا	الْوَعْدُ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ
اس سے جو	وہ مکر کرتے ہیں	اور وہ کہتے ہیں	کب	یہ	وعدہ	اگر	تم ہو	سچے

اس سے جو وہ مکر وفریب کرتے ہیں ۔ اور وہ کہتے ہیں یہ وعدہ کب پورا ہوگا ؟ اگر تم سچے ہو ۔

قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ

قُلْ	عَسٰٓى	اَنْ	يَّكُوْنَ	رَدِفَ	لَكُمْ	بَعْضُ	الَّذِيْ	تَسْتَعْجِلُوْنَ	وَاِنَّ	رَبَّكَ
فرما دیں	شاید	کہ	ہو گیا ہو	قریب	تمہارے	کچھ	وہ جو۔وہ جس	تم جلدی کرتے ہو	اور بیشک	تمہارا رب

آپ فرما دیں شاید وہ (عذاب) تمہارے قریب آگیا ہو جس کی تم جلدی کرتے ہو ۔ اور بیشک تمہارا رب

لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ

لَذُو فَضْلٍ	عَلَى النَّاسِ	وَلٰكِنَّ	أَكْثَرَهُمْ	لَا يَشْكُرُونَ	وَإِنَّ	رَبَّكَ
البتہ فضل والا	لوگوں پر	اور لیکن	ان کے اکثر	شکر نہیں کرتے	اور بیشک	تمہارا رب

البتہ لوگوں پر فضل والا ہے، لیکن ان کے اکثر شکر نہیں کرتے۔ اور بیشک تمہارا رب

لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُورُهُمْ وَمَا يُعْلِنُونَ ﴿٧٤﴾ وَمَا مِنْ غَائِبَةٍ

لَيَعْلَمُ	مَا تُكِنُّ	صُدُورُهُمْ	وَمَا	يُعْلِنُونَ	وَمَا	مِنْ	غَائِبَةٍ
خوب جانتا ہے	جو چھپی ہے	ان کے دل	اور جو	وہ ظاہر کرتے ہیں	اور نہیں	کچھ	پوشیدہ

خوب جانتا ہے جو ان کے دلوں میں چھپی ہے اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔ اور کچھ پوشیدہ نہیں

فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِلَّا فِي كِتٰبٍ مُّبِينٍ ﴿٧٥﴾ إِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ

فِي السَّمَاءِ	وَالْأَرْضِ	إِلَّا	فِي	كِتٰبٍ مُّبِينٍ	إِنَّ	هٰذَا	الْقُرْاٰنَ
آسمان میں	اور زمین	مگر	میں	کتاب روشن	بیشک	یہ	قرآن

زمین و آسمان میں مگر وہ کتاب روشن میں (لکھی ہوئی) ہے۔ بیشک یہ قرآن

يَقُصُّ عَلٰى بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ أَكْثَرَ الَّذِي هُمْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿٧٦﴾ وَإِنَّهُ

يَقُصُّ	عَلٰى بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ	أَكْثَرَ	الَّذِي	هُمْ	فِيهِ	يَخْتَلِفُونَ	وَإِنَّهُ
بیان کرتا ہے	بنی اسرائیل پر	اکثر	وہ جو	وہ	اس میں	اختلاف کرتے ہیں	اور بیشک یہ

بنی اسرائیل پر (بنی اسرائیل کے سامنے) اکثر وہ باتیں بیان کرتا ہے جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔ اور بیشک یہ (قرآن)

لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ﴿٧٧﴾ إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهِ ۚ وَهُوَ

لَهُدًى	وَّرَحْمَةٌ	لِّلْمُؤْمِنِينَ	إِنَّ	رَبَّكَ	يَقْضِي	بَيْنَهُمْ	بِحُكْمِهِ	وَهُوَ
البتہ ہدایت	اور رحمت	ایمان والوں کے لئے	بیشک	تمہارا رب	فیصلہ کرتا ہے	ان کے درمیان	اپنے حکم سے	اور وہ

البتہ ایمان لانے والوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے۔ بیشک تمہارا رب اپنے حکم سے ان کے درمیان فیصلہ کرتا ہے، اور وہ

الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ ﴿٧٨﴾ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۖ إِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِينِ ﴿٧٩﴾ إِنَّكَ

الْعَزِيزُ	الْعَلِيمُ	فَتَوَكَّلْ	عَلَى اللّٰهِ	إِنَّكَ	عَلَى	الْحَقِّ الْمُبِينِ	إِنَّكَ
البتہ غالب	علم والا	پس بھروسہ کرو	اللہ پر	بیشک تم	پر	حق صریح	بیشک تم

البتہ غالب، علم والا ہے۔ پس اللہ پر بھروسہ کرو، بے شک تم صریح حق پر ہو۔ بیشک تم

لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۸۰﴾

لَا تُسْمِعُ	الْمَوْتٰى	وَلَا تُسْمِعُ	الصُّمَّ	الدُّعَآءَ	اِذَا وَلَّوْا	مُدْبِرِيْنَ
تم نہیں سنا سکتے	مُردوں کو	اور تم نہیں سنا سکتے	بہروں کو	پکار	جب وہ مڑ جائیں	پیٹھ پھیر کر

تم مُردوں کو نہیں سنا سکتے نہ بہروں کو (اپنی) پکار سنا سکتے ہو (خصوصاً) جب وہ پیٹھ پھیر کر مڑ جائیں۔

وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِی الْعُمْیِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ یُّؤْمِنُ

وَ	مَآ اَنْتَ	بِهٰدِی	الْعُمْیِ	عَنْ	ضَلٰلَتِهِمْ	اِنْ	تُسْمِعُ	اِلَّا	مَنْ	یُّؤْمِنُ
اور	تم نہیں	ہدایت دینے والے	اندھوں کو	سے	ان کی گمراہی	نہیں	تم سناتے	مگر صرف	جو	ایمان لاتا ہے

اور تم اندھوں کو اُنکی گمراہی سے ہدایت دینے والے نہیں، تم صرف (اس کو) سُنا سکتے ہو جو ایمان لاتا ہے

۶
بِاٰیٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَیْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ

بِاٰیٰتِنَا	فَهُمْ	مُّسْلِمُوْنَ	وَاِذَا	وَقَعَ الْقَوْلُ	عَلَیْهِمْ	اَخْرَجْنَا	لَهُمْ
ہماری آیتوں پر	پس وہ	فرمانبردار	اور جب	واقع (پورا) ہو گا (جلیگا) وعدہ (عذاب)	ان پر	ہم نکالیں گے	ان کے لئے

ہماری آیتوں پر، پس وہ فرماں بردار ہیں۔ اور جب اُن پر وعدہ عذاب پورا ہو جائے گا تو ہم ان کے لئے نکالیں گے

ع ۱۶
دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ ۙ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰیٰتِنَا لَا یُوْقِنُوْنَ ﴿۸۲﴾
۲

دَآبَّةً	مِّنَ الْاَرْضِ	تُكَلِّمُهُمْ	اَنَّ النَّاسَ	كَانُوْا	بِاٰیٰتِنَا	لَا یُوْقِنُوْنَ
ایک جانور	زمین سے	وہ ان سے باتیں کرے گا	کیونکہ لوگ	تھے	ہماری آیات پر	یقین نہ کرتے

زمین سے ایک جانور، وہ اُن سے باتیں کرے گا کیونکہ لوگ ہماری آیتوں پر یقین نہ کرتے تھے۔

وَیَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ یُّكَذِّبُ بِاٰیٰتِنَا فَهُمْ یُوْزَعُوْنَ ﴿۸۳﴾

وَیَوْمَ	نَحْشُرُ	مِنْ	كُلِّ اُمَّةٍ	فَوْجًا	مِّمَّنْ	یُّكَذِّبُ	بِاٰیٰتِنَا	فَهُمْ	یُوْزَعُوْنَ
اور جس دن	ہم جمع کریں گے	سے	ہر امت	ایک گروہ	سے جو	جھٹلاتے تھے	ہماری آیتوں کو	پھر وہ	انکی جماعت بندی کی جائے گی

اور جس دن ہم ہر امت میں سے ایک گروہ جمع کریں گے اُن میں سے جو ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے، پھر ان کی جماعت بندی کی جائے گی۔

حَتّٰٓی اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰیٰتِیْ وَلَمْ تُحِیْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّا ذَا

حَتّٰٓی	اِذَا جَآءُوْ	قَالَ	اَكَذَّبْتُمْ	بِاٰیٰتِیْ	وَ لَمْ تُحِیْطُوْا	بِهَا	عِلْمًا	اَمَّا ذَا
یہانتک	جب وہ آجائیں گے	فرمائے گا	کیا تم نے جھٹلایا	میری آیات کو	حالانکہ احاطہ میں نہیں لائے تھے	ان کو	علم سے	یا ۔ کیا

یہانتک کہ جب آجائیں گے (اللہ تعالیٰ) فرمائے گا کیا تم نے میری آیتوں کو جھٹلایا تھا حالانکہ تم اُن کو (اپنے) احاطہ علم میں بھی نہیں لائے تھے (یا بتلاؤ)

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿٨٥﴾

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	وَوَقَعَ	الْقَوْلُ	عَلَيْهِمْ	بِمَا ظَلَمُوْا	فَهُمْ	لَا يَنْطِقُوْنَ
